★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | منگل 3 رمضان المبارک 1446ھ، 4 مارچ 2025ء، 20 پھاگن 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 129

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

آئی ایم ایف کا رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں چوری روکنے کا مطالبہ

پاکستان اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان پہلے اقتصادی جائزہ پر مذاکرات شروع ہوگئے ہیں اور 7 ارب ڈالر قرض پروگرام کی اگلی قسط کے حصول کے لیے مذاکرات 15 مارچ تک جاری رہیں گے

پراپرٹی کی غلط مالیت ظاہر کرنے والوں کیخلاف کارروائی ہوگی، حکومت کی رئیل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھارٹی فعال کرنے کی یقین دہانی، اپرٹی کی غلط مالیت ظاہر کرنے پر قید اور جرمانے کی سزائیں ہوں گی: ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے آئی ایم ایف کے ساتھ اقتصادی جائزہ مذاکرات شروع ہو گئے ہیں، جس میں بین الاقوامی مالیاتی فنڈ نے پاکستان میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں ٹیکس چوری روکنے کا مطالبہ کر دیا ہے، جس پر پاکستان نے رئیل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھارٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی موجودگی میں چیف منسٹر فری سولر پینل سکیم کی ڈیجیٹل قرعہ اندازی کی جا رہی ہے

پنجاب فری سولر پینل سکیم کا آغاز، وزیراعلیٰ کی انسٹالیشن جلد مکمل کرنیکی ہدایت

وزیراعلیٰ مریم نواز کی فری سولر پینل سکیم میں کامیاب خوش نصیب صارفین کو مبارکباد، انسٹالیشن پراسیس کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے ڈیجیٹل قرعہ اندازی کر کے چیف منسٹر پنجاب فری سولر پینل سکیم کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے مختلف نمبر بتا کر چیف منسٹر فری سولر پینل سکیم کی خودکار ڈیجیٹل قرعہ اندازی کی اور فری سولر پینل سکیم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

سویلینز ٹرائل، اے ٹی سی ملزمان اگلی کی کمانڈنگ افسر کی خواہش درست کر سکتی تھی، جسٹس جمال

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 7 رکنی آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کی

سیکشن 94 کا اطلاق ان پر ہوگا جو آرمی ایکٹ کے تابع ہے، اے ٹی سی کے فیصلے کے بعد ملزمان آرمی ایکٹ کے تابع ہوگئے، جسٹس جمال مندوخیل کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے کیس میں جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے ہیں کہ انسداد دہشتگردی عدالت کے فیصلے کے بعد ملزمان آرمی ایکٹ کے تابع ہوگئے۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 7 رکنی آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کی، جس میں سول سوسائٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

آئی پی پیز چاہیں تو مذاکرات کریں ورنہ ثالثی یا فرانزک آڈٹ کا آپشن موجود ہے، وزیر توانائی

وفاقی وزیر برائے بجلی سردار اویس احمد خان لغاری نے پاور سیکٹر انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ پارٹنرز کے ساتھ پاور سیکٹر ریفارمز اور اس کے آگے بڑھنے کے حوالے سے تفصیلی اجلاس میں شرکت کی

مت اپنے تمام ترقیاتی شراکت داروں کو شامل کرنے کے لیے تمام اقدامات کر رہی ہے اور اس سلسلے میں پالیسی کی تشکیل اور عمل درآمد کے عمل میں ایک جامع انداز اپنایا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بجلی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ آئی پی پیز کے ساتھ گفت وشنید آزاد، منصفانہ اور شفاف ہے۔ جس کے پاس جانے یا ثالثی اور فرانزک آڈٹ کا آپشن ہے۔ وفاقی وزیر برائے بجلی سردار اویس احمد خان لغاری نے پاور سیکٹر انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ پارٹنرز کے ساتھ پاور سیکٹر ریفارمز اور اس کے آگے بڑھنے کے حوالے سے تفصیلی اجلاس میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

جنگلی حیات کی بقاء کیلئے ملکر کام کرنا ہوگا

شہباز شریف

جنگلی حیات کا عالمی دن انسانیت اور فطرت کے درمیان تعلق کی ایک یاد دہانی کے طور پر منایا جاتا ہے، یہ دن ہمیں یہ بھی یاد دلاتا ہے کی ہم غیر معمولی جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داری پر غور کریں

خطرے سے دوچار جنگلی جانوروں کے حوالے سے بین الاقوامی تجارت کے کنونشن پر دستخط کرنے سے جنگلی حیات کی غیر قانونی تجارت کے خلاف قانون سازی کو تقویت ملتی ہے، وزیراعظم کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت بین الاقوامی شراکت داروں کیساتھ ملکر حیاتیاتی تنوع کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی کوششوں کو مضبوط بنا رہی ہے، خطرے سے دوچار جنگلی جانوروں کے حوالے سے بین الاقوامی تجارت کے کنونشن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے پاکستان میں تعینات برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ ملاقات کر رہی ہیں

ایک سالہ کارکردگی، وزیراعظم کی زیر صدارت وفاقی کابینہ اجلاس (آج) ہوگا

اہم اجلاس میں حکومت اور وفاقی وزارتوں کی کارکردگی پر غور کیا جائے گا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس (آج) منگل کو ہوگا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ کے اہم اجلاس میں حکومت کی ایک سالہ کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا۔ اس دوران وزارتوں کی کارکردگی پر بھی غور کیا جائے گا۔ دوسری جانب وزیراعظم اور چیئرمین پی پی بلاول بھٹو کے درمیان طے ملاقات بھی منسوخ ہوگئی ہے۔ ذرائع کا اس حوالے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم شہباز شریف، بلاول بھٹو کی طے شدہ اہم ملاقات مؤخر

بلاول بھٹو زرداری کی اسلام آباد آمد کے بعد نیا شیڈول طے کیا جائے گا: ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کی طے شدہ اہم ملاقات منسوخ ہوگئی۔ رپورٹ کے مطابق ذرائع نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی اسلام آباد آمد کے بعد نیا شیڈول طے کیا جائے گا، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو آج منگل کو اسلام آباد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

عمران خان کو کانوں کی بیماری، ڈاکٹروں کا جیل میں معائنہ

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کے کانوں کے طبی معائنے کے لیے پمز ہسپتال کے ڈاکٹروں کی 4 رکنی ٹیم اڈیالہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: چیئرمین نیب سہیل ناصر ہاؤسنگ سوسائٹیز فراڈ کے متاثرین میں چیک تقسیم کر رہے ہیں

اڑان پاکستان کا مقصد ملک کو ون ٹریلین کی اکانومی بنانا ہے، احسن اقبال

نارووال اسپورٹس سٹی بنانے کے جرم میں مجھے جیل میں ڈال دیا گیا، اب نارووال اسپورٹس سٹی میں ساؤتھ ایشیاء گیمز کے مقابلے ہوں گے

نارووال (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما احسن اقبال نے کہا ہے کہ اڑان پاکستان کا مقصد ہے کہ ملک کو ون ٹریلین کی اکانومی بنایا جائے۔ تقریب سے خطاب کے دوران احسن اقبال نے کہا کہ ملک کو مثبت رویے کی ضرورت ہے، پاکستان بحالی کی طرف جا رہا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد: سعقدی سفیر نواف نواف بن سعید المالکی مشیر وزیراعظم اسحاق ڈار سے ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان سے پارٹی رہنماؤں کی ملاقات نہ کروانے کیخلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی شیڈول کے مطابق جمعرات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

جنید اکبر کی درخواست پر وزارت داخلہ، آئی جی اسلام آباد، نیب اور دیگر سے طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس خادم حسین سومرو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

پنجاب کے طلبہ کے لئے لیپ ٹاپ سکیم کا اعلان کر دیا گیا

پورٹل اوپن ہونے کے چند گھنٹوں میں ہی 34 ہزار سے زائد طلبہ نے رجسٹریشن کرادی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب لیپ ٹاپ سکیم کا اعلان کر دیا گیا۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے لیپ ٹاپ سکیم کے آغاز کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب لیپ ٹاپ اسکیم کے تحت 1,10,000 طلبہ میں جدید ترین لیپ ٹاپ کی تقسیم کیے جائیں گے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

عدالتی حکم کے باوجود بانی سے ملاقات کی اجازت نہیں دی جا رہی، شیخ وقاص اکرم

بانی کو ایسے سیل میں رکھا گیا ہے جہاں دہشتگردوں کو رکھا جاتا ہے، اسلام آباد میں پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) رہنما تحریک انصاف شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے بانی پی ٹی آئی عمران خان کو جیل کے ڈیتھ سیل میں قید تنہائی میں رکھا گیا ہے، عدالتی حکم کے باوجود عمران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

دشمن سوشل میڈیا پر فوج کیخلاف پراپیگنڈا کر رہا ہے، گورنر سندھ

جب سے میں گورنر بنا ہوں ایک دن سکون سے نہیں سویا، میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ دشمن سوشل میڈیا پر افواج کیخلاف پراپیگنڈا کر رہا ہے، پاکستان کو خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں۔ کراچی نمائش (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اور سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی کا پاکستان کیلئے کنگ سلمان کی طرف سے افطاری کیلئے بھیجی گئی کھجوروں کے ساتھ گروپ فوٹو

پختونخوا دہشتگردی اور کرپشن میں سبقت لے رہا ہے، عظمیٰ بخاری

ایک سال میں 365 دن ہوتے ہیں اور کے پی حکومت نے 625 منصوبے ایک سال میں شروع کر دیے؟ مشیر اطلاعات پنجاب

جھوٹ مت بولیں، ایک سال میں 625 دفعہ تو وزیراعلیٰ دفتر تک نہیں آئے تو کیا یہ منصوبے موکلات نے شروع کروا دیئے؟ ردعمل

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا لاقانونیت، دہشتگردی اور کرپشن میں سبقت لے رہا ہے۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے صوبائی وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ایک سال میں 365 دن ہوتے ہیں اور کے پی حکومت نے 625 منصوبے ایک سال میں شروع کر دیے؟ گنڈاپور سرکار کے 625 منصوبے بھی ایک ارب درختوں کی طرح (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

پختونخوا حکومت کی ایک سالہ کارکردگی تمام صوبوں سے بہتر ہے، ترجمان

فارم 45 اور فارم 47 کے وزیراعلیٰ میں یہی فرق ہوتا ہے، علی گنڈاپور عوام کی حقیقی خدمت کر رہے ہیں، بیرسٹر سیف

خیبر پختونخوا حکومت نے مریم نواز کی 150 تصاویر کے مقابلے میں 625 ترقیاتی منصوبوں کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی ہے

پشاور (این این آئی) ترجمان کے پی حکومت نے دعویٰ کیا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایک سال کی کارکردگی دیگر صوبائی حکومتوں پر سبقت لے گئی ہے۔ اپنے بیان میں مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی کارکردگی مریم نواز کی طرح محض تصویری نمائش تک محدود نہیں۔ خیبر پختونخوا حکومت نے مریم نواز کی 150 تصاویر کے مقابلے میں 625 ترقیاتی منصوبوں کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

پی ٹی آئی کے 56 گرفتار کارکنان کی درخواست ضمانت منظور

انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے درخواستوں پر فیصلہ سنایا

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے 56 کارکنوں کی درخواست ضمانت منظور کر لی۔ انسداد دہشت گردی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری جے ڈی سی کی روزگار اسکیم کی تقریب کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

الیکشن کمیشن نے سندھ کے 7 لوکل کونسلز میں ضمنی بلدیاتی انتخابات کا شیڈول جاری کر دیا

کراچی (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے احکامات کی روشنی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

رمضان المبارک شروع ہوتے ہی سبزیوں و پھلوں کے دام بے لگام

ملکوآنہ (این این آئی) رمضان المبارک شروع ہوتے ہی سبزیوں اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

ایرانی صدر کے دست راست جواد ظریف مستعفی ہوگئے

تہران (این این آئی) ایرانی صدر کے مشیر برائے تزویراتی امور محمد جواد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی رومینہ خورشید آئی ایف سی کے گلوبل ڈائریکٹر کو شیلڈ پیش کر رہی ہیں

بازاروں میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کو مانیٹر کیا جا رہا ہے، سلمی بٹ

24 گھنٹوں میں ماڈل بازاروں، سہولت سٹالز سے 5 لاکھ 60 ہزار سے زائد افراد نے خریداری کی

لاہور (این این آئی) معاون خصوصی برائے پرائس کنٹرول سلمی بٹ نے کہا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ماڈل بازاروں اور سہولت سٹالز سے 5 لاکھ 60 ہزار سے زائد افراد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

متحدہ عرب امارات کی اتحاد ریل اور پاکستان ریلویز کے درمیان اہم معاہدہ

یو اے ای کا ریلویز اور انفراسٹرکچر سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے لیے دلچسپی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل (ایس آئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ عبدالحق ثانی سے انکے والد کی شہادت پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں

اٹھ مقام میں شدید برفباری، سیاحوں کی گاڑیاں پھنس گئیں

اٹھ مقام (این این آئی) آزاد کشمیر کی وادی نیلم کی تحصیل اٹھ مقام کی جاگراں ویلی میں شدید برف باری کے باعث (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

کراچی: رمضان المبارک میں بینکوں کے اوقاتِ کار جاری

بینکوں کے پیر تا جمعرات پبلک ڈیلنگ کے اوقات 9 سے 2 بجے تک ہوں گے، اسٹیٹ بینک

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے رمضان المبارک میں بینکنگ کے اوقاتِ کار جاری کر دیے۔ رمضان المبارک میں بینکوں کے پیر تا جمعرات پبلک ڈیلنگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

امریکی جنگ بندی فریم ورک کو اپنا رہے ہیں، اسرائیلی وزیراعظم

وٹ کوف کی تجویز کے تحت پہلے دن آدھے قیدیوں کو رہا کر دیا جائے گا، گفتگو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیل نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایلچی سٹیو وٹکوف کی طرف سے تجویز کردہ جنگ بندی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

ملک کے مختلف علاقوں میں بارش، موسم ایک بار پھر مزید سرد

شدید بارش سے جڑواں شہروں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور راولپنڈی سمیت کئی شہروں میں نشیبی علاقے زیر آب آ گئے

آزاد کشمیر میں شدید برفباری دیکھنے کیلئے آنے والے سیاحوں کی گاڑیاں پھنس گئیں، کئی علاقوں میں مزید بارش کی پیشگوئی

اسلام آباد/ مظفر آباد/ گلگت/ لاہور (این این آئی) آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں بارش اور پہاڑوں پر برف کے باعث موسم ایک بار پھر مزید سرد ہوگیا، شدید بارش سے جڑواں شہروں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور راولپنڈی سمیت کئی شہروں میں نشیبی علاقے زیر آب آگئے، آزاد کشمیر کے علاقے آٹھ مقام میں شدید برفباری دیکھنے کیلئے آنے والے سیاحوں کی گاڑیاں پھنس گئیں۔ تفصیلات کے مطابق آزاد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

لاہور: محکمہ معدنیات اور جیولوجیکل سروے آف پاکستان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے جا رہے ہیں

شہری کو غیر قانونی حراست میں رکھنے کا الزام، اہلکاروں پر مقدمہ کا حکم

کوئی جے آئی ٹی نہیں، ایک بندہ بات سمجھ سکتا ہے تو 3 کی ضرورت نہیں، جسٹس محسن اختر کیانی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی پولیس پر شہری علی محمد کو مبینہ غیر قانونی حراست میں رکھنے کے الزام کے خلاف کیس میں ایس پی سی ٹی ڈی، ایس ایچ او سیکریٹریٹ اور دیگر ملزم پولیس افسران و اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا حکم دے دیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

سعودی ولی عہد کا رمضان کی مبارک باد پیش کرنے والوں کا استقبال

ریاض (این این آئی) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے ریاض کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

ٹروڈو اور شاہ چارلس کینیڈا کے انضمام سے متعلق ٹرمپ کی دھمکی پر بات کریں گے

اوٹاوا (این این آئی) کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو شاہ چارلس سوم سے بطور کینیڈا کے بادشاہ کے ملاقات کریں گے۔ میڈیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

کراچی میں لٹیروں سے طلبہ بھی محفوظ نہیں، موبائل چھیننے کی ویڈیو سامنے آگئی

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں لٹیروں سے اسکول کے بچے بھی محفوظ نہیں رہے، گلی میں کھڑے طلبہ سے موبائل فونز چھیننے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس انوار الحق پنوں رواں ماہ ریٹائر ہو جائینگے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس انوار الحق پنوں مدت ملازمت پوری ہونے پر رواں ماہ ریٹائر ہو جائیں گے۔ جسٹس انوار الحق پنوں 23 اکتوبر 2018 کو جج ہائیکورٹ تعینات ہوئے۔ جسٹس انوار الحق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

1st YEAR MBBS 2025
MEDICAL
3rd March, 2025

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نارووال میڈیکل کالج کی تقریب میں طالبہ کو کیپ پہنا رہے ہیں

26 نومبر کو 3 رینجرز اہلکاروں کی موت کیس میں ملزم کی ضمانت منظور

بادی النظر میں ملزم ہاشم عباسی کے خلاف مزید انکوائری کا کیس ہے، انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے 26 نومبر کو 3 رینجرز اہلکاروں کی موت کیس میں ملزم کی ضمانت منظور کر لی۔ اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابو الحسنات محمد ذوالقرنین نے تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے 26 نومبر کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

لاہور: سمیڈا کے سی ای او سقراط امان رانا برآمدی سٹچنگ یونٹوں کے فروغ کے منصوبوں سے متعلق نجی شعبہ کے سٹیک ہولڈرز کیساتھ منعقدہ مشاورتی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز



سی ٹی او نے ٹریفک وارڈنز کے ہمراہ انارکلی چوک میں روزہ افطار کیا

ٹریفک وارڈنز ڈیوٹی کے ساتھ ساتھ عبادت کا فریضہ بھی نبھا رہے ہیں

لاہور (کرائم رپورٹر) سی ٹی او لاہور ڈاکٹر محمد اطہر وحید نے ٹریفک وارڈنز کے ہمراہ انارکلی چوک میں روزہ افطار کیا، لاہور سی ٹی او ایس پی ہیڈکوارٹرز اور سرکل آفیسر انارکلی نے ٹریفک پولیس افسران کے ساتھ انارکلی چوک میں آج کا روزہ افطار کیسی ٹی او لاہور کی ہدایت پر ڈویژنل اور سرکل افسران کی ٹریفک وارڈنز کے ہمراہ چوکوں میں افطاری ٹریفک وارڈنز ڈیوٹی کے ساتھ ساتھ عبادت کا فریضہ بھی نبھارہے ہیں افطار اور تراویح کے اوقات میں اضافی نفری تعینات کی گئی ہے تاکہ شہریوں کو سہولت فراہم ہو ہمارا مقصد شہریوں کے لئے زیادہ سے زیادہ آسانیاں پیدا کرنا ہے، ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا تمام افسران کو خصوصی ہدایات ہیں کہ وہ فیلڈ ڈیوٹی کے ساتھ روزہ افطار کریں گے رمضان کے دوران ٹریفک پولیس لاہور سڑکوں پر اپنی ڈیوٹی جانفشانی سے سرانجام دیتی رہے گی رمضان کے دوران پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف ایکشن جاری رہے گا اور انکے سرغنہ کو گرفتار کیا جائے گا۔

ایس پی ڈولفن ڈولفن شاہ میر خالد کا مختلف سیکٹرز کا دورہ کیا

ڈولفن سکواڈ آن جاب اہلکاروں کیلئے افطاری کا اہتمام کیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ آن جاب اہلکاروں کیلئے افطاریلا ہور ایس پی ڈولفن ڈولفن شاہ میر خالد کا مختلف سیکٹرز کا دورہ کیا رائیونڈ سیکٹر میں جوانوں کیساتھ وقت گزارا، افطاری کا اہتمام کیا ایس پی ڈولفن نے جوانوں کیساتھ اڈہ پلاٹ پر روزہ افطار کیا ایس پی ڈولفن نے اس موقع پر جوانوں کے مسائل بھی سنے ڈولفن اہلکاروں نے خوشگوار ماحول میں اپنے پروفیشنل مسائل پر تبادلہ خیال کیا روزہ کی حالت میں ڈیوٹی کرنا بھی عین عبادت ہے۔ ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد شہریوں کے جان و مال کی حفاظت، 15 کی کال پر بروقت ریسپانس ڈولفن کا ''موٹو'' ہے ماہ صیام میں زیادہ سے زیادہ شہریوں کو ریسکیو کریں، بے سہارا لوگوں کا سہارا بنیں قلبی سکون و اطمینان کے لیے شہریوں کی دلجوئی کریں، برکتیں سمیٹیں دوران ڈیوٹی مشتبہ افراد، موٹر سائیکل، گاڑیوں پر کڑی نظر رکھیں۔ ان خیالات کا اظہار ایس پی ڈولفن نے کیا۔

تحصیل شالیمار موضع ھربنس نذیر گارڈن میں سینٹرل گورنمنٹ کے رقبے پر قبضہ

ایک تو پہلے ھی تعمیر بنا کر قبضہ کیا گیا اور اب اس کے اوپر ڈبل سٹوری بنا کر پھر قبضہ کیا جا رھا ھے

لاہور (شہباز بھٹی سے) تحصیل شالیمار موضع ھربنس پورہ کے علاقے نذیر گارڈن میں ایک تو پہلے ھی تعمیر بنا کر سینٹرل گورنمنٹ کے رقبے پر قبضہ کیا گیا اب اس کے اوپر ڈبل سٹوری بنا کر پھر قبضہ کیا جا رھا ھے اور پٹواری ھربنس پورہ نے خاموش تماشائی بن کر اسے کھلی چھوٹ دے دی ھے جبکہ یہ رقبہ سینٹرل گورنمنٹ کا ھے اور اس پر کسی بھی قسم کی تعمیر ممنوع قرار دے دی گئی ھے لہذا ڈپٹی کمشنر سید موسیٰ رضا۔ اے ڈی سی آر۔ اسٹنٹ کمشنر ثاقب ترازی صاحب۔ اور پٹواری ھربنس پورہ کو چاھیئے کہ اس تعمیر کے خلاف فوری ایکشن لیتے ھوئے سخت کارروائی کرے

2ND MARCH 2
SUNDAY
Hall A, PC H… Lahore

الرافع فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام اپنا کلینک کے حوالے سے افطار ڈنر کے موقع پر سابق وزیر صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم، پروفیسر ڈاکٹر محمد خالد کے ہمراہ دیگر کا گروپ فوٹو

غریب، بیمار، نادار اور دکھی انسانیت کی خدمت ہی اولین فریضہ ہے: پروفیسر جاوید اکرم

''اپنا کلینک'' میں مریضوں کی عزت نفس کا خیال رکھتے ہوئے مفت علاج معالجہ فراہم کیا جاتا ہے: سابق وزیر صحت

اپنا کلینک کے قیام سے اب تک 3.11 ملین لوگ علاج معالجہ کے حوالے سے مستفید ہو چکے: ڈاکٹر شہلا اکرم

الرافع فاؤنڈیشن کے زیر انتظام ''اپنا کلینک'' کے حوالے سے افطار ڈنر کے موقع پر پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم و ڈاکٹر شہلا اکرم کا خطاب

لاہور (خبرنگار) سابق وزیر صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا ہے کہ غریب، بیمار، نادار اور دکھی انسانیت کی خدمت ہی اولین فریضہ ہے اپنا کلینک چیرٹی کے جذبے سے بنایا گیا ہے تاکہ غریب مریضوں کی دیکھ بھال کو بہتر کیا جائے اپنا کلینک میں مریضوں کی عزت نفس کا خیال رکھتے ہوئے ان کا علاج مفت کیا جاتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے الرافع فاؤنڈیشن کے زیر انتظام ''اپنا کلینک'' کے حوالے سے افطار ڈنر کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ افطار ڈنر میں پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم، ڈاکٹر شہلا اکرم، اخوت کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر امجد ثاقب، وی سی چائلڈ ہیلتھ یونیورسٹی پروفیسر مسعود صادق، پرنسپل پی جی ایم ای وائل جی ایچ پروفیسر ڈاکٹر سردار الفرید ظفر، سابق چیف ایگزیکٹو پنجاب انسٹیٹیوٹ اف کارڈیالوجی پروفیسر ڈاکٹر ندیم حیات ملک، سابق پرنسپل پنز پروفیسر خالد محمود سابق پرنسپل سمز پروفیسر ڈاکٹر امجد، پروفیسر ڈاکٹر افتاب محسن، سابق پرنسپل فاطمہ جناح میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر اکبر چوہدری، چیف ایگزیکٹو پی ایچ ایف ایم سی ڈاکٹر عبدالرزاق، پرنسپل سروسز انسٹیٹیوٹ اف میڈیکل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر زہرہ خانم زہرا خانم، وائی ڈی اے رہنما ڈاکٹر سلمان کاظمی، سابق ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر زاہد پرویز، پروفیسر صداقت، پروفیسر آف میڈیسن ڈاکٹر خالد، فیملی فزیشنز سے ڈاکٹر طارق میاں سمیت سول سوسائٹی اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد نے شرکت کی، سابق وزیر صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ تمام لوگوں کو چاہیے کہ بڑھ چڑھ کر اس کار خیر میں حصہ لیں تاکہ غریب اور بیمار انسانیت کی خدمت کی جا سکے انہوں نے کہا کہ ماہ رمضان نیکیاں کمانے کا مہینہ ہے اور بیمار لوگوں کی خدمت سے بڑھ کر کوئی نیکی نہیں ہو سکتی اور دنیا بھی اسی لیے وجود میں ائی ہے کہ انسان دوسرے انسان کے کام آ سکے ان کا مزید کہنا تھا کہ اپنا کلینک میں بہترین پروفیسر ڈاکٹرز اور سپیشلسٹ غریب مریضوں کی خدمت کر رہے ہیں۔ اس موقع پر ڈاکٹر شہلا اکرم نے بتایا کہ اپنا کلینک کے قیام سے اب تک 3.11 ملین لوگ علاج معالجہ کے حوالے سے مستفید ہو چکے ہیں اور 1787 لوگ اپنے علاج معالجہ کے لیے لاہور کے قریبی دیہاتوں سے کلینک پر آئے ہیں کلینک پر مریضوں کو مفت علاج معالجہ فراہم کیا جا رہا ہے اور اپنا کلینک کو سابق وزیر صحت سمیت دیگر فیملی ممبرز کی جانب سے کروڑ روپے کی ڈونیشن دی گئی ہے جو کہ پراپرٹی اور رقوم کی صورت میں ہے اور اس کار خیر کو انشاء اللہ اسی طرح جاری و ساری رکھا جائے گا۔

Basagine Pen
Bempeget
Legacy meets Convenience
the next moVe

الرافع فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام شرکاء کا گروپ فوٹو جبکہ دوسری جانب پروفیسر ندیم حیات ملک و دیگر موجود ہیں

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

International Women's Day
" Accelerate Action
towards Gender Equity"

کیپشن: لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں عالمی یوم خواتین کے سلسلے میں منعقدہ کانفرنس میں وائس چانسلر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی مہمان خصوصی ذکیہ شاہنواز کو سووینئر پیش کر رہی ہیں

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں عالمی یوم خواتین کے سلسلے میں کانفرنس

مساوی حقوق اور مناسب ماحول دستیاب ہو تو ان کی صلاحیتوں کو جلا بخشی جا سکتی ۔ مقررین

لاہور (خبرنگار) خواتین نے زندگی کے ہر شعبے میں خود کو منوایا ہے۔ مساوی حقوق اور مناسب ماحول دستیاب ہو تو ان کی صلاحیتوں کو جلا بخشی جا سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں منعقدہ کانفرنس میں کیا۔ شعبہ جینڈر سٹڈیز نے کانفرنس کا اہتمام انٹرنیشنل ویمن ڈے کے سلسلے میں کیا جس میں سینئر پارلیمنٹرین ذکیہ شاہنواز مہمان خصوصی تھیں۔ کانفرنس سے وائس چانسلر لاہور کالج فار ویمن ڈاکٹر عظمیٰ قریشی، ماہر قانون پرنسپل لا کالج تنسیم کوثر، ندا عثمان اور انچارج جینڈر سٹڈیز ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر عظمیٰ عاشق خاں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ تعلیمی ادارے حقوق نسواں کو یقینی بنانے کیلئے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ تعلیم سے آگاہی آتی ہے اور آگاہی سے حقوق کا تحفظ شروع ہوتا ہے۔ کانفرنس میں تنظیم ویمن ان لا انیشی ایٹو کی جانب سے تصویری نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں ویمن ایمپاورمنٹ کے تصور کو اجاگر کیا گیا تھا۔

والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کا غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن 26 روز میں داخل

دوکانوں سے باہر آئے ہوئے شیڈ۔ تھڑے۔ سیڑھیوں کو مسمار کر دیا گیا، چند روز میں والٹن کو صاف کر دیا جائیگا: سی ای او سبطین رضا

لاہور (سٹی رپورٹر) ڈی جی ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹ کے حکم پر۔۔ والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کا غیر قانونی تجاوزات کے خلاف۔ آپریشن 26 روز میں داخل متعدد تجاوزات مسمار۔ بتایا گیا ہے کہ ڈی جی ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹ کی ہدایات پر کینٹ کے علاقوں میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن کئی روز سے جاری ہیں جس میں 85 فیصد سے زائد علاقوں کی غیر قانونی تجاوزات کو صاف کر دیا گیا گزشتہ روز سی ای او والٹن کینٹونمنٹ سبطین رضا کی ٹیم نے جس میں۔ ر۔ کرنل فرخ مصطفی سمیت حسن جان۔ آصف شاہ۔ نے اپنی بھاری نفری اور پولیس کے ہمراہ ورکشاپ بازار۔ نشاط کالونی۔ ماڈل کالونی کے وارڈ نمبر 8 میں سبطین رضا کی نگرانی میں آپریشن کیا گیا۔ دوکانوں سے باہر آئے ہوئے شیڈ۔ تھڑے۔ سیڑھیوں کو مسمار کر دیا گیا سی ای او سبطین رضا کا کہنا ہے کہ چند روز میں والٹن کینٹ بورڈ کی گالیاں محلے صاف کر دیے جائے گے۔۔

کلین مشن جاری/ شہر میں بارش/ ڈی سی لاہور کا تفصیلی جائزہ

لاہور: ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کے تحصیل نشتر زون کے مختلف مقامات کے دورے

لاہور (شہباز بھٹی سے) کلین مشن جاری کے حوالے سے شہر میں بارش کے پیش نظر ڈی سی لاہور نے تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کے تحصیل نشتر زون کے مختلف مقامات کے دورے کیے۔ سی او ایم سی ایل شاہد عباس کاٹھیا، اسسٹنٹ کمشنر نشتر ٹاؤن محمد سلیم آسی و دیگر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈی سی لاہور نے فیروز پور روڈ گجومتہ، کاہنہ کاچھا روڈ اور سوئی گیس سوسائٹی کے اطراف کا جائزہ لیا۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے واسا حکام سے سیوریج لائنز سے متعلق ترقیاتی کاموں پر بریفنگ لی۔ ڈی ایم ڈی واسا نے موقع پر ڈی سی لاہور کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سیوریج لائنز پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ شہر بھر میں نشیبی علاقوں کے دورے کریں، آب نکاسی یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ سیوریج نظام کو بہتر کریں تاکہ بارش کے موسم میں شہریوں کو پریشانی یا دقت کا سامنا نہ ہو، ڈی سی لاہور نے کہا کہ کسی بھی مقام پر پانی کھڑا کی شکایت موصول ہونے پر فی الفور کلیئر کروائیں اور واسا ترقیاتی کاموں کی تکمیل جلد از جلد یقینی بنائیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ ایل ڈبلیو ایم سی حکام گندگی کے پوائنٹس کی نشاندہی کریں اور خالی پلاٹوں کی چیکنگ یقینی بنائیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ شہر بھر میں ہونے والی بارش کے پیش نظر گلی، محلوں و سڑک کنارے پانی و گندگی جمع نہ ہونے دی جائے۔ ڈی سی لاہور نے اسسٹنٹ کمشنر نشتر کو ہدایت کی کہ صفائی نظام پر خصوصی فوکس کریں اور کوتاہی نہ برتیں۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ جھگیوں و مویشیوں کے انخلاء کے لئے آپریشنز جاری رکھے جائیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ ایل ڈبلیو ایم سی، واسا اور ضلعی انتظامیہ ملکر بطور ٹیم ورک اپنی ڈیوٹیاں بہترین انداز میں نبھائیں، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر کلین مشن جاری ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق اس ادارے کو کامیاب دیکھنا چاہتے ہیں سلمان رفیق

میاں شہباز شریف کی قیادت میں پنجاب کا پہلا ری ہیب سنٹر مظفر گڑھ میں بنایا گیا تھا

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے آج انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں بی ایس آنرز میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی کے پہلے سمیسٹر کے طلباء و طالبات کی تقریب حلف برداری میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری رشدہ لودھی، ڈین آئی پی ایچ پروفیسر سائرہ افضل، پروفیسر مجید چوہدری، پروفیسر شکیلہ زمان، عالمی ادارہ صحت سے ڈاکٹر زبیر، فیکلٹی ممبران اور حلف اٹھانے والے طلباء و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، پارلیمانی سیکرٹری رشدہ لودھی اور پروفیسر مجید چوہدری نے بی ایس ہونرز میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی کے پہلے سمیسٹر کے طلباء و طالبات سے خدمت انسانیت کا حلف لیا۔ ڈین آئی پی ایچ پروفیسر سائرہ افضل نے حلف سے قبل ادارے کی نمایاں کامیابیوں پر مبنی پریزنٹیشن بھی دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پہلے سمیسٹر کے تمام طلباء و طالبات کو انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں خوش آمدید کہتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق اس ادارے کو کامیاب دیکھنا چاہتے ہیں۔ حکومت پنجاب نے نظام صحت کی بہتری کیلئے نمایاں اقدامات اٹھائے ہیں۔ لاہور میں ایشیاء کے سب سے بڑا نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو جاتا ہے۔ لاہور اور سرگودھا میں نواز شریف انسٹی ٹیوٹس آف کارڈیالوجی کا کریڈٹ بھی مریم نواز شریف کو ہی جاتا ہے۔ مختلف بیماریوں کے تدارک کیلئے آئی پی ایچ سے ریسرچ کے حوالہ سے گذشتہ 15 برسوں سے وابستہ ہوں۔ اس ادارے میں بین الاقوامی فیکلٹی کا آنا انتہائی خوش آئند ہے۔ برطانیہ سے بچوں کی کارڈیک سرجری کرنے آئے سرجنز سے پنجاب کے نظام صحت کی تعریف سن کر خوشی محسوس ہوئی۔ آئی پی ایچ جیسے ادارے پورے پنجاب میں بنانا چاہتے ہیں۔ خطرناک بیماریوں کی روک تھام اور ان کے تدارک کیلئے یہ ادارہ کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میاں شہباز شریف کی قیادت میں پنجاب کا پہلا ری ہیب سنٹر مظفر گڑھ میں بنایا گیا تھا۔ آخر میں صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے مہمانوں کے درمیان یادگاری شیلڈز اور فیکلٹی ممبران کے درمیان لیپ ٹاپس تقسیم کئے۔

لاہور: لیگی رہنما سابق ایم این اے الحاج شیخ روحیل اصغر کا شیخ قاسم کی جانب سے دیئے گئے افطار ڈنر کے موقع پر دیگر کے شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

مصری شاہ کے علاقے میں گھر میں آتشزدگی کے نتیجے میں 3 بچوں سمیت 4 افراد جھلس کر زخمی ہوگئے

لاہور (کرائم رپورٹر) مصری شاہ کے علاقے میں گھر میں آتشزدگی کے نتیجے میں 3 بچوں سمیت 4 افراد جھلس کر زخمی ہو گئے اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیموں نے امدادی کاروائیاں کرتے ہوئے آگ پر قابو پا کر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا تفصیلات کے مطابق مصری شاہ کے علاقے چوک ناخدا نیلم سینما کے قریب گھر میں سلنڈر گیس لیکیج کے باعث آگ بھڑک اٹھی جس نے پورے پورشن کو اپنی لپیٹ میں لے لیا اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر امدادی کاروائی کرتے ہوئے جویریا عمر 7 سال، یسفا عمر 6 سال، یشب عمر 4 ماہ، ثنائ عمر 29 سال کو فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ان کا علاج معالجہ جاری ہے

صنعت و تجارت کے مسائل حل کرنے میں ڈائریکٹوریٹ آف ویلیوایشن کا کردار بہت اہم ہے: لاہور چیمبر

ویلیوایشن کے معاملات لاہور میں ہی حل کیے جائیں تاکہ تاجروں کو کراچی کا سفر نہ کرنا پڑے

لاہور (کامرس رپورٹر) ڈائریکٹوریٹ آف ویلیوایشن کا فعال اور موثر کردار صنعت، کاروبار اور معیشت کو فائدہ پہنچانے، بے شمار چیلنجز کو حل کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ یہ بات لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوزر شاد نے پاکستان کسٹمز کے ڈائریکٹر جنرل ویلیوایشن سید حامد علی کے ساتھ ملاقات کے دوران کہی۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، نائب صدر شاہد نذیر چوہدری اور سابق سینئر نائب صدر علی حسام اصغر نے بھی خطاب کیا۔ ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین عامر سعید میاں، احد امین ملک، عامر علی، احسن شاہد، آصف ملک اور حافظ محمد سجاد بھی اجلاس میں موجود تھے۔ ڈائریکٹر جنرل سید حامد علی نے لاہور چیمبر کے صدر کی اس تجویز سے اتفاق کیا کہ ویلیوایشن کے معاملات لاہور میں ہی حل کیے جائیں تاکہ تاجروں کو کراچی کا سفر نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ویلیوایشن کے عمل کو منصفانہ اور شفاف طریقے سے انجام دیا جائے گا تاکہ اشیاء کی اصل ویلیوایشن طے کی جاسکے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ لاہور آفس کی صلاحیت کو بڑھایا جائے گا تاکہ مقامی تاجروں کو بہتر سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ صدر لاہور چیمبر میاں ابوزر شاد نے کہا کہ ویلیوایشن سے متعلق میٹنگیں روایتی طور پر کراچی میں ہوتی ہیں جس کی وجہ سے لاہور اور دیگر علاقوں کے تاجروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ اگر لاہور سے ویلیوایشن کی دس درخواستیں موصول ہوں تو متعلقہ میٹنگیں لاہور میں منعقد کی جائیں تاکہ کاروباری برادری کے وقت اور مالی وسائل کو بچایا جا سکے۔ انہوں نے یہ بھی تجویز کیا کہ ویلیوایشن ریویو میٹنگیں بھی لاہور میں ہونی چاہئیں تاکہ تاجروں کو سہولت فراہم ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ بعض اوقات درآمدی مال کی قدر ریٹیل قیمتوں پر طے کی جاتی ہے، جو کہ عموماً ہول سیل قیمتوں سے زیادہ ہوتی ہیں۔ درآمد کنندہ عام طور پر مال کو ہول سیلرز کو کم منافع پر فروخت کرتا ہے جبکہ ہول سیلرز اسے ریٹیلرز کو زیادہ منافع پر فراہم کرتے ہیں۔ ریٹیلرز پھر مارکیٹ میں اپنی قیمتیں طے کرتے ہیں۔ چونکہ ریٹیل قیمتیں مختلف مارکیٹس میں مختلف ہوتی ہیں، اس لیے مارکیٹ قیمتوں کو ویلیوایشن کی بنیاد بنانا مناسب نہیں ہے۔ میاں ابوزر شاد نے کہا کہ کسٹم حکام اکثر مارکیٹ انکوائری اور درآمدی ڈیٹا کا استعمال کرتے ہوئے ورک بیک میتھڈ کے ذریعے ویلیوایشن کا تعین کرتے ہیں۔ تاہم، انہوں نے زور دیا کہ انہیں یہ بات مدنظر رکھنی چاہیے کہ بڑی کھیپوں کو کنٹینرز میں بک کیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے درآمدی دستاویزات میں یونٹ قیمتیں کم درج ہوتی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اگر درآمد کنندہ سے معلومات کی ضرورت ہو تو انہیں کم از کم دس دن پہلے مطلع کیا جائے تاکہ وہ مناسب تعمیل کر سکیں۔

سمیڈا کے تحت جاری انڈسٹریل سٹچنگ یونٹس پراجیکٹ کے دوسرے مرحلے کی تیاری شروع

دوسرے مرحلے کو اڑان پاکستان سے ہم آہنگ بنا کر ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات میں اضافہ کیا جائے گا

سمیڈا کے سی ای او سقراط امان رانا برآمدی سٹچنگ یونٹوں کے فروغ کے منصوبے سے متعلق نجی شعبہ کے سٹیک ہولڈرز کے ساتھ منعقدہ مشاورتی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (خبرنگار) سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) نے انڈسٹریل سٹچنگ یونٹوں کے فروغ کے منصوبے کے دوسرے مرحلے کو اڑان پاکستان کے مطابق ڈھالنے کیلئے آج ٹیکسٹائل گارمنٹس مینوفیکچرنگ سیکٹر کے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ایک مشاورتی اجلاس منعقد کیا جس کی صدارت سمیڈا کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سقراط امان رانا نے کی۔ جبکہ اجلاس میں مذکورہ منصوبے کے پہلے مرحلے سے استفادہ کرنے والے نجی کارخانہ داروں کے علاوہ آپٹما، پریگمیا اور پی ایچ ایم اے کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ وزارت صنعت و پیداوار اور وزارت منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات کے نمائندوں نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ سی ای او سمیڈا سقراط امان رانا نے شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہوئے بتایا کہ 1000 انڈسٹریل اسٹیچنگ یونٹس کے نام سے جاری پروجیکٹ کو حکومت نے 2018 میں منظور کیا تھا جس کا مقصد ٹیکسٹائل سیکٹر میں نئے بزنس اسٹارٹ اپس کے ساتھ ساتھ پہلے سے موجود چھوٹے اور درمیانے درجے کے صنعتی یونٹس کی مدد کرنا تھا۔ یہ مدد مشینوں کی خرید کیلئے میچنگ گرانٹس کی صورت میں کی گئی جس میں 60 فیصدی حکومت کا اور 40 فیصدی کارخانہ داروں کا تھا۔ منصوبے کا پہلا مرحلہ، کامیابی کے ساتھ، 30 جون 2025 کو مکمل ہو رہا ہے اور اب سمیڈا، اس منصوبے کے فیز-2 کے لیے PC-1 کی تشکیل میں سرگرم عمل ہے اور نئے پی سی۔ 1 کو اڑان پاکستان کے نام سے برآمدات پر مبنی ترقیاتی پروگرام سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے۔ جس کیلئے نجی شعبہ سے مشاورت کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ فیز-II میں 350 یونٹوں کو گرانٹ فراہم کی جائے گی، جبکہ فیز-1 میں یونٹوں کا ہدف 150 تھا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ منصوبے کے فیز-II کے تحت، فیز-I کے برعکس، 100 فیصدی گرانٹس ایکسپورٹ پر مبنی یونٹس کو دی جائیں گی۔ فیز II کے لیے گرانٹ کا سائز بھی 1.8 ملین سے روپے سے بڑھا کر 5.0 ملین کیا جا رہا ہے جو برآمدی آرڈرز کو نمٹانے کی اہل تقریباً ایسی 50 مشینوں کو سپورٹ کر رہے گا۔

پاکستان انرجی پرائیویٹ لمیٹڈ

ہمارے ہاں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر کیم مارچ 2025 کیلئے کنزیومر پرائس 2924 روپے ہوگی

اس نرخ کا اطلاق پاکستان کے تمام شہروں کیلئے ہے

پاکپتن انرجی پرائیویٹ لمیٹڈ کو ریٹیل نیٹ ورک کے لئے پاکپتن، بنگہ حیات، حویلی لکھا، دیپالپور، حجرہ شاہ مقیم اور عارفوالا میں مالی طور پر پارٹیاں درکار ہیں

ڈسٹری بیوٹرز حضرات سے گزارش ہے کہ کنزیومر پرائس سے تجاوز نہ کریں

پاکپتن پرائیویٹ لمیٹڈ 17 ایس پی دیپالپور روڈ پاکپتن شریف۔

اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ

ہمارے ہاں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر کیم مارچ 2025 کیلئے کنزیومر پرائس 2924 روپے ہوگی

اس نرخ کا اطلاق پاکستان کے تمام شہروں کیلئے ہے

اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ کو ریٹیل نیٹ ورک کیلئے بہاولنگر، چشتیاں، منچن آباد اور عارفوالا میں مالی طور پر پارٹیاں درکار ہیں

ڈسٹری بیوٹرز حضرات سے گزارش ہے کہ کنزیومر پرائس سے تجاوز نہ کریں

اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ مین جی ٹی روڈ 9 کلومیٹر عارفوالا روڈ توگیرہ شریف روڈ بہاولنگر

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت
لاہور

پولیس لائن گوجرانوالہ میں شہداء کی فیملیز کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام

تقریب میں آر پی او طیب حفیظ چیمہ، ایس ایس پی آپریشنز و دیگر سینئر افسران سمیت شہدائے پولیس کی فیملیز کی شرکت

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو/ رانا ظفر اقبال قوت بیورو) گزشتہ روز پولیس لائنز گوجرانوالہ میں شہدائے پولیس کی فیملیز کے اعزاز میں افطار ڈنر اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ، ایس ایس پی آپریشنز رضا تنویر و دیگر سینئر افسران سمیت شہدائے پولیس کی فیملیز نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز یادگار شہدائے پولیس پر سلامی سے ہوا۔ شجرکاری مہم کا باقاعدہ آغاز شہدائے پولیس کی فیملیز سے کروایا گیا اور پولیس لائن گوجرانوالہ میں شہدائے پولیس کے نام پر انکی فیملیز سے پودے لگوائے گئے اور شہداء کے بچوں میں تحائف تقسیم کیے۔ آر پی او اور ایس ایس پی آپریشنز و دیگر سینئر افسران نے بھی شجرکاری مہم کے تحت پودے لگائے۔ بعدازاں آر پی او نے آئی جی پنجاب کے احکامات پر شہدائے پولیس کی فیملیز پولیس میڈلز اور گفٹ بھی تقسیم کیے اس موقع پر آر پی او طیب حفیظ چیمہ نے شہدائے پولیس کی فیملیز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہداء پولیس کے ماتھے کا جھومر ہیں، شہداء کی قربانیوں کے باعث پولیس کا مورال بلند ہوا ہے اور قانون کی بالادستی ہو رہی ہے، شہداء کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے عوام کی جان و مال کی حفاظت اور محکمہ کے وقار کی خاطر شہادت کا مرتبہ حاصل کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریجن پولیس گوجرانوالہ، تمام شہداء اور ان کی فیملیز کو سلام پیش کرتی ہے، کیونکہ آپ اور ہم ایک خاندان کی طرح ہیں اور آپ کو ہر ممکنہ سہولیات فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ مزید برآں آر پی او نے ریجن بھر میں شجرکاری مہم کے تحت پودے لگانے کے احکامات بھی جاری کیے اور کہا کہ پودے نہ صرف ہمیں آکسیجن دیتے ہیں بلکہ ان کی بدولت ہم قدرتی آفات کی شکل میں نقصانات سے بھی بچ سکتے ہیں۔ آخر میں آر پی او، ایس ایس پی آپریشنز و دیگر افسران نے شہدائے پولیس کی فیملیز کے ساتھ افطاری کی اور انکے مسائل بھی دریافت کیے۔۔

وفاقی کابینہ میں شمولیت پر پیرزادہ سید عمران احمد شاہ ولی کا شاندار استقبال

استقبالیہ تقریب میں جوش وخروش کا شاندار مظاہرہ دیکھنے میں آیا

ساہیوال (مہر اے ڈی لیسم پیرا سے) وفاقی کابینہ میں شمولیت پر پیرزادہ سید عمران احمد شاہ ولی کا شاندار استقبال۔ پیرزادہ سید عمران احمد شاہ ولی کے وفاقی کابینہ کا حصہ بننے پر ہر دلعزیز سیاسی وسماجی شخصیت میاں خالد صدیق کامیانہ کی قیادت میں سینکڑوں کارکنان نے ان کا شاندار اور تاریخی استقبال کیا۔ استقبالیہ تقریب میں جوش وخروش کا شاندار مظاہرہ دیکھنے میں آیا جہاں کارکنان نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور پرجوش نعروں سے ماحول گرما دیا۔ اس موقع پر پیرزادہ سید عمران احمد شاہ ولی نے میاں خالد صدیق کامیانہ اور تمام کارکنان کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ''ساہیوال کی تاریخ میں ایسا عظیم الشان استقبال شاید ہی پہلے کبھی ہوا ہو۔ میاں خالد صدیق کامیانہ نے جس محبت اور عزت سے میرا استقبال کیا ہے، میں خود کو ان کا مقروض محسوس کرتا ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوامی خدمت ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ اپنے قائدین و کارکنان کی امیدوں پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ میاں خالد صدیق کامیانہ نے بھی اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پیرزادہ سید عمران احمد شاہ ولی کی قیادت میں علاقہ ترقی و خوشحالی کی نئی راہ پر گامزن ہوگا۔ یہ استقبال ساہیوال کی تاریخ کے یادگار لمحات میں شمار کیا جا رہا ہے، جس میں عوامی جوش و جذبہ دیدنی تھا۔

ماہ صیام کا شایان شان طریقے سے استقبال اور ادب واحترام کرنا چاہیے

جہلم (بیورو رپورٹ) ماہ مقدس رمضان المبارک رحمتوں اور برکتوں کے ساتھ جلوہ افروز ہوچکا ہے اللہ تعالیٰ کے مہمان ماہ صیام کا شایان شان طریقے سے استقبال اور ادب واحترام کرنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار معروف سیاسی مذ×بی وسماجی شخصیت سید شکیل حسین کاظمی نے جہلم پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ امت محمدیہ پر یہ اللہ تعالیٰ کا خاص احسان ہے کہ اسنے اپنی رحمت اور برکت سے توبہ استغفار بخشش کے لئے موقع خاص سے نوازا جس میں اب ی×ہ ہم پر منحصر ہے کہ ہم کس قدر عبادت و ریاضت میں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے فیضیاب ہوتے ہیں قیام اللیل تلاوت قرآن مجید توبہ استغفار اور ذکر واذکار کرکے رضا حق تعالیٰ حاصل کرنے میں کامیاب ہوتے ہیں۔

سبزیاں، پھل اور گوشت مہنگے داموں فروخت ہوتے رہے

مہنگائی اور گراں فروشی سے شہری پریشان ڈپٹی کمشنرز پرائس کنٹرول مجسٹریٹس گراں فروشی روکنے میں بری طرح ناکام

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں رمضان المبارک کے دوسرے روزے کو بھی سبزیاں، پھل اور گوشت مہنگے داموں فروخت ہوتا رہا، مہنگائی اور گراں فروشی سے شہری پریشان ڈپٹی کمشنرز پرائس کنٹرول مجسٹریٹس گراں فروشی روکنے میں بری طرح ناکام۔ سبزیوں میں آلو دوئم 45 کے بجائے 80 روپے فی کلو، پیاز 70 کے بجائے 90 روپے، ٹماٹر 40 کے بجائے 60 روپے لہسن دیسی 600 کے بجائے 800 روپے اور ادرک 370 کے بجائے 600 روپے کلو فروخت ہو رہا ہے۔ شملہ مرچ اور بھنڈی 300 روپے، ٹینڈے 100 روپے اور کریلے 300 روپے فی کلو فروخت ہوتے رہے۔ پھلوں میں سیب 400 روپے کلو، کیلا 250 روپے درجن اور کھجور 9 سو روپے کلو تک فروخت کی جاتی رہی۔ خربوزہ 250 سے 300 روپے فروخت ہو رہا ہے۔ مرغی کا گوشت 650 روپے کا ساڑھے سات سو گرام فروخت ہوتا رہا جبکہ بکرے کا گوشت 16 سو روپے کی بجائے 2 ہزار سے 25 سو روپے گائے کا گوشت 8 سو کی بجائے 1200 روپے فی کلو فروخت ہونے لگا۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے سختی سے گراں فروشی کے خلاف کریک ڈاؤن کا حکم دے رکھا ہے۔

ساختہ مہنگائی کے باعث اشیا شہریوں کی قوت خرید سے باہر ہوگئی

مریدکے (نمائندہ خصوصی) سہولت بازار سمیت بازاروں میں کھجور سبزی فروٹ آٹا دال چینی مٹن چکن بیف کی خود ساختہ مہنگائی کے باعث اشیا شہریوں کی قوت خرید سے باہر ہوگئی ماہ رمضان کی آمد میں انتظامیہ سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کروانے میں ناکام شہریوں کا وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیل کیمطابق مریدکے شہر سمیت تحصیل بھر میں خود ساختہ مہنگائی رمضان کی آمد پر خود ساختہ مہنگائی خورد ونوش اشیا آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں مریدکے بازاروں میں کھجور آٹا دال چینی سبزیاں پھل مٹن چکن بیف سرکاری نرخ ناموں سے زائد وصول کیئے جارہے ہیں۔

والدین بچوں کو حد درجہ سست وکاہل نہ بنائیں: اسماء طاہر

والدین بچوں میں احساس زمہ داری پیدا کریں: پرنسپل ماڈل کیمبرج سکول

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ماڈل ٹاؤن اگوکی اسماء طاہر نے کہا ہے کہ والدین بچوں کو غیر ذمہ دار بنا رہے ہیں جب والدین بچوں کو لنچ باکس تیار کرکے خود دیتے ہیں اور پھر گھر میں بچوں کو پانی تک خود پلاتے ہیں تو بچے سست اور کاہل بن رہے ہیں کل کو یہ بچے اپنے خاندان کا بوجھ کیسے اٹھائے گی اور پھر ان کا اپنی بیویوں سے رویہ ایسا ہی ہوگا کہ وہ صرف حکم چلانے کے عادی ہو جائیں گے اس طرح خاندانوں میں غیر ذمہ داری کا رویہ فروغ پا رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ماڈل کیمبرج سکول سسٹم کے سالانہ تقریب تقسیم انعامات کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا پرنسپل اسماء طاہر نے مزید کہا کہ والدین بچوں سے محبت کا اظہار ضرور کریں لیکن انہیں کاہل اور سست نہ بننے دیں جب ایک بچے کو پتہ ہوگا کہ اس نے اپنے کام کو خوش اسلوبی سے نبھانا ہے تو یقیناوہ اس پر عمل کرے گا۔

50 لاکھ مالیت کا رمضان راشن پیکج غرباء، مساکین اور مستحقین میں تقسیم کیا جارہا ہے

ہم تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ کے پلیٹ فارم سے کروڑوں روپے کے راشن بیگ تقسیم کرچکے ہیں

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ کے پلیٹ فارم سے اس سال 50 لاکھ مالیت کا رمضان راشن پیکج غرباء، مساکین اور مستحقین میں تقسیم کیا جارہے ہیں، 40 سال سے زائد عرصے سے تنظیم خدمت انسانیت کررہی ہیں یہ پودا ہمارے بزرگ میاں محمد معظم چغتائی (مرحوم) نے لگایا سرپرست حاجی عبدالستار مغل کی کاوشیں اور تمام ممبران مجلس شوری کی محنت، خدمت کا کارواں جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار وائس چیئرمین حاجی محمد عطاء اللہ مغل نے تقریب تقسیم راشن بیگ مغل کمپلیکس جھمرہ روڈ پر کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا مغل برادری مل کر جلد مغل کمپلیکس کی تعمیر شروع کردے گی، بیدمرزا محمد منیر ہمایوں نے کہا کہ گزشتہ 16 سالوں سے ہم تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ کے پلیٹ فارم سے کروڑوں روپے کے راشن بیگ تقسیم کرچکے جبکہ روزانہ مغل ویلفیئر ڈسپنسری سے علاج معالجہ ادویات مفت فراہم کررہے ہیں یہی نہیں RO واٹر فلٹریشن پلانٹ سے بہترین صاف پانی پینے کیلئے مہیا کیا جارہا ہے اس کارخیر میں تمام افراد حصہ ڈالیں نائب سرپرست اعلیٰ مرزا محمد اشرف مغل نے کہا کہ تنظیم مغلیہ کا مقصد خدمت اور ہم خدمت خلق کر رہے ہیں 16 سال میں 9 کروڑ کا راشن تقسیم کرنے کیساتھ ہزاروں بچیوں کی شادی، لاکھوں افراد کا علاج معالجہ ادویات فراہم کرچکے ہیں جو کہ جاری رہے گا تقریب میں سرپرست اعلیٰ حاجی محمد دین، سرپرست حاجی غلام نبی، سینئر نائب صدر مرزا عمر غیاث، جنرل سیکرٹری سعید انور بیگ، نائب صدر مرزا محمد اعظم سلیم نائب صدر مرزا محمد رشید، نائب صدر مرزا محمد افضل حنیف، جوائنٹ سیکرٹری مرزا محمد اعظم، فنانس سیکرٹری مرزا محمد افضل، چیئرمین رابطہ کمیٹی مرزا محمد سلیم سیکرٹری نشرواشاعت مرزا رضا اللہ اور مرزا اعجاز احمد بارے والے سمیت دیگر موجود تھے آخر میں سرپرست اعلیٰ حاجی محمد دین نے تنظیم مغلیہ کی خدمت مشن کو سراہتے ہوئے کہا تمام ممبران یکجہتی اتفاق رائے محبت خلوص دل سے خدمت انسانیت کررہے ہیں۔

افطاری کے اوقات میں گیس پریشر انتہائی کم ہونے کے باعث گھریلو خواتین کو افطاری تیار کرنے میں سخت دشواری کا سامنا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور ملحقہ علاقوں میں گزشتہ روز بھی افطاری کے اوقات میں گیس پریشر انتہائی کم ہونے کے باعث گھریلو خواتین کو افطاری تیار کرنے میں سخت دشواری کا سامنا کرنا پڑا ماہ صیام میں بھی صارفین کی مشکلات میں کمی نہ ہوسکی ایک طرف حکومت عوام کو ریلیف دینے کے حوالے سے بلند و بانگ دعوے کرتی دکھائی دیتی ہے ماہ رمضان میں افطاری اور سحری کے وقت گیس لوڈ شیڈنگ نہیں ہوگی تو دوسری طرف پہلے روزے سے ہی حکومتی دعوؤں کی محکمہ سوئی نادرن گیس پائپ لائن نے قلعی کھول کر رکھ دی ہے شہر اور دیگر علاقوں میں گیس پریشر انتہائی کم ہے جسکی وجہ سے خواتین کو امور خانہ داری و افطاری تیار کرنے میں بھی سخت دشواری کا سامنا کرنا پڑا صارفین سوئی گیس نے کہا ہے کہ جہلم سے منتخب ہونے والے ممبران قومی اسمبلی جہلم کے لوگوں سے ووٹ لے کر منتخب ہونے کے بعد اپنی رہائش گاہیں اسلام آباد اور راولپنڈی منتقل کر چکے ہیں اور ضلع جہلم کے عوام منتخب ممبران کی عدم دلچسپی کیوجہ سے مسائل کی دلدل میں دھنسے جارہے ہیں ممبران اسمبلی کو چاہیے کہ ضلع کے عوام کے مسائل کے بارے میں بھی قومی اسمبلی کے اجلاسوں میں آواز بلند کیا کریں ماہ صیام میں افطاری کے وقت گیس پریشر زیرو ہونے کے باعث گھریلو صارفین کے چولے ٹھنڈے پڑ رہے ہیں اگر منتخب ممبران ضلع کے عوام کے مسائل حل کروانے میں ناکام رہے تو آمدہ انتخابات میں اہل امیدواران کا انتخاب کریں گے تاکہ مسائل سے چھٹکارہ حاصل کیا جاسکے۔

انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے انتظامات مکمل کر لئے گئے: کمشنر گوجرانوالہ

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/ چیئرمین تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ کے زیراہتمام 4 مارچ سے شروع ہونے والے امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفیکیٹ فرسٹ اینول 2025ء کے انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ 1760 امتحانی مراکز پر تقریبا 5 لاکھ سے زائد طلباء وطالبات شامل امتحان ہوں گے۔ یہ بات انہوں نے ایک پریس بریفنگ میں بتائی۔ انہوں نے کہا کہ حقداران کو ان کا جائز حق دلانے کے لئے امتحانات صاف اور شفاف ماحول میں انعقاد کئے جائیں گے اور امتحانی مراکز کی سخت ترین نگرانی کی جائے گی۔ بوٹی مافیا کے قلع قمع کے لئے تحصیل لیول پر ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ امتحانی مراکز کے ارد گرد ہر قسم کی نقل وحرکت کو کنٹرول کرنے کیلئے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو سیکشن 144 کے نفاذ کے لیے کہہ دیا گیا ہے۔ تمام امتحانی مراکز پر پولیس کی تعیناتی کیلئے ریجنل پولیس آفیسر، گوجرانوالہ ریجن اور ضلع گوجرانوالہ کے سٹی پولیس آفیسر اور باقی پانچ اضلاع کے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرز کو کہہ دیا گیا ہے۔

سول ڈیفنس کی خدمات گرانقدر ہیں: اے ڈی سی جی سیالکوٹ

تنظیم شہری دفاع نے ہمیشہ تندہی سے ڈیوٹی کی، چیف وارڈن طاہر مجید کپور، صنعتی وتعلیمی اداروں میں فرضی حفاظتی مشقیں کرا رہے ہیں، سی ڈی او عبداللہ شاکر، شہریوں کی حفاظت مقدم ہے، حافظ زکریا اقبال

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) سول ڈیفنس ڈے کے موقع پر سول ڈیفنس سیالکوٹ کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد زیر قیادت چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ محمد ایوب بخاری نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ عالمی سول ڈیفنس ڈے کے پروقار پروگرام کی میزبانی ڈپٹی چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کینٹ ملک وحید نے کی۔ پروقار سیمینار کے آرگنائزر سی ڈی او عبداللہ شاکر، اسپیکنگ آفیسر حافظ زکریا اقبال، ڈویژن وارڈن 1 کمانڈ محمد اسلام میر و ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ تھے۔ گورنمنٹ علامہ اقبال سکول کینٹ کے ایڈیٹوریم میں چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد ایوب بخاری کا ملک وحید کے ہمراہ استقبال کیا۔ کمانڈر محمد اسلام میر نے بطور سٹیج سیکرٹری فرائض سرانجام دیئے۔ ہر دلعزیز چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مجھے یہ بتاتے ہوئے انتہائی مسرت ہورہی ہے کہ تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ بہترین عملی ڈیوٹی پرفارمنس کیوجہ سے پنجاب کے ٹاپ 5 شہروں میں آرہی ہے جس کا کریڈٹ میرے تمام والنٹیئرز کو جاتا ہے جنہوں نے باقاعدہ ڈیوٹی روسٹر و ایمرجنسی ڈیوٹی محض گھنٹہ کے نوٹس پر اپنی باوردی شرکت یقینی بنائی علاوہ ازیں ضلع سیالکوٹ بھر میں جاری انکروچمنٹ آپریشن کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریوینیو سیالکوٹ کے ہمراہ ایمرجنسی آفیسر ڈپٹی گروپ وارڈن خواجہ عامر جاوید کی زیرنگرانی سول ڈیفنس سیالکوٹ کے باوردی اہلکاروں کا دستہ ان کے ہمراہ سیکیورٹی ڈیوٹی پر معمور رہتا ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد ایوب بخاری نے دوران خطاب کہا کہ مجھے سول ڈیفنس کے عملی کردار پر فخر ہے کیونکہ سول ڈیفنس نے انکروچمنٹ آپریشنز کے دوران بااثر تجاوزات مافیا کے سامنے میرے ساتھ باقاعدہ زنجیر بنا کر سیکیورٹی ڈیوٹی کی جو چیف وارڈن سول ڈیفنس کی بات کی تصدیق ہے۔

عالمی یوم شہری دفاع یکم مارچ 2025
شہری دفاع عوامی تحفظ کی ضمانت
منجانب: محمد ذوالقرنین لنگڑیال ڈپٹی کمشنر/کنٹرولر سول ڈیفنس سیالکوٹ

فیصل آباد پریس کلب کا اجلاس صدر شاہد علی کی زیر صدارت منعقد ہوا

صحافی کالونی کے حصول کیلئے عملی جدو جہد جاری ہے، اپنے حق کے حصول کیلئے ہر حد تک جائینگے، صدر فیصل آباد پریس کلب

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) فیصل آباد پریس کلب کا اجلاس صدر شاہد علی کی زیر صدارت منعقد ہوا، صدر شاہد علی نے کہا کہ صحافی کالونی کے حصول کیلئے عملی جدوجہد جاری ہے، اپنے حق کے حصول کیلئے ہر حد تک جائینگے تمام اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک صحافی کالونی کمیٹی تشکیل دیدی گئی ہے مشاورت کے بعد مقامی اخبارات میں اشتہارات، سوشل میڈیا کمپین اور احتجاج کا لائحہ عمل دیا جائے گا دوسرے تمام شہر صحافی کالونی کے دو سے زائد فیز حاصل کرچکے ہیں جبکہ فیصل آباد کے صحافی اب تک محروم ہیں، سینئر نائب صدر جی اے تنویر نے کہا ہے کہ انشاء اللہ یہ سال صحافی کالونی کے حصول کا سال ہوگا، صدر شاہد علی قیادت میں ہم اپنا حق لے کر رہیں گے سیکرٹری سید عزادار حسین عابدی نے کابینہ کو بتایا کہ ہم اخوت فاؤنڈیشن اور الخدمت فاؤنڈیشن کے ساتھ معاہدے کرنے جارہے ہیں جن کے تحت مرحوم صحافیوں کے لواحقین کیلئے راشن پیکیج، دانش سکولوں میں مفت تعلیم اور الخدمت فاؤنڈیشن کی لیبارٹریز میں مفت ٹیسٹوں کی سہولت میسر آسکے گی، اجلاس میں مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئیں تاکہ ممبران کی فلاح و بہبود کیلئے بہتر طریقے سے کام ہوسکے، صدر شاہد علی نے کہا کہ کیبنٹ ممبران اپنی ماہانہ کارکردگی رپورٹ سیکرٹری کو جمع کروانے کے پابند ہونگے ممبران کی پریس کلب میں افطاری کیلئے بجٹ کی منظوری بھی دی گئی، اجلاس میں نائب صدر ظفران سرور، فنانس سیکرٹری شوکت ملک، جوائنٹ سیکرٹری ندیم جاودانی، انفارمیشن سیکرٹری اویس ستار اور ایگزیکٹو ممبران افشاں بتول، حنا جمیل، رفعت انور، ڈاکٹر سعید طاہر نعیم شاکر، ارشد انصاری، علی رضا ملک، کمال بٹ اور نادر مان نے شرکت کی

پوراماہ رمضان میں فری افطاری کا اہتمام ہوگا: طارق وسیم

میرے آفس کے دروازے غرباء کے لیے ہر وقت کھلے ہیں: ایم ڈی پاکستان بیت المال

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) غریب اور مستحق افراد کے لئے پوراماہ رمضان میں فری افطاری کا اہتمام ہوگا طارق وسیم۔ تفصیلات کے مطابق ایم ڈی پاکستان بیت المال شاہین خالد بٹ نے وزیر اعظم پاکستان کی خصوصی ہدایات پر اڑان پروگرام کے تحت غریب لوگوں کے لیے ننکانہ صاحب میں بھی افطاری کا انتظام کروایا ہے ڈاریکٹر پنجاب محمد ظہیر کا کہنا ہے کہ وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف کا غریب عوام کے لیے اڑان پروگرام احسن اقدام ہے اسی پروگرام کو جاری رکھتے ہوئے ضلعی دفتر پاکستان بیت المال ننکانہ صاحب میں بھی افطاری کا بندوبست کیا گیا ہے اسٹنٹ ڈاریکٹر طارق وسیم کا کہنا ہے کہ یہ افطار پروگرام پورے رمضان المبارک میں جاری رہے گا جس میں غریب اور مستحق افراد کے لئے پوراماہ رمضان میں فری افطاری ہوگی اگر آپ کے ارد گرد بھی کوئی غریب اور مستحق افراد ہے تو آپ اس کو پاکستان بیت المال کے آفس میں بھیج دیں میرے آفس کے دروازے غرباء کے لیے ہر وقت کھلے ہیں

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا پیپلز کالونی اور سیالکوٹ روڈ پر نجی سپر سٹور کا دورہ

ڈسکاؤنٹ کاؤنٹر (ڈی سی کاؤنٹر) پر اشیائے ضروریہ کے نرخ نامے، سٹاک اور معیار بھی چیک کیا

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے رمضان ریلیف پروگرام کے تحت صارفین کو سستی اور معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کے دورے جاری ڈپٹی کمشنر نوید احمد کا سہولت رمضان بازار پیپلز کالونی اور سیالکوٹ روڈ پر نجی سپر سٹور کا دورہ، وزیر اعلیٰ پنجاب ڈسکاؤنٹ کاؤنٹر (ڈی سی کاؤنٹر) پر اشیائے ضروریہ کے نرخ نامے، سٹاک اور معیار بھی چیک کیا۔ سٹور انتظامیہ کو ہدایت کی کہ صبح سے افطار تک تمام ڈسکاؤنٹ کاؤنٹرز معیاری اشیاء کا وافر سٹاک برقرار رکھا جائے، انہوں نے مزید کہا کہ معیار اور مقدار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے وزیر اعلیٰ بچت کاؤنٹر پر اشیاء خوردونوش کی کوالٹی، معیار اور مقدار کو بھی چیک کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بچت کاؤنٹر پر روزانہ کی بنیاد پر اشیاء کی مقدار اور معیار کو چیک کیا جا رہا ہے، گوجرانوالہ کے مختلف شاپنگ مالز میں قائم وزیر اعلیٰ پنجاب بچت کاؤنٹرز پر بازار سے اشیائے خوردونوش پر خصوصی رعائیت دی جا رہی ہے اور بچت کاؤنٹرز پر موجود اشیاء پر شہریوں کو اعلیٰ معیار کی پھل، سبزیاں، دالیں اور دیگر اشیاء ضروریہ فراہم کی جا رہی ہیں۔

ہمیں اپنے بچوں کو اپنا کلچر اور فن کے حوالے سے تربیت دینی چاہیے

کیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) ہمیں اپنے بچوں کو اپنا کلچر اور فن کے حوالے سے تربیت دینی چاہیے جدید تعلیم کے ساتھ اپنے کلچر سے آگاہی بھی انتہائی ضروری ہے (غلام صابر میڈم سلمہ) تفصیلات کے مطابق پنجاب گروپ اف کالجز اینڈ الائیڈ سکول سسٹم کیمبر کیمپس کے زیر اہتمام فن فیر اینڈ کلچر ڈے کے حوالے سے پروگرام کا انعقاد الائیڈ سکول سسٹم کے طالب علموں اور والدین کی بھرپور شرکت سٹوڈنٹ بچوں نے فن فیر اور کلچر ڈے کے حوالے سے اپنے جوہر دکھائے اس موقع پر سر غلام صابر، میڈم سلمہ نے بچوں کے والدین اور بچوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی قوم اپنے کلچر کے بغیر ترقی نہیں کرسکتی ہے ہمیں تمام لوگوں کو جدید تعلیم کے ساتھ اپنے کلچر اور فن کو بھی متعارف کروانا ہوگا اور اپنا لوہا منوانے کے لیے کوشش کرنی ہوگی

رمضان المبارک کی آمد سے قبل ہی مہنگائی کا جن بے قابو ہو چکا ہے

پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پسنے والے غریب عوام کے لیے روزمرہ کی اشیائے ضروریہ خریدنا مزید دشوار ہوگیا ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی جھنگ فرید احمد مگھیانہ نے کہا ہے کہ رمضان المبارک کی آمد سے قبل ہی مہنگائی کا جن بے قابو ہو چکا ہے، جس کی وجہ سے عام شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پسنے والے غریب عوام کے لیے روزمرہ کی اشیائے ضروریہ خریدنا مزید دشوار ہوگیا ہے۔ رمضان المبارک کے آتے ہی کھانے پینے کی اشیاء کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہوگیا ہے۔ آٹا، چینی، گھی، دالیں، سبزیاں اور پھل سب مہنگے ہو چکے ہیں جبکہ انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ مجرمانہ غفلت اور چیک اینڈ بیلنس قائم رکھنے میں ناکامی حکومتی کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہے۔ بدقسمتی سے پرائس کنٹرول کمیٹیاں غیر فعال دکھائی دیتی ہیں اور عوام کو خود مہنگے داموں اشیاء خریدنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کتنے افسوس کی بات ہے کہ دیگر مسلم ممالک میں حکومتیں اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ رمضان میں ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری نہ ہو۔ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات میں سخت قوانین نافذ کیے جاتے ہیں اور خلاف ورزی کرنے والوں پر بھاری جرمانے عائد کیے جاتے ہیں۔ ترکی اور ملائیشیا میں رمضان کے دوران فلاحی منصوبے وسیع پیمانے پر متعارف کروائے جاتے ہیں، جہاں خوراک کی فراہمی کو یقینی بنایا جاتا ہے۔

الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے 12 مستحق افراد کو ایک ایک لاکھ روپے کا بلاسود قرضہ فراہم کیا گیا

اس سلسلہ میں یہاں جماعت اسلامی کے ضلعی سیکریٹریٹ میں ایک تقریب منعقد ہوئی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے 12 مستحق افراد کو ایک ایک لاکھ روپے کا بلاسود قرضہ فراہم کیا گیا۔ تاکہ مذکورہ افراد کاروبار کرکے اپنی روزی کما سکیں۔ اس سلسلہ میں یہاں جماعت اسلامی کے ضلعی سیکریٹریٹ میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں جماعت اسلامی کے نائب امیر ڈاکٹر محمد یسین، اور دیگر راہنماؤں محمد حنیف گوندل، رب نواز تارڑ، اظہر قیوم چیمہ صدر الخدمت فاؤنڈیشن، محمد ابوبکر علوی، حافظ زمان اظہر نے تمام مستحق افراد میں ایک ایک لاکھ روپے کے بلاسود قرضہ جات فراہم کئے جو ہر ماہ 8500 قسط کی صورت میں الخدمت فاؤنڈیشن کو واپس کریں گے۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم کا سستے رمضان بازاروں کا دورہ

اشیاء کے معیار، قیمتوں سمیت دیگر انتظامات وسہولیات کا جائزہ لیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے تحصیل شاہکوٹ اور تحصیل ننکانہ میں قائم سستے رمضان سہولت بازاروں کا دورہ کیا۔ ڈی سی نے سستے رمضان سہولت بازاروں میں اشیاء کے معیار، قیمتوں سمیت دیگر انتظامات و سہولیات کا جائزہ لیا۔ اسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ ثناء شرافت، اسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین سمیت دیگر افسران بھی ڈی سی کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے رمضان بازار میں موجود خریداروں سے اشیاء خوردونوش کی کوالٹی و رعایتی نرخوں بارے دریافت کیا، شہریوں کا رمضان بازار لگانے اور سستی اشیاء کی فراہمی پر حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر سستے رمضان بازاروں میں 15 سے 40 فیصد کم ریٹس پر اشیاء ضروریہ کی فراہمی جاری ہے، ضلع کی تینوں تحصیلوں میں سستے رمضان سہولت بازار قائم کیے گئے ہیں، سستے رمضان بازاروں پر چینی 22 روپے کم فی کلوگرام مارکیٹ سے کم ریٹ پر فروخت کی جارہی ہے۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ تمام قسم کے چاول 25 سے 40 روپے فی کلوگرام کم نرخوں پر دستیاب ہیں جبکہ چکن 22 روپے، مٹن اور بیف 50 روپے فی کلوگرام مارکیٹ سے کم ریٹس پر دستیاب ہے۔ انہوں نے کہا کہ سستے رمضان بازاروں میں آٹا، اشیاء خوردونوش، پھل، دالیں، سبزیاں، مصالحہ جات، مشروبات و دیگر اشیاء بھی مارکیٹ سے کم نرخوں پر دستیاب ہیں۔

مذہبی سکالر حافظ طلحہ سعید سے پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے ضلعی نائب صدر چوہدری طارق محمود گجر کی ملاقات

رمضان المبارک کے دوران مستحقین کی امداد و بحالی کے حوالے سے بھرپور خدمات سرانجام دینے پر اتفاق کیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) معروف مذہبی سکالر حافظ طلحہ سعید سے پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے ضلعی نائب صدر و ٹکٹ ہولڈر پی پی 141 چوہدری طارق محمود گجر نے ملاقات کی اس موقع پر حافظ حبیب الرحمن و دیگر پارٹی عہدیداران و رہنما موجود تھے۔ ملاقات میں رمضان المبارک کے دوران مستحقین کی امداد و بحالی کے حوالے سے بھرپور خدمات سرانجام دینے پر اتفاق کیا گیا اور طے پایا کہ مرکزی مسلم لیگ اپنی سماجی خدمات کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے رمضان المبارک کے دوران پسماندہ علاقوں میں ریلیف سرگرمیوں میں بھرپور اضافہ کرے گی افطار و سحر دسترخوانوں کے انعقاد سمیت سستے بازار لگائے جائیں گے جن میں غریب عوام کو اشیاء خوردونوش سبزیاں و پھل ارزاں نرخوں پر دستیاب ہوں گے ہم اپنا مال مستحقین پر صرف کرکے اسے نیک اعمال میں تبدیل کرسکتے ہیں ماہ صیام میں مستحقین کو زکوۃ اور عطیات کی فراہمی میں ہرگز دیر نہ کی جائے قرب الٰہی کیلئے آپ کے آس پاس جو محروم افراد ہیں ان کی اشک شوئی کریں اور ان کے زخموں پر مرہم رکھیں جو سہل زندگی کے خواہاں ہیں وہ دوسروں کیلئے آسانیاں پیدا کرتے رہیں، تجوریاں نہیں بھوکے انسانوں کا پیٹ بھرنا دونوں جہانوں میں کامیابی کا راز ہے روزہ دار اپنی روزی میں کثرت کے ساتھ ساتھ برکت کیلئے دعاؤں کا اہتمام کریں۔

موٹر وے پولیس کی خدمت کی روایت کا سلسلہ جاری



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) موٹر وے پولیس کی خدمت کی روایت کا سلسلہ جاری× چوہدری افتخار احمد ڈی ایس پی موٹر وے سیکٹر نارتھ II 'بیٹ 07' زون N-5 نے اپنی مدد آپ کے تحت بارشی پانی کا نکاس کروادیا۔ تفصیلات کے مطابق موٹر وے کے مذکورہ بالا مقام پر سڑک کے دونوں کناروں پر شدید بارش کیوجہ سے کافی پانی کھڑا ہوگیا تھا جو چھوٹی گاڑیوں کیلئے مشکلات کا باعث بنا ہوا تھا۔ ڈی ایس پی چوہدری افتخار احمد نے اس صورتحال کے پیش نظر اے ڈی این ایچ کیساتھ کوارڈینیشن کے بعد اپنی مدد آپ کے تحت واٹر پمپس کا بندوبست کیا اور بارشی پانی کا فوری نکاس کرایا۔ مسئلہ حل کروانے پر راہگیروں× ڈرائیوروں اور اہل علاقہ نے ڈی ایس پی چوہدری افتخار احمد کی اس ہمدردانہ کاوش کو سراہا۔ معروف کالم نگار چوہدری عمران علی چیمہ نے بھی ڈی ایس پی چوہدری افتخار کی کارکردگی اور جذبہ خدمت انسانیت کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ موٹروے پولیس نے عوام کی خدمت کی روایت کو ہمیشہ برقرار رکھا اور روڈ یوزر کیلئے آسانیاں پیدا کی ہیں۔ موٹر وے پولیس نے سفر کو محفوظ بنادیا ہے۔

رمضان سہولت بازاروں کا قیام عوامی ریلیف کی جانب سے ایک انتہائی اچھا اقدام ہے

رمضان بازاروں میں جہاں روزمرہ استعمال کی اشیاء عام مارکیٹ کی نسبت سستے داموں دستیاب ہیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات پر رمضان المبارک میں سستی اشیاء کی فراہمی کے لیے رمضان سہولت بازاروں کا قیام عوامی ریلیف کی جانب سے ایک انتہائی اچھا اقدام ہے۔ رمضان بازاروں میں جہاں روزمرہ استعمال کی اشیاء عام مارکیٹ کی نسبت سستے داموں دستیاب ہیں تو وہی 10 کلو گرام آٹے کا تھیلا 820 روپے جبکہ چینی 130 روپے کلو فروخت کی جارہی ہے۔ شہریوں کی ایک بڑی تعداد رمضان سہولت بازار سے اپنی خریداری میں مصروف ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات پر رمضان سہولت بازار میں شہریوں کے لیے پھل، سبزیاں، کریانہ، کھجور، گوشت، انڈے، آٹا، چینی سمیت دیگر اشیاء کی وافر دستیابی کو یقینی بنایا گیا ہے اور صبح سے شام تک تمام سٹالز پر اشیائے خوردونوش کی ایک بڑی مقدار موجود ہوتی ہے جہاں سے لوگ اپنے اپنے استعمال کی چیزوں کی خریداری کر رہے ہیں۔ رمضان سہولت بازار میں سینئر سٹیزن کے لیئے الگ سے کاؤنٹر قائم کیا گیا ہے جبکہ شکایات کے اندراج اور کسی بھی ہنگامی صورتحال کے لیے میڈیکل کاؤنٹر بھی قائم کیا گیا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ غیر قانونی ذخیرہ اندوزوں اور مہنگے داموں اشیائے خوردونوش فروخت کرنے والوں کے ساتھ کاروائیاں سخت کی جارہی ہیں اور اس حوالے سے دوکانداروں اور تاجروں کے خلاف بلاتفریق کاروائیاں کی جارہی ہیں تاکہ کوئی بھی دوکاندار رمضان المبارک میں مصنوعی مہنگائی کے ذریعے اپنی مرضی کے ریٹ مقرر کر کے چیزیں فروخت نہ کرسکے۔

حاجی رانا فیصل حنیف جائنٹ سیکرٹری مسلم لیگ ن ضلع گوجرانوالہ کی طرف سے عشائیہ

تمام مکاتب کے سیاسی سماجی کاروباری شخصیات کی شرکت ڈاکٹر نثار احمد چیمہ سابقہ ایم این اے چوہدری بلال فاروق و دیگر کی شرکت

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) حاجی رانا فیصل حنیف جائنٹ سیکرٹری مسلم لیگ ن ضلع گوجرانوالہ کی طرف سے عشائیہ جس میں تمام مکاتب کے سیاسی سماجی کاروباری شخصیات کی شرکت ڈاکٹر نثار احمد چیمہ سابقہ ایم این اے چوہدری بلال فاروق تارڑ سابق ایم پی اے چوہدری وقار احمد چیمہ ایم پی اے پی پی 35 معظم رؤف مغل ایم پی اے پی پی 60 شازیہ فرید ایم این اے، اے سی وزیر آباد رب نواز چدھڑ، میر مظہر بشیر صدر مسلم لیگ ن گکھڑ' چوہدری صاحبداد چندھڑ' اظہر لیسین منہاس 'عمران شاہین' عدنان سیالوی' عامر قیوم بھٹی چوہدری سعید، امتیاز اظہر باگڑی' حامد ناصر ساہی' ضیا اللہ جنجوعہ، رانا عامر محمود، عاصم باجوہ' رانا شہباز احمد، رانا وہاب، ندیم بھٹی، رانا محسن حنیف' رانا ذیشان خاور، احمد بلال چیمہ' سلامت علی، احتشام چیمہ' ناصر مغل' راشد گجر' حاجی مشتاق احمد، رانا افضل شریف، عدنان انور بٹ، رانا فرحان معظم، محمد علی مغل، محتشم کامران ملک' حافظ عبد الرؤف سندھو ' پروفیسر ڈاکٹر محمد عرفان، ذیشان اپل، رانا علی شیر اور کثیر تعداد میں اکابرین کی شرکت کی۔۔

چیئرمین الحاج ملک محمد اسلم بلوچ کی طرف سے رند ہاؤس میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا

ممتاز عالم دین مولانا طاہر عالم، علامہ قاری محمد رمضان، مولانا طیب، قاری خرم شہزاد، چوہدری تنویر، پی آر او ڈی پی او واجد عباس، ندیم اسلم و دیگر کی شرکت

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے چیئرمین الحاج ملک محمد اسلم بلوچ کی طرف سے رند ہاؤس میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں ممتاز عالم دین مولانا طاہر عالم، علامہ قاری محمد رمضان، مولانا طیب، قاری خرم شہزاد، چوہدری تنویر، پی آر او ڈی پی او واجد عباس، ندیم اسلم، الحاج شیخ عبد الحفیظ، صاحبزادہ ریاض اکبر معصومی، سید علی معظم رضوی و دیگر نمائندہ شخصیات نے شرکت کی اس موقع پر مولانا طاہر عالم نے ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اور امت مسلمہ کے اتحاد و یگانگت سمیت فلسطین و کشمیر کے مظلوم مسلمانوں کیلئے رقعت انگیز دعا کروائی جبکہ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے الحاج ملک محمد اسلم بلوچ نے کہا کہ رمضان المبارک کا مہینہ ذاتی محاسبہ کا مہینہ ہے یہ اپنی ذات کے حوالے سے نظر ثانی اور اصلاح کا مہینہ ہے ہم نے پہلے اپنی اصلاح کرنی ہے اور پھر ہم نے مل جل کر معاشرے کی اصلاح کرنی ہے اور اپنے پیارے وطن پاکستان کو بحرانوں سے نکال کر ترقی کی جانب گامزن کرنا ہے یہ مہینہ اپنی خواہشات ونفس پر قابو پانے کی تربیت دیتا ہے جس کے ذریعے مومنین میں یہ صلاحیت پیدا ہوجاتی ہے کہ وہ صبر اور نظم و ضبط کے ساتھ زندگی گزار سکیں، ہمیں چاہئے کہ ہم اپنے ارد گرد نظر رکھیں اور اگر کوئی ضرورت مند ہو تو فوری طور پر اس کی مدد کریں اس طرح ہمارا معاشرہ ترقی پائے گا اس سے نہ صرف آپ کے حلال رزق میں برکت ہوگی بلکہ غریبوں کی دعائیں بھی حاصل ہوں گی۔

الیکشن کمیشن انتخابی عمل میں شمولیت کو یقینی بنانے کے لیے سنجیدہ ہے: عمران ظفر

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) الیکشن کمیشن آف پاکستان خواجہ سراء برادری کے حقوق کے تحفظ اور ان کی انتخابی عمل میں شمولیت کو یقینی بنانے کے لیے سنجیدہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار عمران ظفر (ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر وزیر آباد) نے ووٹر ایجوکیشن کمیٹی کے ممبران سے خواجہ سراء برادری کے ووٹ کے حوالے سے منعقدہ میٹنگ میں کیا۔ اس میٹنگ کا مقصد خواجہ سراء برادری کو انتخابی عمل میں فعال شرکت کی ترغیب دینا اور ان کے حقوق کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا تھا۔ ارش خان (نمائندوں خواجہ سراء) نے اپنے مسائل اور خدشات کا اظہار کیا، جن میں شناختی کارڈ بنوانے کے عمل میں مشکلات پر روشنی ڈالی۔ الیکشن کمیشن کے نمائندوں نے ان مسائل کے حل کے لیے اقدامات کی یقین دہانی کرائی اور خواجہ سراء برادری کو انتخابی عمل میں بھرپور شرکت کی اہمیت پر زور دیا۔ اس میٹنگ میں آفتاب احمد (الیکشن آفیسر) مظفر جاوید بھٹی (ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ) نازیہ منشاء (ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن) راحت زمرد، اور ارسلان چیمہ نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اور الیکشن کمیشن کی ووٹر ایجوکیشن مہم کو سراہا۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاکستان اور ازبکستان کے مابین متعدد معاہدے

پاکستان اور ازبکستان نے دفاع، ٹیکنالوجی، تکنیکی تربیت، میڈیا اور نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے متعدد معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کیے ہیں۔ ان دستاویزات پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کے ازبک صدر شوکت مرزایوف کی دعوت پر کیے جانے والے دوروزہ دورہ ازبکستان کے دوران دستخط کیے گئے۔ دونوں رہنماؤں کی ملاقات اور وفود کی سطح پر ہونے والی بات چیت کے بعد وزیراعظم اور ازبک صدر نے دستخط کی تقریب میں شرکت کی جبکہ دونوں اطراف کے حکام نے مختلف شعبوں میں تعاون کے معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں کی پہلے سے دستخط شدہ دستاویزات کا تبادلہ کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور ازبک وزیر خارجہ بختیار سیدوف نے سفارتی پاسپورٹ رکھنے والوں کے لیے ویزا فری سفر، ملٹری انٹیلی جنس، داخلی امور، پیشہ ورانہ اور تکنیکی تربیت اور سفارت کاروں کی تربیت کے شعبوں میں معاہدوں کی دستاویزات کا تبادلہ کیا۔ سائنسی تحقیق، ٹیکنالوجی اور اختراع کے شعبوں میں تعاون کے لیے فریقین کے درمیان ایک اور بین الحکومتی معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ پاکستان اور ازبکستان نے خوشحالی اور ترقی کے مشترکہ عزم کا اظہار کرتے ہوئے مستقبل قریب میں دوطرفہ تجارت کے حجم کو موجودہ 400 ملین ڈالر سے 2 ارب ڈالر تک بڑھانے، علاقائی رابطے کے فروغ کے لیے ٹرانس افغان ریلوے منصوبے سمیت مواصلات، تجارت، معدنیات، سیاحت، زراعت، سائنس و ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ ان معاہدوں کا طے پانا ایک خوش آئند پیشرفت ہے جس سے دفاع، سائنس و ٹیکنالوجی، سیاحت و زراعت جیسے شعبوں کو فروغ ملے گا۔ پاکستان کو صرف اپنے معاشی استحکام کے لیے ہی نہیں بلکہ دفاعی اور تزویراتی معاملات کو فروغ دینے اور خطے میں طاقت کا توازن قائم کرنے کے لیے بھی ایسے معاہدوں کی ضرورت ہے۔

پاکستان اور ازبکستان نے دفاع، ٹیکنالوجی، تکنیکی تربیت، میڈیا اور نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے متعدد معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کیے ہیں۔ ان دستاویزات پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کے ازبک صدر شوکت مرزایوف کی دعوت پر کیے جانے والے دوروزہ دورہ ازبکستان کے دوران دستخط کیے گئے۔ دونوں رہنماؤں کی ملاقات اور وفود کی سطح پر ہونے والی بات چیت کے بعد وزیراعظم اور ازبک صدر نے دستخط کی تقریب میں شرکت کی جبکہ دونوں اطراف کے حکام نے مختلف شعبوں میں تعاون کے معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں کی پہلے سے دستخط شدہ دستاویزات کا تبادلہ کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور ازبک وزیر خارجہ بختیار سیدوف نے سفارتی پاسپورٹ رکھنے والوں کے لیے ویزا فری سفر، ملٹری انٹیلی جنس، داخلی امور، پیشہ ورانہ اور تکنیکی تربیت اور سفارت کاروں کی تربیت کے شعبوں میں معاہدوں کی دستاویزات کا تبادلہ کیا۔ سائنسی تحقیق، ٹیکنالوجی اور اختراع کے شعبوں میں تعاون کے لیے فریقین کے درمیان ایک اور بین الحکومتی معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ پاکستان اور ازبکستان نے خوشحالی اور ترقی کے مشترکہ عزم کا اظہار کرتے ہوئے مستقبل قریب میں دوطرفہ تجارت کے حجم کو موجودہ 400 ملین ڈالر سے 2 ارب ڈالر تک بڑھانے، علاقائی رابطے کے فروغ کے لیے ٹرانس افغان ریلوے منصوبے سمیت مواصلات، تجارت، معدنیات، سیاحت، زراعت، سائنس و ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ ان معاہدوں کا طے پانا ایک خوش آئند پیشرفت ہے جس سے دفاع، سائنس و ٹیکنالوجی، سیاحت و زراعت جیسے شعبوں کو فروغ ملے گا۔ پاکستان کو صرف اپنے معاشی استحکام کے لیے ہی نہیں بلکہ دفاعی اور تزویراتی معاملات کو فروغ دینے اور خطے میں طاقت کا توازن قائم کرنے کے لیے بھی ایسے معاہدوں کی ضرورت ہے۔

آمد رمضان پرائس کنٹرول کام کرنے کی فوری ضرورت

دنیا بھر میں آمد رمضان برکات اور اللہ کی رحمتیں سمیٹنے کے لیے امت مسلمہ کوشاں ہوتی ہے ہر کوئی اپنی بساط اور ہمت کے مطابق اللہ کے راستے میں خرچ کرتا اور عبادات میں مشغول ہوتے ہیں دنیا کے وہ ممالک جن کی بنیاد اسلام کی نہیں ہوتی وہاں پر تمام حکومتیں مسلم آبادی کے لیے خصوصی سہولتوں اور خاص سطح پہ رعایت بغیر کسی امتیازی سلوک کے دیتی ہیں اور ان کو احساس دلاتی ہیں کہ ہم سب اس ملک کے شہری ہیں اور آپ کا احترام ہم پر لازم ہے مسلم ریاستیں جن میں گلف سعودیہ جشن رمضان کے نام پر اپنے لوگوں کو افطار سحر کے لیے بے دریغ خرچ کرتی ہیں مخیّر حضرات خدمت کرنے کے لیے منت کے انداز میں خدمت کرتے ہیں مگر ہمارے ہاں الٹی گنگا بہتی ہے اور سال بھر کا منافع ایک ہی ماہ میں حاصل کرنے کے لیے کوشاں تاجر دکاندار مل مالکان سبزی منڈیاں فروٹ مارکیٹیں چکن بیف اور مٹن کے دکاندار دونوں ہاتھوں سے لوگوں کی مجبوری کا فائدہ اٹھاتے ہیں اور ایک کا بوجھ دوسرے اور دوسرا اپنا بوجھ تیسرے پر بس سب مل کے بوجھ سرکار پر اور سرکار ووٹوں کے حصول کے نام پر خاموش تماشائی اور سرکاری پریس ریلیزوں سیاسی بیانات اور اشہارات کے ذریعے کنٹرول کرنے کی سعی کر رہی ہوتی ہے اور قیمتوں کا تعین کرنے والے ادارے گھر بیٹھے بادشاہ سلامت کے انداز میں حکم جاری کر رہے ہوتے ہیں اس کام کو میدان عمل میں آئے بغیر نہیں کیا جا سکتا اور سپلائی اور ڈیمانڈ کو قائم رکھنے والی ٹیمیں گھر میں موجود رہتی ہیں اور بازاروں میں عوام لٹتی رہتی ہے پہلے عشرہ میں کچھ کوشش اور کچھ اشہارات سے ماحول بنانے میں مصروف رہتے ہیں دوسرے عشرے میں میٹنگ میٹنگ کا شاندار مظاہرہ اور حکمرانوں کو سب اچھا ہے کی رپورٹ پیش کی جاتی ہے اور تیسرے عشرے میں عید کے نام پہ کمائی کی کھلی چھٹی اور منظر سے غائب ہوجایا جاتا ہے پھر عید کے بعد عوام بے حال ہو کہ اگلے ماہ تک مہنگائی کا رونا روتی رہتی ہے اور تقدیر کا لکھا سمجھ کے خاموشی اختیار کرلیتی ہے رمضان المبارک کے دوران اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کے نفاذ کے اثرات بہترین ہوسکتے ہیں اگر ضروری اشیا کی قیمتیں مستحکم رہتی ہیں، جس سے صارفین پر بوجھ کم ہوتا ہے۔ کم آمدنی والے گھرانوں کے لیے ضروری اشیا زیادہ سستی ہو جاتی ہیں۔ ضروری اشیا کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے سے مہنگائی کے دباؤ کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ صارفین سستی قیمتوں پر ضروری اشیا خریدنے کی اپنی صلاحیت پر زیادہ اعتماد محسوس کرتے ہیں۔ قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے اقدامات پر عمل درآمد سپلائی چین کے انتظام میں بہتری، قلت اور اسٹاک آؤٹ کو کم کرنے کا ضروری اشیا کی قلت کا باعث بن سکتی ہیں۔ سخت قیمتوں پر کنٹرول بلیک مارکیٹرز کے لیے صارفین کا استحصال کرنے کے مواقع پیدا کرسکتا ہے۔ قیمتوں پر کنٹرول وسائل کی غیر موثر تقسیم کا باعث بن سکتا ہے، کیونکہ پروڈیوسر کو ضروری اشیا تیار کرنے کی ترغیب نہیں دی جا سکتی ہے۔ قیمتوں کے کنٹرول کو لاگو کرنے سے کاروبار پر انتظامی بوجھ بڑھ سکتا ہے، جو ممکنہ طور پر اخراجات میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔ قیمتوں پر کنٹرول بدعنوانی کے مواقع پیدا کرسکتا ہے، کیونکہ افسران کو مناسب علاج کے بدلے رشوت لینے کا لالچ دیا قیمتوں کے کنٹرول کو لاگو کرنے سے طویل مدت میں مارکیٹ کی کارکردگی میں بہتری آسکتی ہے، کیونکہ پروڈیوسرز اور صارفین قیمت کے نئے ماحول کے مطابق ہوتے ہیں۔ مستحکم قیمتیں زرعی اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کو راغب کرسکتی ہیں، جس سے پیداوار میں اضافہ اور معاشی نمو ہوتی ہے۔ ضروری اشیا کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے سے سماجی بہبود میں بہتری آسکتی ہے، کیونکہ کم آمدنی والے گھرانے بنیادی ضروریات کو برداشت کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔ مجموعی طور پر رمضان المبارک کے دوران اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کے نفاذ کے اثرات مختلف عوامل پر منحصر ہوں گے، جن میں نافذ کیے گئے مخصوص اقدامات، معیشت کی حالت، اور پروڈیوسرز اور صارفین کے رویئے شامل ہیں۔ دکانداروں کا رویہ ایک اہم پہلو ہے جس پر توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ رمضان المبارک کے دوران صارفین کے لیے مناسب قیمتوں اور خریداری کا ایک ہموار تجربہ ہو۔ یہاں کچھ اہم مسائل اور ممکنہ حل ہیں: اوور چارجنگ: دکاندار رمضان کے دوران بڑھتی ہوئی مانگ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے صارفین سے اوور چارج کر سکتے ہیں دکاندار مصنوعی قلت پیدا کرنے کے لیے ضروری اشیا کو ذخیرہ کر سکتے ہیں جس سے قیمتیں بڑھ جاتی ہیں دکاندار صارفین کو دھوکہ دینے کے لیے قیمتوں، وزن یا مقدار میں ہیرا پھیری کر سکتے ہیں۔ دکاندار قیمتیں واضح طور پر ظاہر نہیں کر سکتے اور نہ ہی رسیدیں فراہم کر سکتے ہیں، جس سے صارفین کے لیے احکام اوور چارجنگ کو روکنے اور قیمت کی حدود کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے قیمتوں کی باقاعدہ نگرانی کر سکتے ہیں۔ حکومتیں دکانداروں کے لیے لائسنس کے تقاضے قائم اور نافذ کرسکتی ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ وہ مخصوص معیارات پر پورا اترتے ہیں اور ضوابط کی پابندی کرتے ہیں عوامی بیداری کی مہم صارفین کو ان کے حقوق، غیر منصفانہ طریقوں کی نشاندہی کرنے اور شکایات کی اطلاع دینے کے بارے میں آگاہ کرسکتی ہے۔ حکومتیں شکایت کا طریقہ کار قائم کرسکتی ہیں، جیسے ہاٹ لائنز یا آن لائن پورٹل، تاکہ صارفین کو غیر منصفانہ طرز عمل کی اطلاع دینے اور اس کا ازالہ کرنے کی اجازت دی جاسکے۔ منصفانہ طرز عمل کے لیے ترغیبات: حکومتیں منصفانہ اور شفاف کاروباری طریقوں کا مظاہرہ کرنے والے دکانداروں کو ٹیکس میں چھوٹ یا شناختی پروگرام جیسی مراعات پیش کرسکتی ہیں۔ باقاعدہ معائنہ: حکام اس بات کو یقینی بنانے کے لیے باقاعدہ معائنہ کر سکتے ہیں کہ دکاندار قواعد وضوابط کی تعمیل کر رہے ہیں اور منصفانہ کاروباری طریقوں کو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ دکانداروں کے رویئے سے نمٹنے کے ذریعے حکومتیں مارکیٹ کا ایک منصفانہ اور شفاف ماحول پیدا کرنے میں مدد کرسکتی ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ رمضان المبارک کے دوران صارفین کو مناسب قیمتوں پر ضروری اشیا تک رسائی حاصل ہو۔ حکومت کو ماہ رمضان مکمل انصاف اور انتظامی مشینری کو الرٹ رکھنا اور تمام کے ساتھ یکساں سلوک اور رویہ اور اخلاقیات کو مدنظر رکھتے ہوئے اقدامات پر سختی سے عمل پیرا ہونا اور سب سے بڑھ کے ذخیرہ اندوزوں کو ذخیرہ اندوزی کا موقع نہ دینا کامیابی کی نوید ہوسکتی ہے سپلائی و ضرورت سے کچھ زیادہ مارکیٹ میں میسر رکھنا قیمتیں بہتر رکھنے میں اہم قدم ہوسکتا ہے میں نے اپنے ذاتی مشاہدے اور عملی تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے کوشش کی ہے کہ عوام اور حکومت دونوں سے درخواست کی ہے کہ اپنا اپنا کردار ادا کریں تاکہ نیک نامی کمائی جاسکے کچھ ہوتا نظر تو نہیں آ رہا مگر امید بہار رکھ۔ دنیا بھر میں آمد رمضان برکات اور

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

اللہ کی رحمتیں سمیٹنے کے لیے امت مسلمہ کوشاں ہوتی ہے ہر کوئی اپنی بساط اور ہمت کے مطابق اللہ کے راستے میں خرچ کرتا اور عبادات میں مشغول ہوتے ہیں دنیا کے وہ ممالک جن کی بنیاد اسلام کی نہیں ہوتی وہاں پر تمام حکومتیں مسلم آبادی کے لیے خصوصی سہولتوں اور خاص سطح پہ رعایت بغیر کسی امتیازی سلوک کے دیتی ہیں اور ان کو احساس دلاتی ہیں کہ ہم سب اس ملک کے شہری ہیں اور آپ کا احترام ہم پر لازم ہے مسلم ریاستیں جن میں گلف سعودیہ جشن رمضان کے نام پر اپنے لوگوں کو افطار سحر کے لیے بے دریغ خرچ کرتی ہیں مخیّر حضرات خدمت کرنے کے لیے منت کے انداز میں خدمت کرتے ہیں مگر ہمارے ہاں الٹی گنگا بہتی ہے اور سال بھر کا منافع ایک ہی ماہ میں حاصل کرنے کے لیے کوشاں تاجر دکاندار مل مالکان سبزی منڈیاں فروٹ مارکیٹیں چکن بیف اور مٹن کے دکاندار دونوں ہاتھوں سے لوگوں کی مجبوری کا فائدہ اٹھاتے ہیں اور ایک کا بوجھ دوسرے اور دوسرا اپنا بوجھ تیسرے پر بس سب مل کے بوجھ سرکار پر اور سرکار ووٹوں کے حصول کے نام پر خاموش تماشائی اور سرکاری پریس ریلیزوں سیاسی بیانات اور اشتہارات کے ذریعے کنٹرول کرنے کی سعی کر رہی ہوتی ہے اور قیمتوں کا تعین کرنے والے ادارے گھر بیٹھے بادشاہ سلامت کے انداز میں حکم جاری کر رہے ہوتے ہیں اس کام کو میدان عمل میں آئے بغیر نہیں کیا جا سکتا اور سپلائی اور ڈیمانڈ کو قائم رکھنے والی ٹیمیں گھر میں موجود رہتی ہیں اور بازاروں میں عوام لٹتی رہتی ہے پہلے عشرہ میں کچھ کوشش اور کچھ اشتہارات سے ماحول بنانے میں مصروف رہتے ہیں دوسرے عشرے میں میٹنگ میٹنگ کا شاندار مظاہرہ اور حکمرانوں کو سب اچھا ہے کی رپورٹ پیش کی جاتی ہے اور تیسرے عشرے میں عید کے نام پہ کمائی کی کھلی چھٹی اور منظر سے غائب ہوجایا جاتا ہے پھر عید کے بعد عوام بے حال ہو کہ اگلے ماہ تک مہنگائی کا رونا روتی رہتی ہے اور تقدیر کا لکھا سمجھ کے خاموشی اختیار کرلیتی ہے رمضان المبارک کے دوران اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کے نفاذ کے اثرات بہترین ہوسکتے ہیں اگر ضروری اشیا کی قیمتیں مستحکم رہتی ہیں، جس سے صارفین پر بوجھ کم ہوتا ہے۔ کم آمدنی والے گھرانوں کے لیے ضروری اشیا زیادہ سستی ہو جاتی ہیں۔ ضروری اشیا کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے سے مہنگائی کے دباؤ کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ صارفین سستی قیمتوں پر ضروری اشیا خریدنے کی اپنی صلاحیت پر زیادہ اعتماد محسوس کرتے ہیں۔ قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے اقدامات پر عمل درآمد سپلائی چین کے انتظام میں بہتری، قلت اور

ایک امید زرداری کو، دوسری مریم کو

پاکستان اور افغانستان میں باہم کئی معاہدے ہوئے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ازبکستان کے دورے میں ان معاہدوں پر دستخط کیے۔ اس موقع پر وزیراعظم نے بتایا کہ ٹرانس افغان ریلوے لائن منصوبے پر کمیٹی بنائی جائے گی۔ بڑی پیشرفت ہے۔ ٹرانس افغان ریلوے لائن بنانے کے فیصلے کی خبریں 1990 میں آئی تھی، پھر گاہے گاہے اس کا ذکر ہوتا رہا۔ اب 35 سال بعد اس پر کمیٹی بنانے کا فیصلہ ہوا ہے تو اسے بڑی پیشرفت ہی کہا جائے گا۔ امید ہے، اگلے 35 برس بعد اس کمیٹی کا پہلا اجلاس بلانے کا فیصلہ بھی کرلیا جائے گا۔ پھر مزید 35 برس بعد کمیٹی کا دوسرا اجلاس ہو گا، اور پھر چل سو چل۔ یعنی منزل ما دور نیست! وزیراعظم نے ٹرانس افغان ریلوے لائن کو گیم چینجر منصوبہ قرار دیا ہے۔ بالکل درست کہا، پاکستان معدنی وسائل، سامان تجارت سے بھرے ہوئے وسط ایشیائی ملکوں کے ساتھ افغانستان کے آرپار بننے والی ریلوے لائن کے ذریعے جڑ جائے گا تو گیم بدل جائے گی۔ ان کا بھی بھلا، ہمارا بھی بھلا، انت بھلے میں سب کا بھلا۔ ظاہر ہے جس رفتار سے ہمارے ہاں کام ہوتے ہیں، اگلے دو اڑھائی ہزار سال تک یہ لائن بن ہی جائے گی۔ یعنی اڑھائی تین ہزار سال بعد آنے والی ہماری نسلیں خوشحال نسلیں کہلائیں گی۔ لیکن گیم چینجر سے سی پیک کی یاد بھی آگئی۔ کہا گیا تھا کہ یہ خطے میں سب سے بڑا گیم چینجر منصوبہ ثابت ہوگا لیکن اس کی تو اپنی ہی گیم بدل دی گئی۔ باجوہ، ثاقب نثار اور مرشدان خان بہادر کے گنڈاسے لے کر سی پیک پر پل پڑے۔ چلئے، اب وہ پرانی بات ہوگئی، تینوں گنڈاسہ بردار اب منظر پر نہیں ہیں تو سی پیک کا قافلہ سخت جان کون سی منزل پر پہنچا ہے یا بدستور راستے ہی میں پھنس کے رہ گیا ہے۔ شہباز حکومت کو بنے سال تو ہو ہی گیا، سی پیک کی کوئی خیر خبر ہی نہیں۔ اس دوران بلوچستان کی صورت حال پہلے سے کئی گنا زیادہ سنگین ہوگئی۔ صاف لگ رہا ہے کہ سی پیک کے امکانات ختم کرنے کیلئے بلوچستان کی آگ کو مزید بھڑکایا جا رہا ہے۔ وزیراعظم کو، گمان یہی ہے کہ بلوچستان کی صورت حال کا علم ہوگا۔ ضرور علم ہوگا لیکن حکومت بلوچستان میں امن کیلئے کیا کر رہی ہے، اس کا علم کسی کو نہیں ہے۔ بظاہر تو کوئی بھی، کچھ بھی نہیں کر رہا۔ بلوچستان میں آگ پرویز مشرف نے لگائی تھی۔ شاید اس آگ کو مرحوم کی نشانی سمجھ کر بجھانے سے گریز کیا جا رہا ہے۔ پاکستان اگر ریلوے لائن کے ذریعے وسط ایشیا سے مل جاتا ہے تو یہ صرف وسط ایشیا سے مل جانا نہیں ہے، اس کے نتیجے میں پاکستان یورپ سے بھی مل جائے گا۔ کیونکہ وسط ایشیا کے زبردست ریلوے نیٹ ورک روس اور یورپ کے

یہ بتائی گئی ہے کہ ان کی نظر کے پی حکومت پر ہے۔ پہلے تو یہ اطلاع آئی تھی کہ اڈیالے والا مرشد وزیراعلیٰ گنڈاپور سے خوش نہیں، اسے ہٹانا چاہتا ہے۔ اس پر مولانا نے انہیں پیغام دیا کہ گنڈاپور کو ہٹانے کے بعد نئے وزیراعلیٰ کا نام میں دوں گا۔ اس پر مرشد نے ارادہ بدل دیا۔ یہ بتایا گیا تھا ___ لیکن اب نئی صورت حال پیدا ہوگئی ہے۔ ایک سے زیادہ ذرائع بتا رہے ہیں کہ مہینے ڈیڑھ مہینے میں جی ایچ کیو حملہ کیس کے جملہ ملزموں کو سزا ہونے والی ہے اور من جملہ دیگر کے، ان میں گنڈاپور بھی شامل ہیں۔ سزا ہوگی تو وہ نااہل ہو جائیں گے، وزارت اعلیٰ کی کرسی خالی ہو جائے گی۔ مولانا نے سوچ لیا ہے کہ یہ خلا وہ پر کریں گے۔ اور ظاہر ہے یہ کام وہ مرشد کی مدد سے نہیں، حکومت کی مدد سے کرنا چاہتے ہیں۔ بس اسی لئے وہ گرینڈ الائنس سے دور دور ہیں۔ چنانچہ گرینڈ الائنس بدستور ڈیڑھ جماعتی ہے، اڑھائی جماعتی بننے کا امکان نہیں ہے۔ صدر آصف زرداری نے کہا ہے کہ وہ اور بلاول پنجاب میں بیٹھا کریں گے۔ یعنی پنجاب میں پیپلز پارٹی کا پھر احیا کریں گے۔ ایک زمانہ تھا، پیپلز پارٹی پنجاب میں سندھ سے بھی زیادہ مقبول تھی۔ 1977 اور اس کے بعد کے برسوں میں پنجاب میں پی پی کی مقبولیت بتدریج کم ہوتی گئی۔ مسلم لیگ ن سب سے بڑی پارٹی بن گئی اور پی پی سندھ تک محدود ہوگئی۔ جیالوں کی بڑی تعداد یوتھیالوں میں بدل گئی یعنی جوق در جوق مرشداتی پارٹی میں شامل ہوگئی۔ اب جادو ٹونے کا زور ٹوٹا ہے تو پیپلز پارٹی کی قیادت کو یہ امید ہوگئی ہے کہ یہ مایوس یوتھیالے پھر سے جیالے ہو جائیں گے۔ دیکھئے یہ امید کس حد تک بر آتی ہے، کس حد تک نہیں۔ خیر، کچھ نہ کچھ تو پی پی میں ضرور واپس آئیں گے، سب کیلئے نہیں کہا جا سکتا۔ پنجاب میں مسلم لیگ ن کی مقبولیت بھی پہلے جیسی نہیں رہی۔ وفاقی حکومت نے اتنی زیادہ مہنگائی کر دی ہے کہ مسلم لیگ کے پرجوش حامی بھی پریشان ہیں۔ اوپر سے وہ وفاقی حکومت کی شاہ خرچیوں اور کابینہ میں اضافے کی خبریں سنتے ہیں تو گویا سونے پر سہاگہ پھر جاتا ہے۔ مریم نواز کی صوبائی حکومت کو امید ہے کہ وہ اپنے ترقیاتی کاموں کی بدولت وفاق سے نازل ہوئی عدم مقبولیت کی دھند ہٹالے گی گویا یہاں بھی معاملہ امید کا



گیم بدل جائے گی۔ ان کا بھی بھلا، ہمارا بھی بھلا، انت بھلے میں سب کا بھلا۔ ظاہر ہے جس رفتار سے ہمارے ہاں کام ہوتے ہیں، اگلے دو اڑھائی ہزار سال تک یہ لائن بن ہی جائے گی۔ یعنی اڑھائی تین ہزار سال بعد آنے والی ہماری نسلیں خوشحال نسلیں کہلائیں گی۔ لیکن گیم چینجر سے سی پیک کی یاد بھی آگئی۔ کہا گیا تھا کہ یہ خطے میں سب سے بڑا گیم چینجر منصوبہ ثابت ہوگا لیکن اس کی تو اپنی ہی گیم بدل دی گئی۔ باجوہ، ثاقب نثار اور مرشدان خان بہادر کے گنڈاسے لے کر سی پیک پر پل پڑے۔ چلئے، اب وہ پرانی بات ہوگئی، تینوں گنڈاسہ بردار اب منظر پر نہیں ہیں تو سی پیک کا قافلہ سخت جان کون سی منزل پر پہنچا ہے یا بدستور راستے ہی میں پھنس کے رہ گیا ہے۔ شہباز حکومت کو بنے سال تو ہو ہی گیا، سی پیک کی کوئی خیر خبر ہی نہیں۔ اس دوران بلوچستان کی صورت حال پہلے سے کئی گنا زیادہ سنگین ہوگئی۔ صاف لگ رہا ہے کہ سی پیک کے امکانات ختم کرنے کیلئے بلوچستان کی آگ کو مزید بھڑکایا جا رہا ہے۔ وزیراعظم کو، گمان یہی ہے کہ بلوچستان کی صورت حال کا علم ہوگا۔ ضرور علم ہوگا لیکن حکومت بلوچستان میں امن کیلئے کیا کر رہی ہے، اس کا علم کسی کو نہیں ہے۔ بظاہر تو کوئی بھی، کچھ بھی نہیں کر رہا۔ بلوچستان میں آگ پرویز مشرف نے لگائی تھی۔ شاید اس آگ کو مرحوم کی نشانی سمجھ کر بجھانے سے گریز کیا جا رہا ہے۔ پاکستان اگر ریلوے لائن کے ذریعے وسط ایشیا سے مل جاتا ہے تو یہ صرف وسط ایشیا سے مل جانا نہیں ہے، اس کے نتیجے میں پاکستان یورپ سے بھی مل جائے گا۔ کیونکہ وسط ایشیا کے زبردست ریلوے نیٹ ورک روس اور یورپ کے

ریلوے نیٹ ورکس سے ملے ہوئے ہیں، اوپر سے چین نے ان ریل راستوں کو سلک روٹ منصوبے کے تحت اور بھی ترقی دے دی ہے۔ پاکستان سے بذریعہ ریل ایک راستہ ایران اور ترکی کا بھی ہے لیکن یہ دو جگہ سے کٹا ہوا ہے۔ ایک کٹ ایران میں ہے، دوسرا ایران ترکی کی سرحد پر، پھر آبنائے باسفورس کا تیسرا کٹ ہے۔ وسط ایشیا سے لائن کا راستہ ایک تو ویسے ہی شارٹ کٹ ہے، پھر کہیں کوئی کٹ بھی نہیں۔ جتنے کٹ اصل میں ہیں، وہ پاکستان میں ہیں۔ کے پی میں ٹی ٹی پی بیٹھی ہوئی ہے، کیا وہ ٹرانس افغان پراجیکٹ کو بننے دے گی؟۔ اڈیالہ والا ہی بتا سکتا ہے۔ اسلام آباد میں ڈیڑھ جماعتی اپوزیشن کا گرینڈ الائنس بن گیا ہے۔ ایک جماعت تو ٹھہری پی ٹی آئی، ایک چوتھائی اچک زئی صاحب کی پارٹی، مزید ایک چوتھائی گلگت والی فرقہ وارانہ تنظیم، کل ملا کر یہ ڈیڑھ جماعتی اتحاد ہوا۔ یہ اڑھائی جماعتی اتحاد بن سکتا تھا اگر مولانا فضل الرحمٰن بھی اس میں شامل ہو جاتے لیکن وہ شامل نہیں ہو رہے۔

قبل از مسیح قدیمی تاریخی شہر سیالکوٹ

ہندو راجہ سل کے نام سے منسوب سلکوٹ موجودہ سیالکوٹ تاریخی وجغرافیائی اعتبار سے برصغیر پاک و ہند کا تاریخی شہر ہے جو قبل از مسیح سے اپنی منفرد حیثیت رکھتا ہے۔ مغربی پنجاب کے شمال مشرق میں موجود سیالکوٹ دریائے چناب اور دریائے توی کے سنگم پر ہے سیالکوٹ شہر کی بنیاد کی درست تاریخ موجود نہیں البتہ چار سے پانچ ہزار سال قبل اندازہ لگایا جاتا ہے۔ سیالکوٹ جموں سے تقریباً 30 کلومیٹر جانب جنوب ہے یہاں کی زیادہ تر آبادی کشمیری النسل ہے جو کہ جموں کے پہاڑوں پر رہتے تھے۔ زمین کا سٹرکچر ایسا ہے کہ جو جموں کے پہاڑ برف سے ڈھکے ہوئے ہوتے جن کے نیچے ڈھلوانی زمین جہاں باغات و سرسبز کھیت کھلیان ہوتے ہیں ایسی جگہ پر بنی نوع انسان آباد ہوتے ہیں یہی وجہ سیالکوٹ کی قدیم تہذیب و تمدن کی بنیاد بنتی ہے۔ جموں کا لغوی معنی ہے جما ہوا ہونا۔ پہاڑوں کے اوپر برف کی وجہ سے یہاں پر بہت زیادہ سردی پڑتی ہے۔ ابادی میں اضافے کے ساتھ ساتھ سمندر پیچھے ہٹتا جاتا ہے اور میدانی زمین بنتی جاتی ہے۔ جموں کے پہاڑوں پر کچھ لوگوں کو زیادہ سردی لگتی تھی۔ لہذا وہ موسم میں تبدیلی کی وجہ سے نیچے میدانی علاقوں میں اتر آئے۔ سیال پنجابی زبان کا لفظ ہے جس کا معنی ہے سردی کا موسم۔ کوٹ پنجابی زبان کا لفظ نہیں۔ دراصل یہ لفظ ہے کوٹھ۔ جسے سندھی میں گوٹھ بھی کہا جاتا ہے۔ کوٹھ ہی وقت کے ساتھ تو تبدیل ہو کر کوٹ بن گیا۔ یہ لوگ سردی کے موسم میں نیچے اتر آتے اور گرمیوں میں واپس اپنے علاقے میں چلے جاتے۔ گویا ان لوگوں کے لئے یہ جگہ سردیاں گزارنے کی جگہ تھی۔ جس وجہ سے اسے سیال کوٹھ کہا گیا۔ زمان ومکاں و تہذیبیں بدلتی رہیں اور ہندو راجہ سل نے یہ شہر فتح کیا مہاراجہ سل کے نام پر شہر قدیم کا سلکوٹ نام رکھا گیا البتہ سل یعنی س کے نیچے زیر ہے کہ جس کا معنی ہے ہلکا گیلا۔ سیالکوٹ نہ اس کا سنسکرت یا پنجابی میں کوئی معنی ہے۔ کوئی بھی زبان جب ابتدائی دور میں ہوتی ہے تو اس کے الفاظ بہت محدود ہوتے ہیں۔ آہستہ آہستہ وہ ترقی کرتے پنجابی کا طالب علم ہونے کی بابت جتنی تحقیق ہے سیال کوٹ کے نام کی وجہ تسمیہ یہی ہے۔ عرصے بیت گئے کیسے کیسے طالع آزما آئے اور دنیا سے کوچ کر گئے فاتح مرتے رہے مگر ہر دور میں سیالکوٹ زندہ رہا اور یہی بات سیالکوٹ قلعہ پر واقع جناح ہال پر لکھی گئی کہ سیالکوٹ تو زندہ رہے گا انشاء اللہ۔ حکیم الامت ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کیوجہ سے سیالکوٹ کو شہر اقبال، ایکسپورٹرز کیوجہ سے ایکسپورٹ سٹی، کھیلوں کے سامان کی دنیا بھر میں ترسیلات کیوجہ سے سپورٹس سٹی اور سب سے بڑھ کر سیالکوٹ کو مشاہیر زمانہ کا شہر کہا جاتا ہے کیونکہ اس قدیم تہذیب و تمدن کے حامل قدیمی شہر سیالکوٹ کی زرخیز مٹی نے دنیا کو مشاہیر زمانہ دیئے جنہوں نے اللہ تعالی کے فضل وکرم سے ہر شعبہ ہائے زندگی میں سیالکوٹ کا نام اونچا کیا۔

نوائے عامر
kh.amirjaved@gmail.com
0333-8604509
خواجہ عامر جاوید

صبرِ مصطفیٰ

حضرت فاطمہ کو چھوڑ کر آپ کی تمام اولادیں آپ کی آنکھوں کے سامنے اس دنیا سے رخصت ہوئیں۔ تینوں بیٹے بچپن کی عمر میں ہی انتقال کر گئے۔ جبکہ تینوں بیٹیاں عین جوانی میں دنیا سے رخصت ہوئیں۔ حضرت فاطمہ کا انتقال بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے صرف چھ ماہ بعد ہوگیا۔ یہ باتیں کتابوں میں پڑھنا بہت آسان ہے۔ لیکن ذرا دل پر ہاتھ رکھ کر سوچیں کہ کسی شخص کے ساتھ اگر یہ سانحہ پیش آجائے تو کیا ہوگا۔ اولاد کا معمولی سا دکھ بھی برداشت نہیں ہوتا۔ مگر سرکار دوعالمؐ کی ذات پر یہ آزمائش ٹوٹی کہ تینوں بیٹے بچپن کی اس عمر میں جب انسان بچوں کی ایک ایک ادا پر نثار ہو رہا ہوتا ہے، انتقال کر گئے اور بیٹیاں جوانی کی اس عمر میں جب موت کا تصور کرنا بھی بوجھل معلوم ہوتا ہے، خالق حقیقی سے جا ملیں۔ مگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان صدمات کو کمال حوصلہ کے ساتھ برداشت کیا۔ آپ کے آخری صاحبزادے حضرت ابراہیم کا انتقال جنگ تبوک کے بعد بالکل آخری دور میں ہوا جب آپ کے وہ الفاظ تاریخ میں نقل ہوگئے جو آپؐ نے اس موقع پر ارشاد فرمائے تھے: ہماری آنکھیں بہہ رہی ہیں، دل افسردہ ہے، مگر ہم زبان سے صرف وہی کہیں گے جو ہمارے رب کو پسند ہے۔ دنیا میں کوئی اور شخص ہے جو صبر و برداشت کی یہ نظیر پیش کرسکے۔ جس روز اللہ کے رسولؐ نے لوگوں کو ایک اللہ کی طرف آنے کی دعوت دی اسی روز سے قوم کی نادانیوں اور ایذاؤں کا سلسلہ جاری ہوگیا۔ آپ کی راہ روکی گئی، آپ کو جھٹلایا گیا، آپ کو ٹھٹھہ اور تضحیک سے رسوا کرنے کی کوششیں کی گئیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب قریش کی ایذاؤں کا ہدف بنے تھے اس وقت آپ کے رفقا کو بھی ان مصیبتوں سے واسطہ نہیں پڑا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے: مجھے اللہ کے معاملے میں اس قدر ڈرایا اور دھمکایا گیا کہ کسی اور کو اس قدر نہیں ڈرایا گیا۔ مجھے اللہ کے معاملے میں جس قدر اذیت سے دوچار کیا گیا کسی اور کو نہیں کیا گیا۔ میرے اوپر تیس دن رات ایسے بھی آتے رہے کہ میرے اور بلال کے پاس کھانے کے لیے کوئی چیز نہیں ہوتی تھی جس کو کوئی جان دار کھا سکے، سوائے اس معمولی شے کے جو بلال اپنی بغل میں چھپائے ہوتے۔ (سنن ترمذی)۔۔۔ حضرت ابوسعید خدری بیان کرتے ہیں کہ ایک بار میں نے آپ سے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! سب سے زیادہ سخت آزمائش کس کی ہوتی ہے؟ آپ نے فرمایا: انبیا کی، پھر ان سے کم درجہ لوگوں کی، پھر ان سے کم درجہ لوگوں کی۔ آدمی کی آزمائش اس کی دینی کیفیت کے مطابق ہوتی ہے۔ اگر وہ دین میں مضبوط ہو تو آزمائش بھی سخت ہوتی ہے اور اگر دین میں نرم ہو تو اس کی دینی کیفیت کے مطابق ہی آزمائش بھی ہوتی ہے۔ بندے پر آزمائشوں کا سلسلہ جاری رہتا ہے حتی کہ ایک وقت ایسا آجاتا ہے کہ وہ زمین پر چلتا ہے تو اس کے اوپر کوئی گناہ نہیں ہوتا۔ (ترمذی)۔ ترمذی میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے جب کوئی معاملہ بڑا اہم ہوجاتا تو آپ آسمان کی طرف چہرہ بلند کرلیتے اور گڑگڑا کر دعا کرنا مقصود ہوتا تو یاحی یا قیوم کہتے۔ حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی اہم معاملہ درپیش ہوتا تو آپ یوں دعا کرتے: یاحی یا قیوم برحمتک استغیث اے زندہ اور قائم ذات! میں تیری رحمت کے واسطے سے تیری مدد کا طالب ہوں۔ آپ کو اللہ کے راستے میں ہر وہ تکلیف دی گئی جس کا تصور کیا جا سکتا ہے۔ آپ نے اپنے قریب ترین رشتے داروں اور ہم قبیلہ لوگوں کی بدترین مخالفت جھیلی۔ صبح و شام طرح طرح کے توہین آمیز کلمات، خطابات اور طنزیہ جملے سنے۔ ہر طرح کا الزام، بہتان، ہجوگوئی، استہزا اور سوشل بائیکاٹ سہا۔ عین حرم پاک میں، مکہ کے بازاروں میں اور طائف کے پہاڑوں پر آپ اور آپ کے ساتھی ہر طرح کی مخالفت، ذلت اور تشدد کا شکار رہے۔ ہجرت کے بعد کبھی جنگ و جدل کی سختیاں جھیلیں تو کبھی محبوب ترین رشتے داروں اور عزیزوں کی کفار کے ہاتھوں انتہائی دردناک موت کا سانحہ جھیلا۔ کبھی یہود و منافقین کے ہاتھوں اپنے اہل خانہ پر بدترین بہتانوں کو برداشت کیا تو کبھی اپنی ذات کے حوالے سے غلیظ اسکینڈلوں کو سہا۔ مگر کبھی بددعا دی، نہ انتقام لیا۔ مجھے اللہ کے معاملے میں اس قدر ڈرایا اور دھمکایا گیا کہ کسی اور کو اس قدر نہیں ڈرایا گیا۔ مجھے اللہ کے معاملے میں جس قدر اذیت سے دوچار کیا گیا کسی اور کو نہیں کیا گیا۔ میرے اوپر تیس دن رات ایسے بھی آتے رہے کہ میرے اور بلال کے پاس کھانے کے لیے کوئی چیز نہیں ہوتی تھی جس کو کوئی جان دار کھا سکے، سوائے اس معمولی شے کے جو بلال اپنی بغل میں چھپائے ہوتے۔ (سنن ترمذی)۔۔۔ حضرت ابوسعید خدری بیان کرتے ہیں کہ ایک بار میں نے آپ سے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ

مکتوب امریکہ
طیبہ ضیا

علیہ وسلم! سب سے زیادہ سخت آزمائش کس کی ہوتی ہے؟ آپ نے فرمایا: انبیا کی، پھر ان سے کم درجہ لوگوں کی، پھر ان سے کم درجہ لوگوں کی۔ آدمی کی آزمائش اس کی دینی کیفیت کے مطابق ہوتی ہے۔ اگر وہ دین میں مضبوط ہو تو آزمائش بھی سخت ہوتی ہے اور اگر دین میں نرم ہو تو اس کی دینی کیفیت کے مطابق ہی آزمائش بھی ہوتی ہے۔ بندے پر آزمائشوں کا سلسلہ جاری رہتا ہے حتی کہ ایک وقت ایسا آجاتا ہے کہ وہ زمین پر چلتا ہے تو اس کے اوپر کوئی گناہ نہیں ہوتا۔ (ترمذی)۔ ترمذی میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے جب کوئی معاملہ بڑا اہم ہوجاتا تو آپ آسمان کی طرف چہرہ بلند کرلیتے اور گڑگڑا کر دعا کرنا مقصود ہوتا تو یاحی یا قیوم کہتے۔ حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی اہم معاملہ درپیش ہوتا تو آپ یوں دعا کرتے: یاحی یا قیوم برحمتک استغیث اے زندہ اور قائم ذات! میں تیری رحمت کے واسطے سے تیری مدد کا طالب ہوں۔ آپ کو اللہ کے راستے میں ہر وہ تکلیف دی گئی جس کا تصور کیا جا سکتا ہے۔ آپ نے اپنے قریب ترین رشتے داروں اور ہم قبیلہ لوگوں کی بدترین مخالفت جھیلی۔ صبح و شام طرح طرح کے توہین آمیز کلمات، خطابات اور طنزیہ جملے سنے۔ ہر طرح کا الزام، بہتان، ہجوگوئی، استہزا اور سوشل بائیکاٹ سہا۔ عین حرم پاک میں، مکہ کے بازاروں میں اور طائف کے پہاڑوں پر آپ اور آپ کے ساتھی ہر طرح کی مخالفت، ذلت اور تشدد کا شکار رہے۔ ہجرت کے بعد کبھی جنگ و جدل کی سختیاں جھیلیں تو کبھی محبوب ترین رشتے داروں اور عزیزوں کی کفار کے ہاتھوں انتہائی دردناک موت کا سانحہ جھیلا۔ کبھی یہود و منافقین کے ہاتھوں اپنے اہل خانہ پر بدترین بہتانوں کو برداشت کیا تو کبھی اپنی ذات کے حوالے سے غلیظ اسکینڈلوں کو سہا۔

غیر محفوظ موبائل ڈیٹا کی قباحتیں

امریکہ میں ٹرمپ کے وائٹ ہاؤس لوٹ آنے کے بعد دنیا کسی بھی صورت ویسی نہیں رہے گی جس کے ہم کئی دہائیوں سے عادی ہوچکے ہیں۔ نئی دنیا کا آغاز کئی دانشوروں کی نگاہ میں کمیونزم کے خاتمے کے بعد ہوا تھا۔ سرد جنگ ختم ہوئی تو دنیا نظر بظاہر سکڑ کر عالمی گاؤں میں تبدیل ہوگئی اور پھر ہر جا پھیل گئے موبائل فون۔ ان میں فیس بک اور واٹس ایپ جیسی ایپس نصب ہوئیں تو گویا دوردراز شہروں اور قصبات میں مقیم ہر شخص ہمارا ہمسایہ بن گیا۔ سوال مگر یہ اٹھتا ہے کہ ہمسائیگی انسانوں کے مابین روحانی فیصلوں کو ختم کرنے میں ناکام ہوئی۔ اس سوال پر غور کریں تو جواب نفی میں ملتا ہے۔ دنیا سکڑی تو بلکہ انسانوں کو ایک دوسرے کے بہت قریب آ کر اپنی جداگانہ شناخت کا مزید احساس ہونا شروع ہوگیا۔ انسان کی اصل بیماری ہی اس کا احساسِ انفرادیت ہے۔ اسی باعث آپ کو پرانے دیہاتوں میں ایک دوسرے کے خاندانی ویری کثیر تعداد میں نظر آتے ہیں حالانکہ محدود قطعہ زمین پر نسلوں سے قریب رہنے کی وجہ سے ان میں الفت وقربت کے رشتے گہرے ہونا چاہئیں تھے۔ وائٹ ہاؤس میں ٹرمپ کی آمد درحقیقت اس نئی دنیا کے خاتمے کا اعلان ہے جو سرد جنگ کے اختتام پر نمودار ہوئی تھی۔ انفرادیت قوم پرستی میں بدل کر انسانوں کو عالمی ذمہ داریوں سے بیگانہ بنا رہی ہے۔ عالمی ذمہ داریوں سے بے اعتنائی کے سبب ہی 2022 کے اپریل سے روس کی یوکرین کے خلاف جنگ جاری ہے۔ ہزاروں لوگ اس کی وجہ سے مارے گئے۔ لاکھوں بے گھر ہو کر غیر ملکوں میں پناہ گزین ہو چکے ہیں۔ بے تحاشہ تباہی کے باوجود جنگ بندی کے امکانات ابھرے تو ہیں مگر وہ بنیادی طور پر جارح کے حق میں جاتے نظر آرہے ہیں۔ اکتوبر 2023 سے غزہ کی پٹی بھی مستقل ظلم کا نشانہ بنی ہوئی ہے۔ وہاں نسلوں سے آباد فلسطینیوں کی مدد کوئی ملک کر نہیں پایا۔ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس پہنچ کر بھی جو امن فارمولا سوچا ہے وہ غزہ کو فلسطینیوں سے پاک کرنا چاہ رہا ہے۔ نہایت سفاکی سے یہ نہ بانس رہے نہ بانسری والا رویہ ہے۔ غزہ سے فلسطینیوں کو نکال کر ٹرمپ وہاں جدید ترین سہولتوں سے مالا مال ایک بستی بسانا چاہتا ہے جہاں دنیا کے امیر ترین لوگ سمندر کے کنارے زندگی کا لطف اٹھائیں گے۔ اس کا فارمولا ابھی تک ظلم کا نشانہ بنے فلسطینیوں نے قبول نہیں کیا۔ وقتی طور پر جنگ اگرچہ تھم گئی ہے۔ دائمی امن کا حصول مگر ممکن دکھائی نہیں دے رہا۔ یوکرین اور غزہ سرد جنگ کے خاتمے کے بعد قائم ہوئی نئی دنیا کی تباہی کا بدترین مظہر ہیں۔ انتشار ابتری مگر دنیا میں ہر طرف پھیلی ہوئی ہے۔ یورپ کئی صدیوں تک نئی ایجادات وخیالات کا مرکز رہا۔ ان دنوں بے بس ہوا قرون وسطیٰ میں لوٹتا نظر آرہا ہے۔ ہمارے ہاں بھی زندگی بہت اداس ہے۔ کئی آمرانہ حکومتیں بھگتنے کے باوجود ہمارے ہاں زندہ دل مزاحمت کے رجحانات بھی اپنی جگہ برقرار رہے۔ گزشتہ چند برسوں سے وہ رویہ بھی ختم ہونا شروع ہوگیا ہے۔ حکمرانوں میں برداشت باقی نہیں رہی۔ اپوزیشن جماعتیں کثیر تعداد کی حمایت کے باوجود کوئی قابل عمل حکمت عملی بنانے میں ناکام ہیں۔ ابتری کے موجودہ ماحول کو میں اس کالم میں کسی ایک واقع پر توجہ دیتے ہوئے نام نہاد بگ پکچر کی جانب بڑھنا چاہتا ہوں۔ رات سونے سے قبل جو موضوع طے کر رکھا ہوتا ہے صبح اٹھتے ہی غیر متعلقہ محسوس ہوتا ہے۔ آج بھی کسی اور موضوع پر لکھنا تھا مگر گھر کی خبر لینا ضروری سمجھتا ہوں۔ بدھ کی صبح چھپے کالم میں آپ نے مصطفیٰ نامی نوجوان کے قتل کا ذکر سنا ہوگا۔ مبینہ طور پر ارمغان نامی نوجوان نے بے دردی سے قتل کیا۔ مصطفیٰ اور ارمغان قریبی دوست ہوا کرتے تھے۔ شنید ہے کہ 2024 کی آخری رات ایک لڑکی کی وجہ سے ان کے مابین تلخی ہوئی۔ اس تلخی کے بعد ارمغان نے اسے اغوا کرلیا۔ اغوا کرنے کے بعد وہ ظالم شخص ٹاس کر کے یہ فیصلہ کرتا رہا کہ مصطفیٰ کو جان سے مارا جائے یا نہیں۔ بدقسمتی سے ٹاس مصطفیٰ کے خلاف آتا رہا۔ ارمغان نے ٹاس ہی کی وجہ سے شدید زخمی مگر زندہ مصطفیٰ کو کراچی سے حب لے جا کر نذر آتش کر دیا۔ بات رقابت سے شروع ہو کر ایک ہولناک قتل تک پہنچی ہوتی تو میں اسے نظرانداز کر دیتا۔ مذکورہ قتل کے بعد نمایاں ہوئے واقعات نے مگر حیران کر رکھا ہے۔ 7 جنوری 2025 کو لاپتہ ہوا مصطفیٰ مقتول کی صورت برآمد ہوا تو اس کے مبینہ قاتل کی گرفتاری کے لئے کراچی پولیس متحرک ہوئی۔ قاتل ایسے گھر میں مقیم تھا جہاں کال سنٹر بھی چلایا جاتا ہے۔ یہ کال سنٹر مگر ڈبہ تھا جس کا حقیقی مقصد امریکہ اور یورپ میں مقیم بوڑھوں کے کریڈٹ کارڈ اور بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات جمع کر کے انہیں ہتھیانا تھا۔ ڈبہ کال سنٹر فقط کراچی تک ہی محدود نہیں ہیں۔ لاہور اور فیصل آباد کے اکثر سنٹر بھی ایسی وارداتوں میں شامل ہیں۔ موبائل فون کا حامل ہر پاکستانی بھی اب ان کے نشانے پر ہے۔ آپ میں سے اکثر کو ایسے فون نمبروں سے کال آتی ہوگی جو آپ کے پاس محفوظ نہیں ہیں۔ آپ اٹھا کر ہیلو کہیں تو وہ آپ کو نام لے کر پکاریں گے۔ ان کا تعلق کسی نہ کسی دھندے سے ہوگا۔ وہ اسے مارکیٹ کرنا چاہ رہے ہوں گے۔ آپ اکثر غصے میں ایسی کالز سے جان چھڑا لیتے ہیں۔ یہ مگر شاذ ہی سوچا ہوگا کہ آپ کو کسی دھندے میں پیسہ لگانے کی جانب راغب کرنے والے نے آپ کو نام لے کر کیوں پکارا ہے۔ میں اکثر اس کے بارے میں سوچتے ہوئے اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ موبائل کمپنیوں کے پاس اپنے صارفین کا جو ڈیٹا ہے وہ محفوظ نہیں۔ اسے چرانے کے بعد فروخت کیا جاتا ہے۔ اسی باعث آپ کے فون پر جب اجنبی فون آتا ہے۔ آپ ہیلو کہتے ہیں تو دوسری طرف سے آپ کو نصرت صاحب بات کر رہے ہیں؟ کہا جاتا ہے۔ آپ کے موبائل سے جمع شدہ معلومات کو Data کہا جاتا ہے۔ اس پر اجارہ داری کی بدولت ذہن سازی ہوتی ہے۔ اس ذہن سازی نے کئی ملکوں میں فرقہ وارانہ فسادات بھڑکائے۔ خانہ جنگی کو ہوا دی۔ ذہن سازی کے کارنامے سامنے آئے تو امریکی کانگریس میں طویل تحقیقات ہوئیں۔ اس کے نتیجے میں فیس بک کو اپنے ہاں پوسٹ ہوئے مواد پر نگاہ رکھنے کو چوکیدار بٹھانے پڑے۔ ٹرمپ کی آمد کے بعد مگر ان چوکیداروں کی آزادی اظہار کے نام پر فراغت ہوچکی ہے۔ جو کبھی ٹویٹر کہلاتا تھا ان دنوں ایلان مسک کی ملکیت ہے۔ وہ اس پلیٹ فارم کو انتہائی بے دردی سے اپنے خیالات کے فروغ کے لئے استعمال کر رہا ہے۔ یورپی یونین نے چونکہ ابھی تک انٹرنیٹ کے متعدد پلیٹ فارموں پر چوکیدار بٹھا رکھے ہیں۔ اسی باعث ایلان اور اس کا دوست ٹرمپ مل کر یورپی یونین کی تباہی کو ڈٹے ہوئے ہیں۔ اتنی بڑی لڑائی کے پس منظر میں ہمارے ہاں قائم ہوئے۔

برملا
نصرت جاوید
nusrat.javeed@gmail.com

وزیراعلی لاہور پولیس کی مثالی کارکردگی کے باوجود ناراض کیوں؟

پولیس کا ذکر ہوتے ہی ذہن میں مختلف قسم کے سوال اٹھنے لگتے ہیں۔ دیکھا جائے تو ہر ریاست اور معاشرے میں پولیس کا اہم اور بنیادی رول ہے۔ وہ کسی بھی ریاست اور معاشرے میں نظم ونسق اور امن وامان کی بحالی میں اپنا کردار ادا کرتی ہے۔ جرائم بڑھ جائیں تو اس کی بیخ کنی کرتی ہے۔ جہاں پولیس اپنا مثالی اور فعال کردار ادا کرتی ہے، وہ ریاستیں اور معاشرے اعتماد و سکون کا گہوارہ بن جاتے ہیں۔ جہاں اس کے کردار کی نفی ہو جائے تو یوں سمجھئے پولیس کا سارا ڈھانچہ ہی کلیپس کر جاتا ہے۔ یہ ادارہ حکومت کی گڈ گورننس کے ساتھ بیڈ گورننس کا بھی باعث بنتا ہے۔ پنجاب بالخصوص لاہور پولیس جو ہمیشہ ہی تنقید کی زد میں رہتی ہے۔ ایک عرصے کے بعد لاہور پولیس جس نے بڑی محنت اور جانفشانی سے شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا جس سے شہر میں جرائم کی شرح میں نمایاں کمی واقع ہوئی یقیناً اسے لاہور پولیس کی بہتر کوارڈی نیشن کا نتیجہ ہی قرار دیا جاسکتا ہے۔ پنجاب پولیس نے خود کارکردگی رپورٹ جاری کرتے ہوئے دعوی کیا کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ کارکردگی کے تناسب میں لاہور پولیس پہلے نمبر پر آگئی ہے۔ پنجاب کے سینٹرل پولیس آفس کی جانب سے صوبے بھر کی کارکردگی کی جو رپورٹس جاری کی گئیں جس کے مطابق پنجاب کے 36 اضلاع کو تین کیٹگریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پولیس کی کارکردگی جانچنے کے لیے 36 نکات پر مشتمل کارکردگی رپورٹ تیار کی گئیں، جس میں جرائم کی روک تھام، دہشت گردی، لا اینڈ آرڈر اور ٹریفک کی روانی سمیت دیگر نکات کارکردگی رپورٹ میں شامل تھے اور کارکردگی جانچنے کے لیے ان 36 نکات کے 100 نمبر رکھے گئے۔ رپورٹ میں لاہور پولیس نے ہر بار اچھے نمبروں کے ساتھ نمایاں پوزیشن حاصل کی۔ محکمہ پولیس میں سب سے اہم رول کمانڈر کا ہوتا ہے وہ کمانڈر چاہے صوبے کا ہو یا اضلاع کا اگر وہ ایماندار اور پیشہ وارانہ مہارت کا حامل ہوگا تو پوری ٹیم کی کارکردگی خود بخود ٹھیک ہو جائے گی۔ یہ ہی وجہ ہے کہ لاہور پولیس کے کمانڈر بلال صدیق کمیانہ کی ان تھک محنت، لگن اور ایمانداری کی بدولت ہی لاہور پولیس ہر بار نمایاں پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب رہی۔ اب پنجاب پولیس کے چند ایک بڑے افسران کو ان کی اس متاثر کن کارکردگی نے پریشان کر رکھا ہے اور انہوں نے ان سے خوش ہونے کی بجائے لاہور پولیس کے متعلق سازشیں شروع کردی ہیں۔ لاہور پولیس کی ایک کامیاب ٹیم جو کہ ایک تسبیح کی مانند تھی آہستہ آہستہ اسے کمزور کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ سب سے پہلے ان کے ایک کامیاب پولیس آفیسر ایس ایس پی عاطف نذیر کو لاہور سے تبدیل کروایا گیا جو کہ انتہائی اچھی شہرت کے حامل اور پنجاب حکومت کی گڈ گورننس کا باعث بن رہے تھے وہ ایک بڑے اضلاع سیالکوٹ جیسے شہر میں اپنا لوہا منوا چکے تھے انہیں حافظ آباد جیسے تحصیل لیول کے چھوٹے اضلاع میں تعیناتی دے کر ان کے ساتھ مذاق کیا گیا ہے۔ پھر لاہور کا ایک کامیاب ونگ آرگنائزڈ کرائم جس کی بدولت لاہور پولیس نے حقیقی معنوں میں بے تحاشا کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ ڈی آئی جی عمران کشور کی خدمات مثالی رہیں۔ وہ انویسٹی گیشن میں تھے تو انہوں نے اس کا مورال بلند کر دیا پھر انہوں نے شہر سے بڑے بڑے نہ صرف گینگ کا خاتمہ کیا بلکہ چیلنج سمجھے جانے والے مقدمات کو ٹریس کر کے حکومت کی گڈ گورننس کا باعث بنے۔ آرگنائزڈ کرائم یونٹ کی پوری ٹیم نے جس طرح دن رات لگن سے کام کر کے نہ صرف خطرناک ڈاکوؤں کو گرفتار کیا بلکہ اربوں روپے نقدی اور دیگر مال مسروقہ سامان برآمد کر کے متاثرین کو ریکارڈ ریکوریاں بھی دی ہیں جس سے آج لوگ لاہور پولیس کو دعائیں دے رہے ہیں۔ اے وی ایل ایس کی بہتر کارکردگی کی بدولت لاہور شہر میں کار چوری کی وارداتوں کا آج مکمل طور پر خاتمہ ہو چکا ہے، آج کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس کی گاڑی چوری ہوئی اور ریکور نہیں کی گئی۔ شوٹرز جنہوں نے شہر میں اوپر تلے وارداتیں کر کے خوف و ہراس پھیلا رکھا تھا۔ ڈی آئی جی عمران کشور کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کی بدولت آج وہ بھی اپنے انجام کو پہنچ چکے ہیں۔ اس کامیاب ونگ کو بھی ختم کرنا لاہور پولیس کے ساتھ بڑی سازش ہی قرار دیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران جن کی تعیناتی سے قبل لاہور میں 150 سے ذائد موٹر سائیکلیں چوری ہونے کی روزانہ کی بنیاد پر کالز ہورہی تھیں انہوں نے بھی دن رات محنت کر کے جرائم کی شرح میں حقیقی معنوں میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ انوسٹی گیشن ونگ جو کہ کمزور سمجھا جا رہا تھا نئے ڈی آئی جی ذیشان رضا کی آمد سے اس شعبے میں بھی نکھار پیدا ہوگیا ہے اور اس کی کارکردگی میں بھی بہتری نظر آنا شروع ہوگئی ہے۔ لاہور پولیس جو کہ پنجاب کا چہرہ مہرہ ہے اس کی کاوشوں اور کمانڈر کو خراج تحسین پیش کرنے کی بجائے انہیں سوچی سمجھی سازش کے تحت تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ کل تک پنجاب حکومت جو لاہور پولیس بالخصوص سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی بڑی متحرف نظر آرہی تھی آخر اچانک کیا ہوا ہے۔

کرائم ڈائری
یونس باٹھ
Younasbaath@gmail.com

سانحہ نومئی تاریخ کا سیاہ ترین باب

سانحہ نومئی کو رونما ہوئے ایک سال سے زائد عرصہ ہو چکا اور غالباً دوسرا سال بھی نومئی کو مکمل ہو جائیگا اور یقیناً نومئی کی تاریخ بھی دور نہیں فروری جاری ہے اور اسکے بعد مارچ اپریل اور پھر مئی آجائے گا۔ دنیا جانتی ہے کہ نو مئی کو زبردست ہنگامہ آرائی، لڑائی جھگڑا، دنگا فساد رونما ہوا اور جس طرح سے ملک بھر میں ایک سازش کے تحت باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت فساد برپا کیا گیا وہ قابل مذمت ہے اور اس سے بڑھ کر افسوس ناک اور کیا ہوگا کہ عوام اپنے ہی اداروں کی سکیورٹی کو پامال کر دیں، انکے وقار کی دھجیاں بکھیر دیں اور یقیناً جس طرح سے ہمارے اداروں پہ حملہ کیا گیا ملک بھر میں آگ لگائی گئی وہ ہماری تاریخ کی کتابوں میں سیاہ حروف سے رقم ہو چکا ہے اور یقیناً سانحہ نو مئی کے حوالے سے تاحال اصل حقائق پہنچنے سے قاصر ہیں اور عوام تاحال یہ نہیں جان سکے کہ سانحہ نومئی کیوں ہوا کیسے ہوا اور کس نے کیا۔ یقیناً عوام بھی سانحہ نو مئی کے اصل حالات و واقعات جاننے کے خواہشمند ہیں اور پاکستانی عوام کا مطالبہ بھی یہی ہے کہ جلد از جلد سانحہ نومئی میں ملوث افراد کو بے نقاب کیا جائے اور سخت سے سخت سزا بھی دی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی ملکی سلامتی و بقا کے خلاف سازش نارچا سکے تو بہرحال اجازت دوستو ملتے ہیں جلد بریک کے بعد تو چلتے چلتے اللہ نگہبان رب راکھا۔



سانحہ نومئی کو رونما ہوئے ایک سال سے زائد عرصہ ہو چکا اور غالباً دوسرا سال بھی نومئی کو مکمل ہو جائیگا اور یقیناً نومئی کی تاریخ بھی دور نہیں فروری جاری ہے اور اسکے بعد مارچ اپریل اور پھر مئی آجائے گا۔ دنیا جانتی ہے کہ نو مئی کو زبردست ہنگامہ آرائی، لڑائی جھگڑا، دنگا فساد رونما ہوا اور جس طرح سے ملک بھر میں ایک سازش کے تحت باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت فساد برپا کیا گیا وہ قابل مذمت ہے اور اس سے بڑھ کر افسوس ناک اور کیا ہوگا کہ عوام اپنے ہی اداروں کی سکیورٹی کو پامال کر دیں، انکے وقار کی دھجیاں بکھیر دیں اور یقیناً جس طرح سے ہمارے اداروں پہ حملہ کیا گیا ملک بھر میں آگ لگائی گئی وہ ہماری تاریخ کی کتابوں میں سیاہ حروف سے رقم ہو چکا ہے اور یقیناً سانحہ نو مئی کے حوالے سے تاحال اصل حقائق پہنچنے سے قاصر ہیں اور عوام تاحال یہ نہیں جان سکے کہ سانحہ نومئی کیوں ہوا کیسے ہوا اور کس نے کیا۔ یقیناً عوام بھی سانحہ نو مئی کے اصل حالات و واقعات جاننے کے خواہشمند ہیں اور پاکستانی عوام کا مطالبہ بھی یہی ہے کہ جلد از جلد سانحہ نومئی میں ملوث افراد کو بے نقاب کیا جائے اور سخت سے سخت سزا بھی دی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی ملکی سلامتی و بقا کے خلاف سازش نارچا سکے تو بہرحال اجازت دوستو ملتے ہیں جلد بریک کے بعد تو چلتے چلتے اللہ نگہبان رب راکھا۔ سانحہ نومئی کو رونما ہوئے ایک سال سے زائد عرصہ ہو چکا اور غالباً دوسرا سال بھی نومئی کو مکمل ہو جائیگا اور یقیناً نومئی کی تاریخ بھی دور نہیں فروری جاری ہے اور اسکے بعد مارچ اپریل اور پھر مئی آجائے گا۔ دنیا جانتی ہے کہ نو مئی کو زبردست ہنگامہ آرائی، لڑائی جھگڑا، دنگا فساد رونما ہوا اور جس طرح سے ملک بھر میں ایک سازش کے تحت باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت فساد برپا کیا گیا وہ قابل مذمت ہے اور اس سے بڑھ کر افسوس ناک اور کیا ہوگا کہ عوام اپنے ہی اداروں کی سکیورٹی کو پامال کر دیں، انکے وقار کی دھجیاں بکھیر دیں اور یقیناً جس طرح سے ہمارے اداروں پہ حملہ کیا گیا ملک بھر میں آگ لگائی گئی وہ ہماری تاریخ کی کتابوں میں سیاہ حروف سے رقم ہو چکا ہے اور یقیناً سانحہ نو مئی کے حوالے سے تاحال اصل حقائق پہنچنے سے قاصر ہیں اور عوام تاحال یہ نہیں جان سکے کہ سانحہ نومئی کیوں ہوا کیسے ہوا اور کس نے کیا۔ یقیناً عوام بھی سانحہ نو مئی کے اصل حالات و واقعات جاننے کے خواہشمند ہیں اور پاکستانی عوام کا مطالبہ بھی یہی ہے کہ جلد از جلد سانحہ نومئی میں ملوث افراد کو بے نقاب کیا جائے اور سخت سے سخت سزا بھی دی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی ملکی سلامتی و بقا کے خلاف سازش نارچا سکے تو بہرحال اجازت دوستو ملتے ہیں جلد بریک کے بعد تو چلتے چلتے اللہ نگہبان رب راکھا۔ سانحہ نومئی کو رونما ہوئے ایک سال سے زائد عرصہ ہو چکا اور غالباً دوسرا سال بھی نومئی کو مکمل ہو جائیگا اور یقیناً نومئی کی تاریخ بھی دور نہیں فروری جاری ہے اور اسکے بعد مارچ اپریل اور پھر مئی آجائے گا۔ دنیا جانتی ہے کہ نو مئی کو زبردست ہنگامہ آرائی، لڑائی جھگڑا، دنگا فساد رونما ہوا اور جس طرح سے ملک بھر میں ایک سازش کے تحت باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت فساد برپا کیا گیا وہ قابل مذمت ہے اور اس سے بڑھ کر افسوس ناک اور کیا ہوگا کہ عوام اپنے ہی اداروں کی سکیورٹی کو پامال کر دیں، انکے وقار کی دھجیاں بکھیر دیں اور یقیناً جس طرح سے ہمارے اداروں پہ حملہ کیا گیا ملک بھر میں آگ لگائی گئی وہ ہماری تاریخ کی کتابوں میں سیاہ حروف سے رقم ہو چکا ہے اور یقیناً سانحہ نو مئی کے حوالے سے تاحال اصل حقائق پہنچنے سے قاصر ہیں اور عوام تاحال یہ نہیں جان سکے کہ سانحہ نومئی کیوں ہوا کیسے ہوا اور کس نے کیا۔ یقیناً عوام بھی سانحہ نومئی کے اصل حالات و واقعات جاننے کے خواہشمند ہیں اور پاکستانی عوام کا مطالبہ بھی یہی ہے کہ جلد از جلد سانحہ نومئی میں ملوث افراد کو بے نقاب کیا جائے اور سخت سے سخت سزا بھی دی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی ملکی سلامتی و بقا کے خلاف سازش نارچا سکے تو بہرحال اجازت دوستو ملتے ہیں جلد بریک کے بعد تو چلتے چلتے اللہ نگہبان رب راکھا۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN

Booking.com

آئی سی سی چیمپیئنز ٹرافی میں آسٹریلیا کی کپتانی سٹیو سمتھ کر رہے ہیں جبکہ انگلینڈ کی قیادت جوز بٹلر کریں گے (فائل فوٹو / اے ایف پی)

آپ کو تنخواہ بھارتی کرکٹ کی وجہ سے ملتی ہے، گواسکر کا تنقید کرنیوالوں کو جواب

انگلینڈ کے سابق کرکٹر ناصر حسین اور مائیکل ایتھرٹن نے بھارتی ٹیم کو بے جا فائدہ ملنے پر تنقید کا نشانہ بنایا تھا

نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی کرکٹر سنیل گواسکر نے بھارتی ٹیم پر تنقید کرنے والے سابق کرکٹرز کو کہا ہے کہ آپ سب کو تنخواہیں بھارتی کرکٹ کی وجہ سے ملتی ہیں۔ انگلینڈ کے سابق کرکٹر ناصر حسین اور مائیکل ایتھرٹن نے بھارتی ٹیم کو بے جا فائدہ ملنے پر تنقید کا نشانہ بنایا تھا، ان کا کہنا تھا کہ بھارتی ٹیم کے میچز صرف دبئی میں ہونے سے انھیں ایڈوانٹیج ملا اور چیمپئنز ٹرافی کے لیے بلیو شرٹس کو فیور دیا گیا۔ ناصر حسین اور مائیکل ایتھرٹن اور دیگر سابق کرکٹرز نے کہا تھا کہ بھارت کو دوسری ٹیموں پر ایک مخصوص فائدہ دیا گیا ہے، دوسری ٹیمیں مقامات تبدیل کر رہی ہیں، سفر کر رہی ہیں اور مختلف حالات میں ایڈجسٹ ہونے کی کوشش کر رہی ہیں۔ سنیل گواسکر نے کہا کہ یہ لوگ ہمیشہ سے بھارت پر تنقید کرتے آئے ہیں، وہ یہ نہیں سمجھ سکتے کہ بھارت بین الاقوامی کرکٹ میں معیار، آمدنی، ٹیلنٹ اور سب سے اہم بات آمدنی پیدا کرنے کے لحاظ سے کہاں کھڑا ہے۔ سابق لیجنڈ کرکٹر نے کہا ک عالمی کرکٹ میں ٹیلی ویژن کے حقوق اور میڈیا کے ذریعے ہونے والی آمدنی میں بڑے پیمانے پر بھارت کا کردار ہے، انھیں سمجھنا چاہیے کہ انھیں تنخواہیں بھی اس سے ملتی ہیں جو آمدنی بھارت کے سبب کرکٹ کی دنیا میں آتی ہے۔ آسٹریلیا اور افغانستان سے ہارنے کے بعد انگلینڈ پر تنقید کرتے ہوئے گواسکر نے ناصر حسین اور ایتھرٹن کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے گھر پر توجہ مرکوز کریں۔ گواسکر نے کہا کہ میرے خیال میں یہ سب سمجھدار اور تجربہ کار لوگ ہیں آپ حقیقت میں یہ کیوں نہیں دیکھتے کہ آپ کی ٹیم کیوں کوالیفائی نہیں کر پائی، مسلسل بھارت پر توجہ مرکوز کرنے کا فائدہ نہیں۔ انگلینڈ کے سابق کرکٹر ناصر حسین اور مائیکل ایتھرٹن نے بھارتی ٹیم کو بے جا فائدہ ملنے پر تنقید کا نشانہ بنایا تھا

gettyimages
Credit: Stanko Grude

کرانز کا گورا، سلووینیا 2 -مارچ: ٹیم آسٹریا کے ڈومینک راشنر 2 مارچ 2025 کو کرانز کا گورا، سلووینیا میں آڈی ایف آئی ایس الپائن سکی ورلڈ کپ مینز سلالم کے دوران مقابلہ کر رہے ہیں۔

رضوان کو بطور کپتان اتنی جلدی تبدیل کرنا اچھی بات نہیں، کامران

شاداب پہلے بطور کھلاڑی آکر کارکردگی دکھائے اور جگہ پکی کرے، نجی ٹی وی سے گفتگو

کراچی (این این آئی) سابق کرکٹر کامران اکمل نے کہا ہے کہ شاداب پہلے بطور کھلاڑی آکر کارکردگی دکھائے اور جگہ پکی کرے، رضوان کو اتنی جلدی تبدیل نہ کیا جائے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں سابق وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل کا کہنا تھا کہ رضوان کو بطور کپتان اتنی جلدی تبدیل کرنا اچھی بات نہیں، کسی منظور نظر کو ایسے لیکر آئیں گے تو یہ سسٹم کو ناکام بنانے والی بات ہوگی۔ کامران اکمل نے کہا کہ ٹی 20 میں کچھ کھلاڑیوں کو طویل عرصے تک آرام کرانا ہوگا، ٹیم میں سارے ہی جوان ہیں، کوئی ڈنڈا لیکر نہیں چلتا، کارکردگی ہی اصل چیز ہے۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ سلمان علی آغا ون ڈے اور ٹیسٹ میں سیٹلڈ ہے، سلمان علی آغا کو ٹی 20 میں نہیں ہونا چاہیے، سلمان علی آغا کا تجربہ آسٹریلیا اور زمبابوے میں کیا جا چکا ہے۔ کامران اکمل کا کہنا تھا کہ بھارت، نیوزی لینڈ کی آسٹریلیا سے سیمی فائنل کھیلنے کی خواہش ہوگی، آسٹریلیا کے اس وقت بہت سے کھلاڑی زخمی ہیں، آن پیپر آسٹریلیا کی بولنگ بہت کمزور لگ رہی ہے۔ شاداب پہلے بطور کھلاڑی آکر کارکردگی دکھائے اور جگہ پکی کرے: آسٹریلیا کے اس وقت بہت سے کھلاڑی زخمی ہیں، آن پیپر آسٹریلیا کی بولنگ بہت کمزور لگ رہی ہے۔

چیمپئنز ٹرافی 2025 انگلش ٹیم کیلئے ڈراؤنا خواب ثابت ہوا، برینڈن میک کولم

لاہور (میاں شہروز سے) ہیڈ کوچ انگلش کرکٹ ٹیم برینڈن میک کولم نے کہا ہے کہ ٹورنامنٹ کے دوران انگلش کھلاڑیوں میں اعتماد کا فقدان دکھائی دیا۔ چیمپئنز ٹرافی 2025 انگلش ٹیم کیلئے ڈراؤنا خواب ثابت ہوا، اس ایونٹ میں انگلینڈ کی ٹیم ایک بھی میچ جیتنے میں ناکام رہی، اسے آسٹریلیا اور افغانستان نے شکست دے کر ٹورنامنٹ سے باہر کیا جبکہ آخری میچ میں بھی انگلینڈ کو جنوبی افریقہ کے ہاتھوں شرمناک شکست ہوئی۔ پروٹیز کے ہاتھوں بھی ہزیمت اٹھانے اور چیمپئنز ٹرافی 2025 میں افسوسناک اختتام پر گفتگو کرتے ہوئے برینڈن میک کولم نے کہا کہ انگلینڈ کی ٹیم کی کارکردگی مایوس کن رہی ہے۔ ہیڈ کوچ انگلش ٹیم کا کہنا تھا کہ جوز بٹلر قیادت چھوڑ چکے ہیں جو ایک حقیقت ہے، وطن پہنچنے پر مشاورت ہوگی کہ کون قیادت کیلئے اہل ہے۔ نیوزی لینڈ کے سابق جارح مزاج بیٹر برینڈن میک کولم نے چیمپئنز ٹرافی میں انگلینڈ کی بدترین کارکردگی پر مزید کہا کہ تمام شعبوں میں بہتری کیلئے مزید کام کرنا پڑیگا۔ جوز بٹلر قیادت چھوڑ چکے ہیں جو ایک حقیقت ہے، وطن پہنچنے پر مشاورت ہوگی کہ کون قیادت کیلئے اہل ہے

نگیدی نے انگلش کپتان جوز بٹلر کی وکٹ حاصل کرکے ڈیل اسٹین کا تیز ترین 100 وکٹیں حاصل کرنے کا ریکارڈ توڑا

کراچی (این این آئی) جنوبی افریقا کے فاسٹ بولر لنگی نگیدی نے انگلینڈ کے خلاف میچ میں ڈیل اسٹین کا ریکارڈ توڑ دیا۔ کراچی کے نیشنل بینک اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں جنوبی افریقا نے انگلینڈ کی جانب سے دیا جانے والا 180 رنز کا ہدف با آسانی تین وکٹوں کے نقصان پر 30 ویں اوور میں حاصل کرلیا۔ چیمپئنز ٹرافی کی سیمی فائنل لائن اپ مکمل ہوچکی ہیں، جنوبی افریقا، بھارت، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کی ٹیمیں ایونٹ کا سیمی فائنل کھیلیں گی۔ تاہم فاسٹ بولر لنگی نگیدی نے انگلش کپتان جوز بٹلر کی وکٹ حاصل کرکے ڈیل اسٹین کا تیز ترین 100 وکٹیں حاصل کرنے کا ریکارڈ توڑا ہے۔ ڈیل اسٹین نے 72 ویں میچ میں 2013 میں پاکستان کے خلاف 100 وکٹیں حاصل کرنے کا اعزاز حاصل کیا تھا۔ نگیدی نے انگلینڈ کے خلاف 66 واں میچ کھیلا اور اپنی ون ڈے کیریئر کی 100 وکٹیں مکمل کی ہیں۔ فہرست میں عمران طاہر پہلے نمبر پر موجود ہیں انہوں نے 58 میچ کھیل کر یہ اعزاز حاصل کیا تھا، دوسرے، تیسرے اور چوتھے نمبر پر بالترتیب مورنی مورکل، ایلن ڈونلڈ اور کاگیسو ربادا شامل ہیں۔ نگیدی نے 3048 گیندوں کے بعد 100 وکٹیں حاصل کی ہیں جبکہ مورنی مورکل نے 2859 اور عمران طاہر نے 3050 گیندیں کر کے یہ اعزاز حاصل کیا تھا۔

پرانے بولنگ ایکشن پر دوبارہ محنت کررہا ہوں، شاداب خان

انجری کی وجہ سے کچھ ایسی چیزیں ہوئیں کہ مجھے ایکشن تبدیل کرنا پڑا، انٹرویو

لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کے آل راؤنڈر شاداب خان کا کہنا ہے کہ پرانے بولنگ ایکشن پر دوبارہ محنت کررہا ہوں۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں میزبان نے شاداب خان سے سوال کیا کہ ورلڈکپ 2024 کے بعد سے آپ نے میچ نہیں کھیلا اس وقت میں بولنگ کو بہتر بنانے کے لیے کیا محنت کی ہے۔ آل راؤنڈر نے کہا کہ جس طرح کا میرا ایکشن تھا اور بولنگ میں جو خامیاں تھیں کوشش کی ہے واپس پرانے بولنگ ایکشن پر جاؤں، اس میں مجھے رزلٹ اچھا ملتا تھا لیکن انجری کی وجہ سے کچھ ایسی چیزیں ہوئیں کہ مجھے ایکشن تبدیل کرنا پڑا۔ شاداب خان نے کہا کہ دوبارہ پرانے بولنگ ایکشن پر محنت کر رہا ہوں، جو چیز نیچرل ہوتی ہے اس میں اعتماد زیادہ ہوتا ہے میری کوشش ہے کہ اسی پر کام کروں۔ واضح رہے کہ ذرائع کا یہ کہنا ہے سابق ہیڈکوچ ثقلین مشتاق کا بھی نام زیرغور ہے وہ قومی ٹیم کے ہیڈکوچ کے عہدے کے لئے ایک مضبوط امیدوار ہیں۔ ذرائع کے مطابق میگا ایونٹ میں ناکامی کے بعد دورہ نیوزی لینڈ میں نوجوان ٹیلنٹ کو موقع ملے گا، کیویز کیخلاف سیریز میں شاداب خان یا سلمان علی آغا کو کپتانی مل سکتی ہے۔ قومی ٹیم نے 12 مارچ کو نیوزی لینڈ روانہ ہونا ہے جہاں پہلے مرحلے میں 5 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز 16 مارچ سے شروع ہوگی، ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2026 کی تیاری سے متعلق نوجوان کرکٹرز پر انحصار کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

شریاس آئیر نے نیٹ بولر کو خصوصی تحفہ دیکر حیران کردیا

بلیو شرٹس کے ٹریننگ سیشن کے دوران آئی سی سی اکیڈمی میں ایک دل موہ لینے والا واقعہ پیش آیا

دبئی (این این آئی) چیمپئنز ٹرافی کیلیے دبئی میں موجود بھارتی مڈل آرڈر بلے باز شریاس آئیر نے نیٹ بولر کو خصوصی تحفہ دیکر سب کو حیران کردیا۔ بھارت کو چیمپئنز ٹرافی کے اگلے گروپ میچ میں نیوزی لینڈ کی ٹیم کا سامنا کرنا ہے، اسی کی تیاری کے سلسلے میں بھارتی ٹیم کی پریکٹس جاری ہے، بلیو شرٹس کے ٹریننگ سیشن کے دوران آئی سی سی اکیڈمی میں ایک دل موہ لینے والا واقعہ پیش آیا۔ شریاس آئیر نے نیٹ بولر جسکرن سنگھ کو خصوصی تحفہ دے کر سب کو حیران کردیا، جسکرن چیمپئنز ٹرافی کے لیے آئی سی سی کے نیٹ بولرز میں سے ایک ہیں۔ وہ پاکستان اور بنگلہ دیش کی ٹیموں کے ساتھ سیشنز میں ٹیم کو پریکٹس کرواتے نظر آئے تھے، تاہم وہ اس بار بھارتی بلے بازوں کے سامنے بولنگ کرنے سے قاصر رہے کیونکہ نیٹ سیٹ اپ میں پہلے ہی کافی آف اسپنرز موجود تھے۔ اس بات پر جسکرن سنگھ قدرے مایوس ہوئے لیکن اس کے بعد جو ہوا اس نے اس کا دن مکمل طور پر بدل دیا، بھارتی بیٹر شریاس جسکرن کے پاس آئے اور پوچھا 'تمہارے جوتے کا سائز کیا ہے؟ جسکرن نے شریاس آئیر کو بتایا کہ ان کے جوتے کا سائز 10 ہے، یہ سنتے ہی بھارتی بیٹر نے انھیں اسپائکس کا تحفہ دیا جس پر نیٹ بولر خوشی سے نہال ہوگئے۔ بھارتی نیٹ بولر کا کہنا تھا کہ میں چیمپئنز ٹرافی کے لیے آئی سی سی کی نیٹ بولنگ ٹیم کا حصہ ہوں، آج میری زندگی کا ایک ایسا ہی خاص لمحہ تھا،

افغانستان کے رحمت شاہ (دائیں 28) فروری 2025 کو لاہور کے قذافی سٹیڈیم میں آسٹریلیا اور افغانستان کے درمیان آئی سی سی چیمپیئنز ٹرافی کے ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچ کے دوران شاٹ کھیل رہے ہیں

RIPPON
19
gettyimages
Credit: Joe Allison

نیوزی لینڈ کے شہر ڈونیڈن میں 02 مارچ 2025 کو یونیورسٹی آف اوٹاگو اوول میں کینٹربری کنگز اور آکلینڈ ایسز کے درمیان فورڈ ٹرافی فائنل میچ جیتنے کے بعد جشن منا رہے ہیں

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی یوکرین کے صدر ولودی میر زیلنسکی سے 28 فروری 2025 کو وائٹ ہاس میں ملاقات کا منظر (اے ایف پی)

بھارت میں بیٹی کی حیوانیت، ماں پر بہیمانہ تشدد

نرملہ دیوی کے بیٹے امر دیپ سنگھ نے پولیس کو شکایت درج کرا دی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ریاست ہریانہ میں بیٹی حیوانیت پر اتر آئی، ماں پر بہیمانہ تشدد کیا جس کی ویڈیو وائرل ہوگئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہریانہ میں ایک دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا جہاں ایک خاتون نے اپنی ماں کو تشدد کا نشانہ بنایا، انہیں مارا پیٹا اور یہاں تک کہ ان کے جسم پر کاٹ بھی لیا۔ اس واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہے، جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ خاتون نا صرف اپنی ماں کو گالیاں دے رہی ہے بلکہ انہیں زدوکوب بھی کر رہی ہے۔ یہ خوفناک واقعہ آزاد نگر کا ہے، جہاں ایک خاتون ریتا اپنی بوڑھی ماں نرملہ دیوی کو شدید تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے نظر آرہی ہے، ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ نرملہ دیوی رو رہی ہیں، مگر ریتا مسلسل انہیں مارتے ہوئے کہتی ہے کہ میں تمہارا خون پیوں گی۔ نرملہ دیوی کے بیٹے امر دیپ سنگھ نے پولیس کو شکایت درج کرا دی ہے، انہوں نے الزام لگایا ہے کہ ان کی بہن ریتا ماں پر ذہنی اور جسمانی تشدد کر رہی ہے تا کہ وہ اپنی جائیداد اس کے نام منتقل کر دیں۔ امر دیپ کے مطابق ریتا کی شادی 2 سال قبل سنجے پونیا نامی شخص سے ہوئی تھی، لیکن شادی کے بعد وہ اپنی ماں کے گھر واپس آ گئی اور پھر اپنی ماں کو ہراساں کرنا شروع کر دیا۔ امر دیپ نے مزید بتایا کہ ریتا نے 65 لاکھ روپے میں کروکشیتر میں خاندانی جائیداد بیچ دی اور اب ماں کے حصے کی پراپرٹی بھی اپنے نام کروانے کی کوشش کر رہی ہے۔ امر دیپ نے یہ بھی کہا کہ وہ ماں کو قید میں رکھ رہی ہے اور انہیں کسی سے ملنے نہیں دیتی، ریتا نے انہیں دھمکی دی تھی کہ اگر وہ گھر آئے تو وہ ان پر جھوٹے الزامات لگا دے گی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ریتا کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، معاملے کی تفتیش شروع کر دی ہے۔ دوسری جانب سوشل میڈیا پر عوام ریتا کے وحشیانہ رویے پر شدید غم و غصے کا اظہار کر رہے ہیں۔

KHA L HASHMI

بیجنگ: چین میں پاکستان کے سفیر، جناب خلیل ہاشمی، بنگ ہوا یونیورسٹی کے اکیڈمی آف آرٹس اینڈ ڈیزائن کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسرائیل نے غزہ میں جنگ بندی کے لیے وٹکوف کا پلان منظور کرلیا

مستقل جنگ بندی پر کوئی معاہدہ طے پا گیا تو باقی یرغمالیوں اور لاشوں کو بازیاب کرایا جائے گا، امریکی ایلچی

واشنگٹن (این این آئی) اگرچہ غزہ پر قاہرہ میں ہونے والے حالیہ مذاکرات میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی، لیکن اس فائل میں کچھ نا کچھ نیا ہو رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو کے دفتر نے بتایا کہ مخزالذکر کی زیرصدارت اہم سکیورٹی اجلاس ہوا جس میں وزیر دفاع، اعلی سکیورٹی حکام اور مذاکراتی ٹیم نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسرائیل نے ماہ رمضان اور پاس اوور کے دوران عارضی جنگ بندی کے لیے امریکی صدارتی ایلچی سٹیوٹ وٹکوف کے تجویز کردہ وسیع خاکہ کو اپنانے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاہدے کے پہلے دن آدھے یرغمالیوں کو رہا کر دیا جائے گا۔ اگر مستقل جنگ بندی پر کوئی معاہدہ طے پا گیا تو باقی یرغمالیوں اور لاشوں کو بازیاب کرایا جائے گا۔ وٹکوف نے جنگ بندی میں توسیع کے لیے خاکہ بھی پیش کیا۔ ان کا خیال ہے کہ اس مرحلے پر جنگ کے خاتمے کے لیے فریقین کو قریب لانے کا کوئی امکان نہیں ہے، اور مستقل جنگ بندی پر بات چیت کے لیے اضافی وقت درکار ہے۔ مستقل جنگ بندی پر کوئی معاہدہ طے پا گیا تو باقی یرغمالیوں اور لاشوں کو بازیاب کرایا جائے گا،

اسرائیل نے غزہ جنگ بندی توسیع کی امریکی تجویز منظور کرلی؛ جنگ بندی کے پہلے روز زندہ یا مردہ یرغمالیوں کی نصف تعداد کو اسرائیل کے حوالے کیا جائے گا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے غزہ جنگ بندی توسیع کی امریکی تجویز منظور کرلی۔ عرب ٹی وی نے بتایا کہ اسرائیلی وزیراعظم دفتر کے مطابق رمضان اور اپریل کے وسط میں یہودی تہوار کے دوران جنگ بندی میں توسیع کی منظوری دی گئی ہے۔ جنگ بندی کے پہلے روز زندہ یا مردہ یرغمالیوں کی نصف تعداد کو اسرائیل کے حوالے کیا جائے گا۔ اسرائیل کی جانب سے یہ اعلان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب پہلے سے طے شدہ جنگ بندی کا پہلا مرحلہ ختم ہونے کو تھا۔ 19 جنوری کو طے پانے والی جنگ بندی کے تحت حماس اور اسرائیل کے درمیان یرغمالیوں اور قیدیوں کا تبادلہ ہوا، جس میں 25 اسرائیلی یرغمالیوں کے بدلے سیکڑوں فلسطینی قیدی رہا کیے گئے۔ اسرائیلی فوج کا کہنا تھا کہ 251 میں سے 58 اسرائیلی یرغمالی اب بھی غزہ میں قید ہیں، جن میں سے 34 اسرائیلی فوجی ہلاک ہوچکے ہیں۔ اسرائیل نے غزہ جنگ بندی توسیع کی امریکی تجویز منظور کرلی؛ جنگ بندی کے پہلے روز زندہ یا مردہ یرغمالیوں کی نصف تعداد کو اسرائیل کے حوالے کیا جائے گا

یوکرینی سفیر ٹرمپ اور زیلنسکی کی لفظی جھڑپ دیکھ کر شدید پریشان؛ تلخ گفتگو کے دوران کیمروں نے امریکا میں تعینات یوکرین کی سفیر کی پریشانی ریکارڈ کرلی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی کے درمیان ہونے والے تلخ گفتگو کے دوران کیمروں نے امریکا میں تعینات یوکرین کی سفیر کی پریشانی ریکارڈ کرلی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وائٹ ہاؤس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی کے درمیان ہونے والی لفظی جھڑپ کے دوران دنیا کی میڈیا پر ایک اور منظر کافی توجہ کا مرکز بنا رہا۔ امریکا میں یوکرین کی سفیر اوکسانا مارکوا نے اس شدید لفظی جھڑپ کے دوران اپنا چہرا چھپایا ہوا تھا، وہ شدید پریشانی کے عالم میں تھیں۔ دونوں صدور کے درمیان اس ملاقات کے بعد امریکا اور یوکرین کے درمیان یوکرین کی معدنیات پر امریکا کی سرمایہ کاری کے حوالے سے معاہدے پر دستخط ہونا تھے۔ اوکسانا مارکوا 20 فروری 2021 سے تاحال امریکا میں یوکرین کی سفیر تعینات ہیں۔ یوکرینی سفیر ٹرمپ اور زیلنسکی کی لفظی جھڑپ دیکھ کر شدید پریشان؛ تلخ گفتگو کے دوران کیمروں نے امریکا میں تعینات یوکرین کی سفیر کی پریشانی ریکارڈ کرلی

ہتھیاروں کی تیاری کے لیے برطانیہ یوکرین کو قرض دے گا

یوکرائنی صدر کی ٹرمپ سے تلخ کلامی کے بعد لندن پہنچنے پر شاندار استقبال

لندن (این این آئی) برطانوی وزیر اعظم کیئر سٹارمر نے یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی کو گرمجوشی سے گلے لگا کر خوش آمدید کہا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دونوں ممالک نے کیف کی دفاعی صلاحیتوں کی حمایت کے لیے 2.26 ارب یورو کے قرض کے معاہدے پر بھی دستخط کیے، جسے لندن نے یوکرینی عوام کے لیے ثابت قدم اور مسلسل حمایت کی علامت قرار دیا۔ دونوں ممالک کے وزرائے خزانہ ریچل ریوز اور سرگئی مارچینکو نے ایک تقریب میں قرض کے معاہدے پر دستخط کیے جبکہ قرض کی ادائیگی اضافی منجمد روسی خودمختار اثاثوں سے کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ زیلنسکی کی واشنگٹن میں امریکی انتظامیہ اور صدر کے ساتھ تلخ کلامی کے بعد لندن پہنچنے پر ان کا استقبال کیا گیا۔ زیلنسکی یورپی رہنماؤں کے سربراہی اجلاس سے قبل اسٹارمر کے ساتھ ڈاؤننگ اسٹریٹ آفس میں بات چیت کے لیے پہنچے۔ زیلنسکی نے کہا کہ اسٹارمر کے ساتھ ملاقات اہم اور دوستانہ تھی۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ برطانوی قرض یوکرین کے لیے ہتھیاروں کی تیاری کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے برطانوی وزیراعظم سے قابل اعتماد سکیورٹی ضمانتوں پر بات کی۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ برطانوی قرض یوکرین کے لیے ہتھیاروں کی تیاری کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے برطانوی وزیر اعظم سے قابل اعتماد سکیورٹی ضمانتوں پر بات کی

متحدہ عرب امارات، تعلیم کے شعبے میں 16456 افراد کو گولڈن ویزے جاری

گولڈن ویزا دس سال کا رہائشی پرمٹ ہے جو نمایاں کارکردگی دکھانے والوں کو دیا جاتا ہے، رپورٹ

ابوظہبی (این این آئی) حکومت امارات نے تعلیم کے شعبے میں نمایاں کارکردگی دکھانے پر 16456 افراد کو گولڈن ویزے جاری کیے ہیں۔ گولڈن ویزا دس سال کا رہائشی پرمٹ ہے جو نمایاں کارکردگی دکھانے والوں کو دیا جاتا ہے۔ اماراتی گولڈن ویزا حاصل کرنے والوں میں 10,710 ہائی اسکول کے بہترین طلبہ بھی شامل ہیں جنہوں نے اپنے امتحانات میں 95 فیصد سے زائد نمبرز حاصل کیے۔ حکومت نے 5,246 نمایاں یونیورسٹی گریجویٹس کو گولڈن ویزے جاری کیے ہیں جبکہ 337 تعلیمی ماہرین کو بھی گولڈن ویزا دیا گیا ہے۔ عالمی سطح پر تسلیم شدہ یونیورسٹیوں کے 147 گریجویٹس کو بھی گولڈن ویزا دیا گیا ہے۔ امیگریشن حکام کا کہنا تھا کہ 16 نمایاں سائنسدانوں کو بھی گولڈن ویزے دیے گئے ہیں۔ ابوظہبی میں امیگریشن حکام کا کہنا تھا کہ گولڈن ویزا پروگرام کا مقصد عالمی ٹیلنٹ کو متحدہ عرب امارات میں مستقل رہائش فراہم کرنا ہے تاکہ گولڈن ویزا رکھنے والے افراد تعلیم کے شعبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکیں۔ گولڈن ویزا دس سال کا رہائشی پرمٹ ہے جو نمایاں کارکردگی دکھانے والوں کو دیا جاتا ہے، رپورٹ جو نمایاں کارکردگی دکھانے والوں کو دیا جاتا ہے: تاکہ گولڈن ویزا رکھنے والے افراد تعلیم کے شعبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکیں۔ گولڈن ویزا دس سال کا رہائشی پرمٹ ہے

غزہ شہر کی پرانی زاویہ مارکیٹ میں رمضان کا مہینہ شروع ہونے سے قبل فلسطینیوں کو خریداری کرتے دیکھا جا سکتا ہے (عمر القطا / اے ایف پی)



جنوبی غزہ کے شہر خان یونس میں ایک نوجوان لڑکا تباہ حال محلے میں کھڑا ہے (اے ایف پی)

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

حالیہ قانون سازی میں ایسے کیمیکلز کو شامل کیا گیا جس میں اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت نہ تھی

اس کے نتیجے میں متعدد کاروباری مسائل پیدا ہوئے ہیں اور مستقبل میں بحران کا باعث بن سکتے ہیں: صدر ایسوسی ایشن نے یحییٰ حسین شاہ

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایشن کے اجلاس میں صدر خواجہ آصف سراج نے اپنے خطاب میں ڈائیز اور کیمیکلز کمیونٹی کو درپیش مسائل پر روشنی ڈالی جو کہ گزشتہ 66 سالوں سے ٹیکسٹائل انڈسٹری کی خدمت کر رہی ہے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ڈی پی ایل کے حوالے سے حالیہ قانون سازی میں بہت سے ایسے کیمیکلز کو شامل کیا گیا ہے جو اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بغیر کیا گیا یہ کیمیکلز خصوصی طور پر ٹیکسٹائل انڈسٹری میں استعمال ہوتے ہیں اس کے نتیجے میں متعدد کاروباری مسائل پیدا ہوئے ہیں اور مستقبل میں بحران کا باعث بن سکتے ہیں صدر ایسوسی ایشن نے یحییٰ حسین شاہ کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے میں مدد کریں گے اپنے خطاب میں یحییٰ حسین شاہ نے انہیں یقین دلایا کہ وہ ان کے مسائل بالخصوص ڈی پی ایل سے متعلق مسائل کے حل میں تعاون اور سرپرستی کریں گے اور ان کے تحفظات کو دور کرنے کے لیے حکومتی سطح پر ٹھوس کوششیں کریں گے۔ یحییٰ حسین شاہ صاحب نے مزید کہا کہ وہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی صاحب سے مشاورت کریں گے اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ وہ عید کے بعد ایسوسی ایشن کے اراکین سے ملاقات کے لیے فیصل آباد کا دورہ کریں۔ وہ ایسوسی ایشن کے عہدیداروں اور ڈی پی ایل سے نمٹنے والی سینیٹ کی متعلقہ کمیٹی کے درمیان ملاقات میں بھی سہولت فراہم کریں گے تاکہ ایوان بالا کے ذریعے اس مسئلے کو حل کرنے میں مدد ملے۔ اجلاس سے چیئرمین لوکل واریئرز آف پاکستان میجر تاثیر اکرام رانا، میجر جاوید اقبال کھوکھر، گروپ لیڈر ایوب صابر،، حافظ ناصر بشیر، محمود الٰہی، رضا کمال نے بھی خطاب کیا صدر خواجہ آصف سراج نے یحییٰ حسین شاہ کو یادگاری شیلڈ پیش کی۔

اوکاڑہ میں جرائم کی شرح میں کمی، اعدادوشمار جاری

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میں جرائم کی شرح میں کمی، اعدادوشمار جاری۔ ماہ فروری میں وارداتوں میں ملوث 17 گینگز کا خاتمہ، گینگز کے 45 ارکان گرفتار، 2 کروڑ 23 لاکھ روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد۔ ملزمان سے 72 پسٹل، 10 بندوق، 6 کاربین، 5 ریوالور، 2 رائفل اور 282 گولیاں برآمد۔ منشیات برآمدگی پر 131 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ملزمان سے 98 کلو چرس، ہیروئن 1015 گرام اور 10 کلو بھنگ برآمد۔ 1911 لیٹر شراب، 80 لیٹر لہن اور 06 چالو بھٹیاں برآمد۔ اشتہاری و عادی مجرمان کے خلاف بھی موثر کارروائیاں۔ 582 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ سنگین جرائم میں ملوث اے کیٹیگری کے 56 جبکہ بی کیٹیگری کے 401 اشتہاری مجرمان، 46 عدالتی مفروران اور 79 ٹارگٹڈ آفینڈرز گرفتار۔ شہر میں ایس او ایس ناکے، سرچ و کومبنگ آپریشنز اور کرائم پاکٹس پر موثر گشت کو یقینی بنایا گیا۔ جرائم کے خاتمے کیلئے انٹیلیجنس آپریشنز اور کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جائے گی۔ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔

مہوش سلطانہ راجہ کو صوبائی زکوٰۃ وعشر کونسل پنجاب کا ممبر مقرر کر دیا گیا

اہلیان حلقہ کی جانب سے محترمہ مہوش سلطانہ راجہ کو مبارکبادیں

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ایم پی اے محترمہ مہوش سلطانہ راجہ کو صوبائی زکوٰۃ وعشر کونسل پنجاب کا ممبر مقرر کر دیا گیا۔ اہلیان حلقہ کی جانب سے محترمہ مہوش سلطانہ راجہ کو مبارکبادیں۔ چوآسیدن شاہ ایم پی اے محترمہ مہوش سلطانہ کو صوبائی زکوٰۃ کونسل پنجاب کا ممبر مقرر کر دیا گیا، جس پر ضلعی زکوٰۃ کمیٹی چکوال اور اہلیان علاقہ کی جانب سے انہیں مبارکبادیں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ سلطان خاندان اور حلقہ پی پی 21 کی نمائندہ ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب محترمہ مہوش سلطانہ کو عوامی خدمت کے ضمن میں ایک اور اہم ذمہ داری سونپ دی گئی ہے۔

رمضان المبارک رحمتوں، برکتوں والا مہینہ ہے، سلطان گجر

ماہ صیام کے اس بابرکت مہینے میں ہمیں اپنے اردگرد ایسے مستحقین کا خاص خیال رکھنا چاہیے جو ہماری حقیقی توجہ کے منتظر ہیں، خصوصی بیان



سمندری (تحصیل رپورٹر) معروف سماجی شخصیت چوہدری سلطان محمود گجر نے کہا کہ رمضان المبارک رحمتوں، برکتوں والا مہینہ ہے، اس ماہ مقدس میں اللہ تعالیٰ نے امت مسلمہ کو قرآن کریم جیسے عظیم کلام سے نوازا، اور لیلۃ القدر جیسی معتبر رات عطاء فرمائی جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے رمضان المبارک کے حوالے سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت معاشرے میں انتشار، فساد اور بہت سے مسائل ہیں، اسکی بنیادی وجہ یہ ہے کہ قوانین اور نظام عدل کا نفاذ نہیں ہے۔ مزید کہا کہ ماہ صیام کے اس بابرکت مہینے میں ہمیں اپنے اردگرد ایسے مستحقین کا خاص خیال رکھنا چاہیے جو ہماری حقیقی توجہ کے منتظر ہیں۔

دو موٹر سائیکل آپس میں ٹکرانے سے چار افراد زخمی ہو گئے

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) موٹر سائیکل حادثہ۔ چوآسیدن شاہ کے نواحی قصبہ رتوچھہ کے قریب دو موٹر سائیکل آپس میں ٹکرانے سے چار افراد زخمی ہو گئے، حادثہ میں زخمی ہونے دونوجوانوں میں سے ایک مرحوم سینئر صحافی سید منصور علی شاہ کا فرزند جبکہ دوسرا معروف صحافی سید عابد بخاری کا بیٹا ہے دوسرے دو افراد کا تعلق پس ڈڈانخان کے نواحی قصبہ سوڈھی سے بتایا جاتا ہے۔

عوام کو لوٹنے والے ٹریول ایجنٹ کے خلاف گھیرا تنگ

مزید متاثرین بھی سامنے آ گئے، ایف آئی اے بہاولپور نے کارروائی کا آغاز کر دیا

بہاولپور(بیورو رپورٹ) غیر قانونی ٹریول ایجنسیاں بنا کر عوام کو لوٹنے والے فراڈیے ارشاد ڈاہر پاولی کے خلاف گھیرا تنگ، مزید متاثرین بھی سامنے آ گئے، ایف آئی اے بہاولپور نے کارروائی کا آغاز کر دیا، فراڈیے ارشاد پاولی کے خلاف جلد کارروائی متوقع تفصیل کے مطابق نور پور نورنگا سے تعلق رکھنے والے ارشاد ڈاہر پاولی جس نے غیر قانونی ٹریول ایجنسیاں بنا کر کئی لوگوں کے ساتھ ویزوں کے فراڈ کر رکھے ہیں اس کے خلاف ایف آئی اے بہاولپور نے گھیرا تنگ کر لیا ہے۔ فراڈیہ ارشاد ڈاہر پاولی عوام کو بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر لاکھوں روپے لوٹ چکا ہے، خبروں کی اشاعت کے بعد فراڈیے ارشاد پاولی کے مزید مدعی بھی سامنے آ گئے ہیں، واضح رہے کہ ارشاد ڈاہر پاولی نے نور پور کے رہائشی محمد عامر عباسی سے 11 لاکھ سے زائد رقم لوٹ چکا ہے۔ جس کے خلاف ایف آئی اے بہاولپور کو تحریری درخواست بھی دی جا چکی جس پر ایف آئی اے نے کارروائی کا آغاز کر دیا ہے، ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ فراڈیہ ارشاد ڈاہر پاولی احمد لورشرقیہ میں بھی جعلی آفس بنا کر عوام کو لوٹ چکا ہے۔ جس کو عوام ڈھونڈ رہی ہے، اس کے خلاف مزید متاثرین بھی ایف آئی اے بہاولپور میں جا چکے ہیں جلد فراڈیہ ارشاد قانون کی گرفت میں ہوگا، متاثرین نے ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا جعل ساز مافیا کے گرد گھیرا تنگ

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) پنجاب فوڈ اتھارٹی کا جعل ساز مافیا کے گرد گھیرا تنگ، فوڈ سیفٹی ٹیموں کی رفیع کالونی اور بستی شیخ میں ریوڑی اور پکوڑیاں بنانے والے یونٹس پر کارروائیاں، جعل سازی پر ریوڑی یونٹ کے مالک کیخلاف مقدمہ درج، اصلاح تک پروڈکشن بند کر دی گئی، پکوڑیاں بنانے والے یونٹ کو 20 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا گیا، 45 کلو ایکسپائرڈ فوڈ آئٹمز تلف۔ 40 کلو جعلی پیکنگ مٹیریل، 10 کلو غیر معیاری خوراک اور مشینری ضبط کر لی گئی۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کا جعل ساز مافیا کے گرد گھیرا تنگ۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے رفیع کالونی اور بستی شیخ میں ریوڑی اور پکوڑیاں بنانے والے یونٹس پر کارروائیاں کیں۔ تفصیلات کے مطابق ریوڑی کی جعلی لیبلنگ اور ناقص فوڈ کلر کے استعمال پر ایف آئی آر درج کروائی گئی۔

ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی کا رمضان سہولت بازار کا دورہ

ساہیوال(مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی کا رمضان سہولت بازار کا دورہ، مختلف سٹالز پر بھی اشیاء ضروریہ کی قیمتوں اور معیار کو چیک کیا، حکومت شہریوں کو ارزاں نرخوں پر اشیاء صرف کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے رمضان سہولت بازار کا دورہ کیا۔ انہوں نے اشیاء ضروریہ کے مختلف سٹالز اور سٹاک رجسٹرڈ کو چیک کیا انہوں نے بازار انتظامیہ کو ہدایت کی کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینہ کے دوران اشیاء ضروریہ کی وافر مقدار میں دستیابی یقینی بنائی جائے اور بازار میں سیکورٹی اور صفائی کے بہترین انتظامات کیے جائیں۔ انہوں نے بازار میں خریداری کے لئے آنے والے شہریوں سے بھی بات چیت کی اور اشیاء صرف کی قیمتوں اور معیار بارے معلومات حاصل کیں۔

بیداری و جی آئی زیڈ کے تعاون سے نجی یونیورسٹی میں ریکروٹمنٹ ڈرائیو کا انعقاد ہوا

سیالکوٹ(خواجہ عامر جاوید) بیداری کی تنظیم نے جرمن تعاون کی ادارہ جی آئی زیڈ (GIZ) کے تعاون سے سیالکوٹ کی نجی یونیورسٹی میں ایک کامیاب ریکروٹمنٹ ڈرائیو کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں سینکڑوں خواتین نے شرکت کی اور سیالکوٹ کی معروف صنعتوں کے نمائندوں کے سامنے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر سیالکوٹ کی ممتاز کمپنیوں، بشمول بگل، انور خواجہ، باکس رنگ، ڈیکلیب، ویژن ٹیکنالوجی، ڈیڈن سپورٹس اور گکر سپورٹس کے نمائندوں نے خواتین کارکنوں کے انٹرویوز لیے اور انہیں مختلف شعبوں میں ملازمت کے مواقع فراہم کیے۔ بیداری کے ترجمان آصف رضا نے کہا کہ اس ڈرائیو کا مقصد خواتین کو بااختیار بنانا اور انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانے کے لیے مواقع فراہم کرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی شرکت اور صنعتی نمائندوں کی دلچسپی نے اس پروگرام کو ایک بڑی کامیابی بنایا ہے۔ جی آئی زیڈ کے نمائندے نے بھی اس تعاون پر خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ خواتین کو روزگار کے مواقع فراہم کرنا معاشرتی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے سیالکوٹ کی صنعتوں کے تعاون کو سراہا اور کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے نہ صرف خواتین کو فائدہ ہوگا بلکہ معیشت کو بھی تقویت ملے گی۔ یونیورسٹی آف سیالکوٹ کے انتظامیہ نے بھی اس پروگرام کی میزبانی پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ ایسے اقدامات نوجوانوں کو عملی میدان میں قدم رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔ تقریب کے شرکاء نے بیداری اور جی آئی زیڈ کے تعاون کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی ایسے پروگراموں کا انعقاد جاری رہے گا۔

ضلعی انتظامیہ نے گرانفروشی وذخیرہ اندوزی پر سخت ایکشن کا فیصلہ

چنیوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی انتظامیہ نے گرانفروشی وذخیرہ اندوزی پر سخت ایکشن کا فیصلہ کیا ہے اور گرانفروشوں کو موقع سے گرفتار کرا کر مقدمہ درج اور جیل بھجوایا جائیگا۔ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید کی زیرصدارت ہنگامی اجلاس منعقد ہوا جس میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو پرائس کنٹرول میکنزم پر سختی سے عملدرآمد کی تاکید کی گئی۔ اے ڈی سی جی نے کہا کہ صارفین سے اوور چارجنگ کرنے والوں سے سختی سے نمٹا جائے۔ کسی کو من مانی قیمتیں وصول کرنے کی جرات نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارروائیوں سے صارفین کو ریلیف ملنا چاہیے اگر کسی جگہ اوور چارجنگ پائی گئی تو متعلقہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹ ذمہ دار ہوگا۔

لیلۃ القدر جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے: امیر عبدالقدیر اعوان

ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان امیر عبدالقدیر اعوان نے کہا کہ رحمتوں اور برکتوں والا مہینہ جس میں قرآن کریم کا نزول ہوا اور اُمت محمد الرسول اللہ ﷺ کو کلام ذات سے نوازا اور لیلۃ القدر جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے ایسی رات عطا فرمائی اسی رات میں قرآن مجید لوح محفوظ سے یکبارگی نازل فرمایا اور آپ ﷺ کے قلب اطہر پر وقتاً فوقتاً نازل فرمایا جو لوگوں کی راہنمائی فرماتا ہے ایسی ہدایت جس میں اصول وضوابط، ایمانیات، معاملات سے لے کر ساری زندگی شامل ہے انہوں نے کہا کہ اس وقت معاشرے میں انتشار، فساد اور بہت سے مسائل ہیں اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ قوانین اور نظام عدل کا نفاذ نہیں ہے ہمارے عدالتی نظام میں یہ بہت بڑا خلا ہے کہ اس میں جو اطلاق ہے وہ مساوی نہیں آج صدیاں گزرنے کے بعد بھی قرآن کریم کے احکامات پر عمل دنیا کے کسی حصے میں بھی کسی بھی رنگ ونسل کا فرد کرے تو اس پر عمل کرنا آسان ہے اور فائدہ بھی ہوگا اور باعث سکون بھی انہوں نے مزید کہا کہ عبادات ہمیں اس قابل کرتی ہیں کہ ہم اپنی اصل کو پہچان سکیں۔

ضلع بھر میں آج یوم سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہراؓ نہایت ہی عقیدت واحترام سے منایا جائے گا

حافظ آباد(بیوروپورٹ) ضلع بھر میں آج یوم سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہراؓ نہایت ہی عقیدت واحترام سے منایا جائے گا۔ اس سلسلہ میں مختلف مقامات پر محافل اور مجالس منعقد ہوں گی جبکہ جامع مسجد ریاض الجنۃ نزد سادات کالونی علی پور روڈ پر بعد نماز عصر خادم زائرین مدینہ شریف حافظ مختار احمد کی زیرنگرانی اور الحاج محمد شاہد حمید قادری چیئرمین داتا دربارؒ کمیٹی کی زیرسرپرستی منعقد ہونے والی مخدومہ کائناتؓ کانفرنس سے علامہ قاری غلام مصطفےٰ سلطانی خطاب کریں گے۔ تقریب سے مولانا قاری محمد ناصر علی قادری اور قاری ازبان عطاری بھی خطاب کریں گے

تحصیل اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن رجسٹرڈ ڈسکہ کا ماہانہ 732واں اجلاس

اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا

ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تحصیل اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن رجسٹرڈ ڈسکہ کا ماہانہ 732واں اجلاس زیر

صدارت خان عباس خان بمقام ٹی بی کیئر سنٹر منعقد ہوا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا جنرل سیکرٹری چوہدری قطب الدین نے گزشتہ ماہانہ اجلاس ماہ جنوری کی کارروائی پیش کی فنانس سیکرٹری محمد ارشد جاوید العزیز نے آمدن واخراجات ماہ جنوری 2025 کی رپورٹ پیش کی نشرواشاعت رپورٹ عبدالرزاق نے پیش کی اور گزشتہ ماہانہ اجلاس کی شائع شدہ خبریں پڑھ کر سنائیں سالانہ اجلاس عام کے انعقاد کے حوالے سے فیصلہ کیا گیا کہ ماہ رمضان کے بعد اس کا انعقاد کیا جائے گا سولر سسٹم کی تنصیب کے لئے سولر کمیٹی کے ممبران نے بتایا کے اس پر کام ہو رہا ہے جنرل سیکرٹری چوہدری قطب الدین نے بتایا کہ اس بابت فنڈ ریزنگ بھی ہو رہی ہے جائنٹ سیکرٹری محمد اطہر لون نے کہا کہ ماہ رمضان المبارک میں تمام ممبران سے گزارش ہے کہ ادارے کی لئے زیادہ سے زیادہ فنڈ اکٹھا کریں دعائے خیر کے بعد اجلاس اپنے اختتام کو پہنچا

ساہیوال کی سرزمین نے ہمیشہ باصلاحیت اور بے خوف صحافی پیدا کیے ہیں

نوجوان نے علاقائی صحافت میں جس جرات، لگن اور ایمانداری سے اپنا مقام بنایا ہے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال کی سرزمین نے ہمیشہ باصلاحیت اور بے خوف صحافی پیدا کیے ہیں، اور انہی میں ایک نمایاں نام ملک اشتیاق احمد کھوکھر کا بھی ہے۔ جو نورشاہ جیسے چھوٹے سے قصبے سے تعلق رکھنے والے اس باہمت نوجوان نے علاقائی صحافت میں جس جرات، لگن اور ایمانداری سے اپنا مقام بنایا ہے، وہ کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ تفصیلات کے مطابق ملک اشتیاق احمد کھوکھر نے اپنی صحافتی زندگی کا آغاز ڈویژنل منٹگمری پریس کلب سے کیا، جہاں انہوں نے بطور چیئرمین ممبرشپ اپنی ذمہ داریاں نہایت دیانتداری سے ادا کیں۔ ان کی انتھک محنت اور غیر متزلزل عزم نے نہ صرف ادارے کی ساخت کو مضبوط کیا بلکہ ساہیوال کی تاریخ میں اس کے وقار میں بھی اضافہ کیا۔ بعد ازاں، وہ سٹی پریس کلب ساہیوال سے وابستہ ہوئے اور اپنی صحافتی ذمہ داریوں کو مزید مستعدی اور بہادری سے نبھانے لگے۔ ملک اشتیاق احمد کھوکھر نے ہمیشہ حق وسچ کی آواز کو بلند کیا اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قلم کو بطور ہتھیار استعمال کیا۔ انہوں نے نہ صرف غریب اور مظلوم طبقے کی ترجمانی کی بلکہ انصاف کے قیام کے لیے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر آواز بلند کی۔ یہی وجہ ہے کہ آج ملک اشتیاق احمد کھوکھر کو ساہیوال کے صحافتی حلقوں میں ایک معتبر اور بے باک صحافی کے طور پر جانا جاتا ہے۔ ان کی خدمات قابل تحسین ہیں اور امید کی جاتی ہے کہ وہ اسی لگن اور ایمانداری کے ساتھ اپنی صحافتی ذمہ داریاں نبھاتے رہیں گے۔

پروفیسر ڈاکٹر حافظ ساجد اقبال کی نیویارک امریکہ میں میں مقیم شرقپور کے رہائشی ملک عثمان جلیل ملاقات

شرق پور سے تعلق رکھتے ہیں اور شرق پور ڈاٹ کام کے بانی ہیں



شرقپور شریف (نمائندہ خصوصی) شرقپور شریف سے پروفیسر ڈاکٹر حافظ ساجد اقبال کی نیویارک امریکہ میں میں مقیم شرقپور کے رہائشی ملک عثمان جلیل ملاقات جو کہ ایک قابل آئی ٹی انجینئر ہیں۔ شرق پور سے تعلق رکھتے ہیں اور شرق پور ڈاٹ کام کے بانی ہیں۔ امریکی نظام تعلیم کی روشنی میں پاکستان کے سکولوں کے لیے ایک فری سافٹ ویئر بھی بنا چکے ہیں۔ کتاب کا تحفہ دینے والے اور لینے والے دونوں فریق بہت خوش ہوئے۔ یہ ملاقات امریکہ میں آج کے دن کی گئی۔ اور اس بات کا عزم کیا گیا انشاء اللہ شرقپور شریف کا نام روشن کیا جائے گا

CRIME
& COURT
جرم و سزا

رمضان المبارک کے لیے اشیاء خوردونوش کی نئی قیمتیں مقرر

21 آئٹمز میں سے 13 کی قیمتوں میں کمی، 3 کی قیمتوں میں اضافہ جبکہ 5 آئٹمز کی قیمتیں برقرار رہیں

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈی سی چکوال قرۃ العین ملک کی زیر صدارت پرائس کیلکیشن کمیٹی اجلاس میں رمضان المبارک کے لیے اشیاء خوردونوش کی نئی قیمتیں مقرر، 21 آئٹمز میں سے 13 کی قیمتوں میں کمی، 3 کی قیمتوں میں اضافہ جبکہ 5 آئٹمز کی قیمتیں برقرار رہیں، شہری خریداری کرتے وقت قیمت ان ریٹ لسٹوں کے مطابق ہی ادا کریں۔

مہنگائی آسمان سے باتیں کر رہی ہے، غریب خوار ہو گئے: میاں شوکت علی

چنیوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف چنیوٹ کے صدر ٹکٹ ہولڈر پی پی 95 میاں شوکت علی لنگیم ایڈووکیٹ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک آتے ہی ضروریات زندگی کی چیزیں آسمان سے باتیں کرنے لگی ہے، چینی کے 50 کلو کے تھیلے کی اچانک 600 روپے قیمت بڑھ چکی ہے۔ اردلی حکومت مہنگائی کو کنٹرول کرنے کی بجائے تجاوزات کے نام پر مساجد کو شہید کرنے میں مصروف ہے، کچھ خدا کا خوف کریں کہ اللہ تعالیٰ کے گھر کی حفاظت کرنے کی بجائے اردلی حکومت گرا رہی ہے۔ میری جعلی وزیراعلیٰ پنجاب اردلی حکومت سے اپیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈریں، اور مساجد کو شہید نہ کریں۔

آج ملک بھر میں تمام یوٹیلیٹی اسٹورز بند اور اسلام آباد میں احتجاجی دھرنا ہوگا

پرائیوٹائزیشن کے نام پر ہونے والے ظلم کے خلاف ہمارا ساتھ دیں

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) 4 مارچ بروز منگل ملک بھر میں تمام یوٹیلیٹی اسٹورز بند اور اسلام آباد میں احتجاجی دھرنا ہوگا۔ راجہ مسکین علی۔ اسلام آباد حکومتی سطح پر یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کے ملازمین کو مختلف حیلے بہانوں سے احتجاج سے روکنے کی کوشش کی بھرپور تردید کرتے ہوئے یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کے ملازمین کی نمائندہ یونین کے ذمہ داران راجہ مسکین علی اور سید عارف حسین شاہ و دیگر نے پریس کانفرنس کی جس میں انھوں نے یہ کہا کہ 4 مارچ بروز منگل ملک بھر میں تمام یوٹیلیٹی اسٹورز اور متعلقہ دفاتر بند رہیں گے انھوں نے مزید کہا کہ ہماری تمام لیبر فیڈریشنز و دیگر سیاسی جماعتوں بشمول پاکستان پیپلز پارٹی - عوامی نیشنل پارٹی - ایم کیو ایم - جے یو آئی کے ذمہ داران وکارکنان سے اپیل کی ہے کہ 4 مارچ بروز منگل ہمارے احتجاج میں ہمارے ساتھ شامل ہوں تاکہ یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن اور دیگر محکموں میں پرائیوٹائزیشن کے نام پر ہونے والے ظلم کے خلاف ہمارا ساتھ دیں انھوں نے مزید کہا کہ آج وقت ہے کہ ظلم کے خلاف اجتماعی طور پر آواز بلند کریں انھوں وضاحتی بیان میں کہا کہ حکومتی سرپرستی میں کچھ لوگ احتجاج کو روکنے کی کوشش میں مصروف ہیں انھیں ہم باور کرانا چاہتے ھیں کہ ہم یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کے تمام افسران - ملازمین اور ڈیلی ویجز مزدور اپنے حقوق کے حصول کے لیے اکٹھے ھیں انھوں نے مزید کہا کہ اس ظلم کے خلاف ہم تمام ملازمین سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہونگے

10 سالہ معصوم بچی سے زیادتی کی کوشش کرنے والے درندہ صفت نوجوان کیخلاف خبریں لگانا مہنگا پڑ گیا

عارفوالا (نامہ نگار) عارفوالا کے سینئر صحافی اللہ دتہ جوئیہ کو 10 سالہ معصوم بچی سے زیادتی کی کوشش کرنے والے درندہ صفت نوجوان کیخلاف خبریں لگانا مہنگا پڑ گیا ملزم کے بدمعاش بھائیوں منیر عرف لالو، رفیق پسران سیدو ٹو اور ایک غنڈہ گرد نامعلوم ساتھی نے سینئر صحافی کو مسجد سے اپنے گھر جاتا دیکھ کر راستے میں روک لیا اور اسلحہ تان کر قتل کرنے کی دھمکیاں دینے لگے جس پر مسجد سے نکلنے والے نمازیوں نے منت سماجت کر کے صحافی کی جان بخشی کروائی عارفوالا کے صحافیوں نے سینئر صحافی پر قاتلانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے ڈی پی او پاکپتن سے ملزمان کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کر کے ملزمان کو گرفتا کیا جائے اور قرار واقع سزا دی جائے۔

حافظ آباد شہر میں موٹر سائیکل چرائے جانے کی وارداتیں نہ رک سکیں

حافظ آباد(بیوروپورٹ) حافظ آباد شہر میں موٹر سائیکل چرائے جانے کی وارداتیں نہ رک سکیں۔ گذشتہ روز بھی نامعلوم چور ممتاز ماہر تعلیم کا موٹر سائیکل چرا لے گئے۔ مدینہ کالونی گلی سید محمود شاہ والی کے رہائشی ماہر تعلیم عرفان ندیم نے اپنا موٹر سائیکل گلی میں گھر کے باہر کھڑا کیا اور خود اندر چلے گئے۔ اس دوران نامعلوم چور انکا موٹر سائیکل چرا کر فو چکر ہو گئے۔ پولیس تاحال نہ تو موٹر سائیکل برآمد کر سکی ہے اور نہ ہی کسی ملزم کو گرفتار کر سکی ہے یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ حافظ آباد شہر موٹر سائیکل چرانے والی گینگ کے لئے سونے کی چڑیا بنا ہوا ہے جہاں سے اب تک سینکڑوں موٹر سائیکلیں چرائی جا چکی ہیں۔

شریں والا موڑ کے قریب ٹریفک حادثہ بچے سمیت دو افراد جاں بحق

عارفوا(امیر احمد خان سے) شہر کی معروف چائینہ بیکری والوں کی فیملی کے ساتھ عمرہ سے واپسی آتے ہوئے ساہیوال شریں والا موڑ کے قریب ٹریفک حادثہ بچے سمیت دو افراد جاں بحق بقیہ فیملی شدید زخمی خاتون کی حالت تشویشناک چائنہ بیکری کے مالک محمد حسان کی فیملی عمرہ ادائیگی سے واپسی گھر آ رہی تھی کہ اڈا شریں موڑ کے قریب بس اور ان کی گاڑی کے درمیان حادثہ پیش آ گیا۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے 88 فوڈ پوائنٹس کا معائنہ کیا

ملک شاپس، کریانہ اور فوڈ شاپس کی چیکنگ کے دوران متعدد کو اصلاحاتی نوٹسز جاری

چنیوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے 88 فوڈ پوائنٹس کا معائنہ کیا۔ ٹیموں نیگوشت، ملک شاپس، کریانہ اور فوڈ شاپس کی چیکنگ کے دوران متعدد کو اصلاحاتی نوٹسز جاری جبکہ ایک چکن شاپ کو ہدایات پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے سیل کر دیا گیا۔ 4 دکانوں کو حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی پر 19000 جرمانہ عائد کیا گیا۔ مختلف فوڈ پوائنٹس اور کریانہ سٹور کو ممنوع اجزاء کے استعمال اور صفائی کے ناقص انتظامات اور ایکسپائرڈ اشیاء فروخت کرنے کی وجہ سے 34000 روپے جرمانہ، ملک شاپس اور ٹی سٹالز کو دودھ کی ناقص کوالٹی کی وجہ سے 17000 روپےجبکہ 540 لیٹر ملاوٹی دودھ اور 3 کلو ایکسپائرڈ مرچوں کو موقع پر تلف کر دیا گیا۔

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی سرپرستی میں ماہ فروری میں جرائم کے خلاف زبردست نتائج

جرائم پیشہ عناصر سے 75 لاکھ روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر کے شہریوں کے حوالے کیا گیا

جھنگ(بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی سرپرستی میں ماہ فروری میں جرائم کے خلاف زبردست نتائج، 153 اشتہاری مجرمان، 51 عدالتی مفروران گرفتار۔ جرائم پیشہ عناصر سے 75 لاکھ روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر کے شہریوں کے حوالے کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی سرپرستی میں جرائم کے خلاف زبردست نتائج، 153 اشتہاری مجرمان، 51 عدالتی مفروران گرفتار۔ جرائم پیشہ عناصر سے 75 لاکھ روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر کے شہریوں کے حوالے کیا گیا۔ ماہ فروری میں 5 چور و ڈکیت گینگ کے 14 ممبران گرفتار، 39 لاکھ سے زائد مال مسروقہ برآمد کیا گیا۔ 101 منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے 23 کلو گرام چرس، 1529 لیٹر شراب، 13 کلو گرام ہیروئن اور 3 چالو بھٹیاں برآمد کی گئیں جبکہ 73 غیر قانونی اسلحہ برداروں کو گرفتار کر کے رائفل 4، بندوق 4، ریپٹر 02، پسٹل 65 اور 171 کارتوس برآمد کیے گئے۔

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کا ماڈل بازار/ رمضان بازار کا دورہ



چنیوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے ماڈل بازار/ رمضان بازار کا دورہ کیا اور سستی چینی کاؤنٹر، آٹا پوائنٹ و دیگر سٹالز پر اشیاء کی دستیابی، معیار اور قیمتوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بتایا کہ ماڈل بازار میں شہریوں کیلئے 16 مختلف آئٹمز دستیاب ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نیصارفین سے ملاقات کی اور اشیاء خورونوش کی قیمتوں و کوالٹی کے بارے میں دریافت کیا۔ ضلع بھر میں 130 روپے چینی کی فروخت کیلئے 12 کاؤنٹرز قائم ہیں۔ صارفین کو سہولیات کی فراہمی میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی

تھانہ گرجاکھ کے علاقہ میں سٹریٹ کرائمز میں اضافہ

گوجرانوالہ(نویدہ بخاری قوت بیورو) تھانہ گرجاکھ کے علاقہ میں سٹریٹ کرائمز میں اضافہ' موٹر سائیکل چوری آئے روز کا معمول بن گیا× پولیس ملزمان کو پکڑنے میں ناکام' لیاقت روڈ گلی میاں خان والی گرجاکھ کا ایک اور شہری موٹر سائیکل سے محروم' مقدمہ درج' ملزم کا سراغ نہ مل سکا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ گرجاکھ کے علاقہ لیاقت روڈ اور اس کے گردونواح کی گلیوں میں سٹریٹ کرائمز میں اضافہ ہو چکا ہے۔ موٹر سائیکل چوری بھی روز کا معمول بن چکی ہے۔ گذشتہ روز لیاقت روڈ گلی میاں خان والی گرجاکھ کا رہائشی محمد زمان انصاری اپنی موٹر سائیکل نمبری جی اے ڈی 5152 اپنے گھر کے باہر کھڑی کر کے اندر گیا' چند منٹ بعد واپس آیا تو موٹر سائیکل غائب تھی۔ جسے نامعلوم چور چوری کر کے لے جا چکے تھے۔ قبل ازیں بھی اسی علاقے سے کئی موٹر سائیکل چوری ہو چکے ہیں۔ تھانہ گرجاکھ پولیس نے محمد زمان کی درخواست پر مقدمہ نمبر 576/25 زیر دفعہ A331 ت پ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے تاحال ملزمان اور موٹر سائیکل کا سراغ نہ مل سکا ہے۔ اہالیان علاقہ نے سی پی او سے مذکورہ صورتحال کا نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔

آر پی او ساہیوال محبوب رشید کا اوکاڑہ میں کھلی کچہری کا انعقاد

انجمن تاجران، گڈز ٹرانسپورٹ، سول سوسائٹی ممبران، میڈیا نمائندگان اور کثیر تعداد میں شہریوں کی شرکت

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا انصاف دہلیز پر فراہمی مشن۔ آر پی او ساہیوال محبوب رشید کا اوکاڑہ میں کھلی کچہری کا انعقاد۔ 01 دن میں 02 مختلف سرکلز میں کھلی کچہریاں۔ صدر سرکل میں سول ریسٹ ہاؤس (تھانہ شاہبور) اور سٹی سرکل میں بلدیہ ہال (تھانہ اے ڈویژن) میں کھلی کچہریاں منعقد کی گئیں۔ کھلی کچہری میں ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت سمیت ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز شریک۔ انجمن تاجران، گڈز ٹرانسپورٹ، سول سوسائٹی ممبران، میڈیا نمائندگان اور کثیر تعداد میں شہریوں کی شرکت۔ کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کے مسائل سماعت کر کیمتعلقہ افسران کو احکامات جاری۔ تمام درخواستوں کا مسلسل فالواپ لینے اور میرٹ پر کاروائی عمل میں لانے کے احکامات۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس میں اعتماد کی فضا قائم کرنا ہے، آر پی او ساہیوال۔ ریجنل آفس میں روزانہ کی بنیاد پر شہریوں کے مسائل سن کر دادرسی کی جاتی ہے۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ناصر کمال کا بنیادی مرکز صحت میانہ ٹھٹھہ میں طبی سہولیات کا جائزہ

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ناصر کمال کا بنیادی مرکز صحت میانہ ٹھٹھہ میں طبی سہولیات کا جائزہ۔ انہوں نے مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کی چیکنگ کی اور صفائی ستھرائی سمیت مریضوں کو مفت ادویات کی دستیابی سمیت عملہ کی حاضری اور صفائی ستھرائی کے امور کا بھی جائزہ لیا، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ناصر کمال نے کہا کہ مراکز صحت میں مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں۔

پولیس تھانہ نورشاہ تاجروں اور کسانوں کو تحفظ دینے میں مکمل طور پر ناکام

کیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) پولیس تھانہ نورشاہ تاجروں اور کسانوں کو تحفظ دینے میں مکمل طور پر ناکام تھانہ نورشاہ کے چند ایکڑ کے فاصلے سے دکان سے چور لاکھوں روپے نقدی لاکھوں روپے کی زرعی ادویات لے گئے اور کسان کی لاکھوں روپے کی ادویات اور کھاد لے گئے جس کی وجہ سے تاجر اور کسان سراپا احتجاج آئی جی پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ نورشاہ کے علاقے میں تاجر اور کسان غیر محفوظ پولیس تھانہ نورشاہ کی کارکردگی فوٹو سیشن تک محدود تھانہ نورشاہ کے چند ایکڑ کے فاصلے سے زرعی ادویات کے دکاندار عامر حسین کی دوکان سے لاکھوں روپے نقدی اور لاکھوں روپے کی زرعی ادویات چور لے گئے، چک 65 جی ڈی یارے والا میں سید غلام عباس گیلانی زمیندار کے ڈیرہ سے لاکھوں روپے کی روپے کی کھاد وغیرہ لے کر رفو چکر ہو گئے پولیس تھانہ نورشاہ سوتی رہ گئی اور تمام تر کارکردگی زبانی جمع پونجی تک محدود جس کی وجہ سے علاقہ بھر کے تاجر اور کسان سراپا احتجاج دکاندار عامر حسین اور زمیندار غلام عباس کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ تھانہ نورشاہ کے علاقے میں تاجروں اور کسانوں کو تحفظ دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور پولیس تھانہ نورشاہ کی کارکردگی پر بھی جائزہ لیں

بدنام زمانہ جعلساز نکاح خواں قاری شاکر خالد گرفتار

سیالکوٹ(خواجہ عامر جاوید)سیالکوٹ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کے سرکل افیسر انچارج انسپکٹر ملک ندیم منور نے فوزیہ نامی خاتون کی درخواست پر کامیاب کاروائی کرتے ہوئے جعلی وکم عمر لڑکیوں کے غیر قانونی نکاحوں کا مرتکب بدنام زمانہ نکاح خواں قاری شاکر گرفتار کر لیا قابل انسپکٹر ملک ندیم منور نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نکاح نامے میں جعلسازی کرنے پر ملزم قاری شاکر کو گرفتار کیا گیا ہے۔ فوزیہ عامر نامی خاتون کی درخواست پر اس کے نکاح نامے میں ہیر پھیر کرنے پر مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ سی او اینٹی کرپشن نے مزید کہا کہ ملزم نے حق مہر کی رقم پانچ لاکھ اور نکاح کے دوران ازدواجی حیثیت کو تبدیل کیا ملزم پیشہ ور ہے اور سینکڑوں لڑکیوں کی زندگیوں کو تباہی کر چکا ہے۔ گرفتار ملزم والدین کی مرضی کے بغیر انڈرایج بچیوں کی بڑی عمر کے مردوں کیساتھ نکاح کرانے کا سپیشلسٹ ہے جو ابتدائی تفتیش کے مطابق مکروہ دھندے کے عوض لاکھوں روپے رقم لیکر جعلی دستاویزات کیساتھ نکاح کراتا ہے ملزم کے اس کام میں معاونت کرنے والے سہولت کاروں تک پہنچنے کیلئے بھی دائرہ تفتیش وسیع کیا جا رہا ہے۔

ڈسٹرکٹ کوارڈینیٹر ہیلتھ راؤ اشعر بشیر کی والدہ محترمہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں

چونیاں(تحصیل رپورٹر) ڈسٹرکٹ کوارڈینیٹر ہیلتھ راؤ اشعر بشیر کی والدہ محترمہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں، جن کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں پڑھانہ چک نمبر 45 میں ادا کر دی گئی، نماز جنازہ میں سابق صوبائی وزیر شیخ علاؤ الدین، ایم این اے رانا محمد حیات خان، حلقہ پی پی 181 سابق صدر بار ایسوسی ایشن چونیاں سردار محمد اسلم کھارا ایڈووکیٹ، سابق چیئرمین محسن نذیر ملک، رانا وقاص اکرم ایڈووکیٹ، چوہدری نوید مجید، حاجی عبدالغفار سابقہ کونسلر، رشید رحمانی، میاں مجید، طاہر دھنگل، چوہدری مشتاق دھنگل ایڈووکیٹ، ملک سہیل احمد، سیاسی وسماجی شخصیات، معززین علاقہ، دوست احباب سرکاری افسران سمیت اہل دیہہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

پولیس کی اہم کامیابی، بلائنڈ مرڈر ٹریس، بیٹا ہی قاتل نکلا

جھنگ(بیورو رپورٹ) پولیس کی اہم کامیابی، بلائنڈ مرڈر ٹریس، بیٹا ہی قاتل نکلا۔ اکتوبر 2023 میں محمد ممتاز نامی شہری کو سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقہ میں خنجر اور ٹوکوں کے وار سے مبینہ طور پر نامعلوم افراد نے قتل کیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس کی انتھک محنت، جدید اور روایتی طریقہ تفتیش سے بلائنڈ مرڈر ٹریس کر لیا، بیٹا ہی قاتل نکلا۔ اکتوبر 2023 میں محمد ممتاز نامی شہری کو سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقہ میں خنجر اور ٹوکوں کے وار سے مبینہ طور پر نامعلوم افراد نے قتل کیا تھا۔

تھانہ سٹی چکوال، سب انسپکٹر ملک ضمیر SHO تعینات

چکوال (ایم ایوب سلطانی) چکوال پولیس کے دبنگ افسر سب انسپکٹر ملک ضمیر حسین کو تھانہ ٹمن سے تبدیل کر کے ایس ایچ او تھانہ سٹی چکوال تعینات کر دیا گیا ہے× جبکہ ملنسار ہیڈ کانسٹیبل افتخار حسین (رہال) ریڈر ٹو ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر چکوال کو ہیڈ محرر تھانہ سٹی چکوال تعینات کر دیا گیا ہے عوامی وسماجی حلقوں نے سب انسپکٹر ملک ضمیر حسین اور ہیڈ کانسٹیبل افتخار حسین کی تھانہ سٹی چکوال میں تعیناتی کو سراہا ہے

اینکر پرسن صباء چوہدری ڈویژنل کوآرڈینیٹر مسلم لیگ ن سکریٹری ساہیوال ڈویژن سے ملاقات

عارفوالا (تحصیل رپورٹر) تفصیل کے مطابق صدر ورکنگ جرنلسٹ گروپ میاں سہیل رضا وٹو ایڈووکیٹ ہائی کورٹ اور سیکرٹری جنرل حاجی شفیق پھول کی اینکر پرسن صباء چوہدری سے ان آفس اوکاڑہ میں خوشگوار ملاقات صحافتی امور پر گفتگو، اینکر پرسن صبا چوہدری پیکا ایکٹ کی ایف ائی ار کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ صحافیوں بھائیوں آزادی اظہار رائے کا حق ہونا چاہیے لیکن پیکا ایکٹ آئین پاکستان کی بنیادی شکوں کی کھلی خلاف ورزی ہے جس کو ہم مکمل طور پر مسترد کرتے اور ہم اپنے صحافی بھائیوں کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑے ہیں ہم تمام صحافی برادری کی طرف سے موجودہ حکومت اور مقتدر حلقوں سے اپیل کرتے ہیں کہ پیکا ایکٹ کے قانون پر نظرثانی کی جائے۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

کو فعال کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔پاکستان اوربین الاقوامی مالیاتی فنڈ(آئی ایم ایف)کے درمیان پہلے اقتصادی جائزہ پرمذاکرات شروع ہوگئے ہیں اور 7ارب ڈالر قرض پروگرام کی اگلی قسط کے حصول کے لیے مذاکرات 15مارچ تک جاری رہیں گے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ پہلے مرحلے میں تکنیکی اور دوسرے مرحلے میں پالیسی سطح کی بات چیت ہوگی۔ آئی ایم ایف نے رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں ٹیکس چوری روکنے کامطالبہ کیا ہے،جس پرحکام نے پراپرٹی کی غلط مالیت ظاہر کرنے والوں کیخلاف کارروائی کی تیاری بھی کرلی ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کویقین دہانی کرائی ہے کہ رئیل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھارٹی کوفعال کیا جائے گا،پراپرٹی کی غلط مالیت ظاہر کرنے پر قید اور جرمانے کی سزائیں ہوں گی اور رجسٹریشن نہ کرانے والے ایجنٹس پر 5لاکھ روپے مالیت تک جرمانہ عائد ہوسکے گا۔ اسی طرح رئیل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھارٹی کوبھی 3 سال تک قید کی سزا کااختیارمل سکتا ہے۔وزارت خزانہ کے ذرائع نے بتایا کہ اتھارٹی غلط معلومات پر ایجنٹ کا لائسنس منسوخ کرسکے گی۔اتھارٹی کوغلط معلومات دینے پر 2 سے 5 لاکھ روپے تک جرمانہ ہوسکتا ہے۔اتھارٹی غلط پراپرٹی ٹرانسفرکرنے پر 5 سے 10لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کرسکتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

سے بتانا ہے کہ بلاول بھٹوکے اسلام آباد پہنچنے کے بعد نیا شیڈول جاری کیا جائے گا۔یاد رہے کہ پیپلز پارٹی اس سے قبل بھی حکومت سے اپنے تحفظات کا اظہار کر چکی ہے جب کہ پنجاب کے حوالے سے بھی پیپلز پارٹی کے حکومت سے کئی اختلافات سامنے آچکے ہیں۔دریں اثناوفاقی کابینہ میں توسیع کے بعد بھی پیپلز پارٹی کی جانب سے تنقید سامنے آئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 3

پردستخط کرنے سے جنگلی حیات کی غیر قانونی تجارت کے خلاف قانون سازی کو تقویت ملتی ہے۔پیر کو جنگلی حیات کے عالمی دن 2025 کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ جنگلی حیات کا عالمی دن انسانیت اور فطرت کے درمیان تعلق کی ایک یاددہانی کے طور پر منایا جاتا ہے، یہ دن ہمیں یہ یاددلاتا ہے کی ہم غیر معمولی جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داری پر غور کریں جو ہماری زندگیوں اور ماحولیاتی نظام کو تقویت بخشتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمالیہ کے برفانی چیتے سے لے کر خطرے سے دوچار دریائے سندھ کی ڈولفن اور بحیرہ عرب کی شاندار وہیل شارک تک، پاکستان کومسورکن حیاتیاتی تنوع سے نوازا گیا ہے، یہ انواع صرف ہمارے قدرتی ورثے کا حصہ نہیں ہیں بلکہ یہ جاندار ماحولیاتی توازن کو برقرار رکھنے اور ہمارے ماحول اور معیشت کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس سال جنگلی حیات کے عالمی دن کا تھیم وائلڈ لائف کنزرویشن فنانس،لوگوں اوراپنے سیارے زمین میں سرمایہ کاری صحت مند ماحولیاتی نظام، پائیدار معیشتوں اورانسانی بہبود کو برقرار رکھنے میں جنگلی حیات کے ناگزیر کردار کوتسلیم کرتے ہوئے جنگلی حیات کی نسلوں کے تحفظ کے لیے جدید مالیاتی طریقہ کار کی اہم ضرورت کو اجاگر کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 4

پہنچیں گے۔ذرائع کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان اہم ملاقات آج یا کل بدھ کو متوقع ہے۔ذرائع کے مطابق وزیراعظم ہاؤس میں اعلیٰ سطح حکومتی اتحادی اجلاس بھی ہوگا جس میں حکومتی اور اتحادی جماعتوں کے سربراہان شریک ہوں گے، بلاول بھٹو وزیراعظم ہاؤس میں اعلیٰ سطح حکومتی اتحادی اجلاس میں شریک ہوں گے۔اجلاس میں حکومت کے انتظامی معاملات زیر بحث آئیں گے جبکہ بلاول بھٹو حکومت سے معاہدوں پر پارٹی تحفظات وزیراعظم کے سامنے رکھیں گے۔پنجاب میں ترقیاتی فنڈز کی عدم فراہمی سمیت اہم معاملات بھی زیر بحث آئیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 5

جیل پہنچی۔جیل ذرائع کے مطابق ڈاکٹروں کی ٹیم میں ڈاکٹر الطاف حسن،ڈاکٹر عمر فاروق،ڈاکٹر علی عارف اور ڈاکٹر تاشفین امتیاز شامل ہیں۔جیل ذرائع کے مطابق پمز اسپتال کے ڈاکٹرز نے بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ کیا۔ذرائع کے مطابق ڈاکٹروں کی ٹیم نے تقریباً آدھا گھنٹہ بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ کیا۔جیل ذرائع نے بتایا کہ ڈاکٹروں نے بانی پی ٹی آئی کوکچھ دوائیاں تجویز کی ہیں۔بانی پی ٹی آئی کوکانوں کی بیماری ٹنی ٹس کی شکایت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 6

۔انہوں نے کہا کہ بطور انجینئر میں نے نارووال میں انجینئرنگ یونیورسٹی بنائی، میرے دادا نے نارووال میں ویٹرنری یونیورسٹی بنائی، 2018ء میں میرے ساتھ حادثہ ہوگیا،حکومت بھی چلی گئی۔احسن اقبال نے کہا کہ نارووال اسپورٹس سٹی بنانے کے جرم میں مجھے جیل میں ڈال دیا گیا، اب نارووال اسپورٹس سٹی میں ساؤتھ ایشیاء گیمز کے مقابلے ہوں گے۔احسن اقبال نے کہا کہ سوشل میڈیا کے اچھے اثرات بھی ہیں اور یہ پھندا بھی ہے،اگرنارووال میڈیکل کالج نہ بنتا تو بچوں کو2 کروڑ روپے خرچ کرکے ڈاکٹر بنناپڑتا۔

بقیہ بقیہ جات 7

میں کامیابی حاصل کرنے والے خوش نصیب صارفین کو مبارکباد دی۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے سولر پینل انسٹالیشن پراسیس جلدازجلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ عوام کو مہنگی بجلی سے ریلیف دینا چاہتے ہیں، ہرگز تاخیر نہ کی جائے۔فری سولر پینل سکیم کوجلدازجلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔اس موقع پر بتایا گیا کہ فزیکل ویری فکیشن کے بعد مارچ کے آخر تک صوبہ بھر میں سولر سسٹم کی انسٹالیشن شروع ہو گی۔جولائی کے آخر تک فری سولر پینل سکیم انسٹالیشن کا پہلا فیز مکمل ہوجائے گا۔سیکرٹری انرجی نے وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کو چیف منسٹر پنجاب فری سولر پینل سکیم کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔سیکرٹری انرجی نے بریفنگ میں بتایا کہ سی ایم پنجاب فری سولر پینل سکیم کے تحت پہلے فیز میں 94483 سولر سسٹم لگائے جائیں گے۔صوبہ میں ماہانہ 200یونٹ تک صرف کرنے والے صارفین کے لیے سولر سسٹم مفت انسٹال کیاجائے گا۔فری سولر پینل سکیم کے لئے861000 صارفین نے اپلائی کیا۔فری سولر پینل سکیم کا تمام پراسیس اینڈ ٹو اینڈ ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے مکمل کیا گیا۔بریفنگ میں مزید بتایا کہ 0.55 کلوواٹ کے 47182 اور 1.1 کلوواٹ کے 47301 سسٹم انسٹال کئے جائیں گے۔ 100یونٹ ماہانہ اور 200یونٹ تک ماہانہ بجلی صرف کرنے والے صارفین کوسولر سسٹم مفت دیاجائے گا۔صارفین کے ماہانہ بل پر درج ریفرنس نمبراور سی این آئی سی نمبر سے ویری فکیشن کی جائے گی۔فری سولر پینل حاصل کرنے والے صارفین کی معاونت اور رہنمائی کے لئے ہیلپ لائن بھی قائم کی گئی ہے۔سولر پینل اور انورٹر کو چوری سے بچانے کے لئے صارف کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ سے منسلک کیا جائے گا۔بریفنگ میں بتایا کہ پنجاب میں ایک لاکھ سولرسسٹم انسٹال کرنے سے 57ہزار ٹن کاربن کا اخراج کم ہوگا۔فری سولر پینل سکیم سے وفاقی حکومت پربھی سبسڈی کا بوجھ کم ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 8

لی۔شہبازشریف نے کہا کہ سحری اورافطاری کے وقت گیس بلاتعطل فراہم کی جائے۔دوسری جانب ترجمان سوئی ناردرن گیس نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ وزیراعظم کی ہدایات پرفوری ایکشن لیتے ہوئے سحرو افطار کے اوقات میں گیس کی فراہمی ہرصورت یقینی بنائی جائے گی، شہری کسی بھی شکایت کی صورت میں 1199 پررابطہ کریں۔یادرہے کہ گزشتہ روزوزیراعظم شہبازشریف نے چینی کی ذخیرہ اندوزی میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیا تھا۔شہبازشریف کا کہنا تھا کہ گزشتہ مہینوں میں حکومت کی سخت کارروائیوں کے باعث چینی کی سمگلنگ کے خاتمے میں مددملی ہے، رمضان میں کسی بھی قسم کی ذخیرہ اندوزی یامصنوعی مہنگائی کوبرداشت نہیں کیا جائے گا، چینی کی قیمتوں پر قابو پانے کیلئے مزیدسخت اقدامات اٹھائے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 9

شرکت کی۔ترقیاتی شراکت داروں کی قیادت کنٹری ڈائریکٹر ورلڈ بینک مسٹر ناجی بینھسین نے کی اور ان میں آئی ایم ایف، اے ڈی بی، آئی ایف سی، کے ایف ڈبلیو، جرمن ایمبیسی، ایف سی او ڈی، یواین ڈی پی اور اے آئی آئی بی کے نمائندے شامل تھے۔وفاقی وزیر نے شرکاء کوان اصلاحات کے بارے میں آگاہ کیا جو پاورڈویژن نے کارکردگی اور نظم وضبط کو لانے کے اہداف کے ساتھ شروع کی ہیں تاکہ بجلی کی قیمتوں کو تمام صارفین اور بالخصوص صنعت کے لیے زیادہ مسابقتی سطح تک پہنچایا جاسکے۔وفاقی وزیر نے ملک کی معیشت کے لیے بجلی کے ٹیرف کومعقول بنانے کی کوششوں کی اہمیت پرزور دیتے ہوئے شرکاء کویقین دلایا کہ آئی پی پیز کے ساتھ تمام مذاکرات آزادانہ اور شفاف طریقے سے کیے جارہے ہیں جس میں ان مذاکرات سے الگ ہونے یا ثالثی کا سہارا لینے یاان کے معاہدے کی شرائط کے مطابق فرانزک آڈٹ کاانتخاب کرنے کاحق ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت اپنے تمام ترقیاتی شراکت داروں کوشامل کرنے کے لیے تمام اقدامات کررہی ہے اوراس سلسلے میں پالیسی کی تشکیل اورعمل درآمد کے عمل میں ایک جامع انداز اپنایا ہے۔انہوں نے کہا کہ شفافیت کوبرقرار رکھنے کی وجہ سے حکومت آئی جی سی ای پی سے تقریباً7000 میگاواٹ کی کٹوتی کرنے میں کامیاب رہی ہے جو کہ کل17000 میگاواٹ ہے اس طرح مہنگی بجلی کی مد میں ایک بڑی رقم کی بچت ہوئی ہے۔اویس لغاری نے شرکاء کو پاورڈویژن کی جانب سے کی گئی مختلف اصلاحات کے بارے میں آگاہ کیا جس میں ٹیک یا پے سے ٹیک اینڈ پے میں منتقلی، فرنس آئل پرمبنی پلانٹس کا خاتمہ، درآمدی کوئلے کومقامی کوئلے میں تبدیل کرنا شامل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 10

کے وکیل فیصل صدیقی نے اپنے دلائل دیے۔وکیل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ سوال یہ نہیں کہ 105 ملزمان کے ملٹری ٹرائل کیلئے سلیکشن کیسے ہوئی،اصل ایشو یہ ہے کیا قانون اجازت دیتا ہے؟ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ ملزمان کی حوالگی ریکارڈ کا معاملہ ہے۔کیا آپ نے آرمی ایکٹ کے سیکشن 94 کو چیلنج کیا ہے؟ جس پر وکیل نے جواب دیا کہ ملزمان کی حوالگی کے وقت جرم کا تعین نہیں ہوا تھا، سیکشن94 کے لامحدودصوابدیدی اختیار کوبھی چیلنج کیا ہے۔وکیل نے دلائل میں کہا کہ ملزمان کی ملٹری حوالگی کا فیصلہ کرنے والے افسر کے اختیار لامحدود ہیں۔اس ملک میں وزیر اعظم کا اختیار لامحدود نہیں۔ ملزمان حوالگی کے اختیارات کو اسٹرکچر ہونا چاہیے۔جسٹس حسن رضوی نے استفسار کیا کہ کیا پولیس کی تفتیش کم اور ملٹری کی تیز تھی؟ کیا ملزمان کی حوالگی کے وقت مواد موجود تھا؟، جس پر وکیل فیصل صدیقی نے بتایا کہ مواد کا ریکارڈ پر ہونا نہ ہونا مسئلہ نہیں۔ ساری جڑ ملزمان حوالگی کا لامحدود اختیار ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

۔سلیم کیلئے پبلک سیکٹر کے تعلیمی اداروں کی بی ایس کے پہلے اور دوسرے سمسٹر کے طلبہ اپلائی کرسکیں گے۔وزیر تعلیم نے کہا کہ طلبہ کو جنریشن 13 کے جدید ترین کور i7لیپ ٹاپ فراہم کیے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ آن لائن درخواست کیلئے آفیشل لنک مشتہر کردیا گیا جو کہ تمام معلومات کے ساتھ پنجاب ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔

بقیہ بقیہ جات 12

کو پارٹی رہنماؤں سے ملاقات نہ کروانے کے خلاف درخواست پر اسلام آباد ہائی کورٹ نے فیصلہ محفوظ کرلیا۔جسٹس راجا انعام امین منہاس نے بانی پی ٹی آئی کی درخواست پر سماعت کی، جس میں عمران خان کے وکیل فیصل چوہدری عدالت میں پیش ہوئے۔دوران سماعت وکیل نے دلائل دیے کہ چیف جسٹس اور جسٹس سردار اعجاز اسحاق نے جیل ملاقات سے متعلق آرڈرز پاس کیے ہوئے ہیں۔سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کوبھی نوٹس ہواہے،ان سے جواب مانگا گیا ہے۔بانی پی ٹی آئی کی بشریٰ بی بی سے ملاقات کا بھی آرڈر موجود ہے۔ہمارا اڈیالہ جیل حکام سے طے ہوا تھا کہ منگل کو فیملی، وکلا اور جمعرات کو دوستوں کی ملاقات ہوگی۔جسٹس انعام امین منہاس نے کہا کہ جو استدعا ہے اس میں ایک آرڈر ہے، رجسٹرار آفس کا اعتراض بھی ہے۔وکیل نے بتایا کہ 6فروری کا آرڈر ہے اور یہ جو تمام آرڈرز ہیں ان عمل نہیں کیا جارہا۔ ایک درخواست کل چیف صاحب کے پاس لگی ہے، توہین سپرنٹنڈنٹ نے پیش ہونا ہے۔ اس درخواست کے ساتھ عدالت کے دونوں فیصلے منسلک ہیں، باقی آرڈرز ان سے متعلق نہیں ہیں۔ سپرنٹنڈنٹ کا اپنا بیان بھی موجود ہے، جس کی روشنی میں 8 نومبر کا آرڈر بھی ہے۔جسٹس راجا انعام امین منہاس نے کہا کہ چلیں دیکھ لیتے ہیں، میں اس درخواست پر باضابطہ آرڈر جاری کروں گا۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد جیل ملاقات سے متعلق درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔

بقیہ بقیہ جات 13

نے جنید اکبر کی مقدمات کی تفصیلات فراہمی کی درخواست پر سماعت کی۔اسلام آباد ہائی کورٹ نے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اور پی ٹی آئی کے رہنما جنید اکبر کی مقدمات کی تفصیلات کی فراہمی کی درخواست پر وزارت داخلہ، آئی جی اسلام آباد، نیب اور دیگر فریقین سے طلب کر لیا۔رپورٹ کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس خادم حسین سومرو نے جنید اکبر کی مقدمات کی تفصیلات فراہمی کی درخواست پر سماعت کی۔چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی جنید اکبر کی جانب سے وکیل عائشہ خالد عدالت میں پیش ہوئے، وکیل نے استدعا کی کہ جنید اکبر کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے کا حکم دیا جائے۔عدالت نے وزارت داخلہ، آئی جی اسلام آباد، نیب اور دیگر فریقین کو جواب کے لیے نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 14

خان سے ملاقات کی اجازت نہیں دی جارہی۔اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما شیخ وقاص اکرم کا کہنا تھا کہ بانی کوایسے سیل میں رکھا گیا ہے جہاں دہشتگردوں کو رکھا جاتا ہے، بانی پی ٹی آئی مضبوط اعصاب کے مالک ہیں وہ اس قسم کے ہتھکنڈوں سے ٹوٹ نہیں سکتے، پی ٹی آئی قیادت کوجھوٹے مقدمات میں جیلوں میں رکھا گیا۔انہوں نے کہا کہ بانی سے 6 ماہ میں صرف ایک بار سیاسی ملاقات رکھی گئی ہے، ملاقاتیں عدالتی حکم کے مطابق رکھی جاتی تھیں، فیصلہ ہوا تھا 6لوگ بانی کوریگولرملیں گے، عدالتی آرڈرز کی خلاف ورزی کی گئی،ہم کئی بار عدالت بھی جاچکے ہیں، قیدی کو اپنے وکلا،رفقا اورخاندان کے لوگوں سے ملنے کاحق قانون دیتا ہے، عدالتی احکامات ہوا میں اڑائے جارہے ہیں۔شیخ وقاص اکرم کا کہنا تھا کہ ہم قانون کی حدود میں رہتے ہوئے اپنا حق مانگنا چاہتے ہیں، پچھلی بار وکلاء کوبھی 2 کلومیٹر دور روک لیا گیا، ملاقات کیلئے نہیں جانے دیا گیا، وکلاء اپنے اہم کیسز چھوڑ کر اڈیالہ آتے ہیں ان کو ملنے نہیں دیا جاتا، عدالتی احکامات ہوا میں اُڑائے جارہے ہیں، عدالتوں کو اپنے احکامات کی پاسداری یقینی بنانی چاہیے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایک سابق وزیراعظم گزرے ہیں ان کوملاقاتوں کیلئے مرضی کے بال مہیا تھے، جیل حکام بانی کیلئے اخبارات بھی روک لیتے ہیں، بانی سے اہلیہ کی ملاقاتیں بھی 2 بارکینسل کی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 15

چورنگی پر گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے فلاحی ادارے کے دسترخوان پر شرکت کی اور میڈیا سے گفتگو بھی کی۔گورنر سندھ نے ضرورتمندوں کو کاروبار کرنے کے لئے سبزی کے ٹھیلے تقسیم کیے اور بتایا کہ پورا رمضان 1ہزار ضرورتمند افراد میں ٹھیلے تقسیم کرینگے اور ضرورت مند خاندانوں میں بچیوں کی شادیوں کے لئے سیٹ بھی تقسیم کیے جائینگے۔کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ جب سے میں گورنر بناہوں ایک دن سکون سے نہیں سویا، رات پانچ پانچ بجے تک آئی ٹی مراکز کھولنے کی باتیں کررہے ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان دشمن مراحل سے گزر رہا ہے، دشمن کروڑوں ڈالرخرچ کر کے سوشل میڈیا پرافواج کے خلاف ایسی باتیں پھیلاتے ہیں جن کاحقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔انہوں نے کہا یہ آخری وار ہے دشمنوں کا جن کا مقصد فوج کو کمزور کرنا ہے، آئی ایس پی آر کی ویب سائٹ پر دیکھیں کتنے فوجیوں نے ہمارے لئے جانیں دیں، ہم پاکستان کو خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں۔گورنر سندھ نے بتایا کہ گورنر ہاؤس میں آئی ٹی کورس کرنے والے بچے کوئی گیارہ سوڈالر کما رہا ہے کوئی پندرہ سوڈالرکمارہاہے۔کامران ٹیسوری نے کہا کہ گورنر ہاؤس میں کسی سیاسی جماعت کا جھنڈانہیں ہے پاکستان کا جھنڈا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 16

ہونگے۔انہوں نے کہا کہ ایک سال میں ایک دن بھی کے پی حکومت کے کسی وزیر یاوزیراعلیٰ کونئے منصوبے کا افتتاح کرتے نہیں دیکھا،ایک سال میں 625 دفعہ تو وزیراعلیٰ دفتر تک نہیں آئے تو کیا یہ منصوبے موکلات نے شروع کروادیے؟ عظمیٰ بخاری نے کے پی حکومت کوکڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ جس صوبے کے پاس یونیورسٹیوں کو چلانے کا بجٹ نہیں اس کو یونیورسٹیوں کی زمینیں بیچنا پڑیں وہ 625منصوبے شروع کرنے کا جھوٹ مت بولے، خیبرپختونخوا میں سرکاری ملازمین تنخواہوں کیلئے اور بلدیاتی نمائندے فنڈز کیلئے ہر ہفتے احتجاج کرتے ہیں۔صوبائی وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ علی امین کی ترجیحات میں صوبے کے غریب عوام نہیں اڈیالہ کا قیدی ہے، خیبرپختونخوا میں کرپشن اپنے عروج پر ہے، احتساب کمیٹی کے لوگ خود اس میں ملوث ہیں، گھڑیاں، انگوٹھیاں اور190 ملین کے ڈاکے مارنے والے کی احتساب کمیٹی خود قابل احتساب ہے۔لیگی رہنمانے مزید کہا کہ خیبرپختونخوا کو وفاق سے ملنے والے فنڈز صرف جلسے، دھرنے اور بندربانٹ کی نذر ہورہے ہیں ، وفاقی حکومت کو خیبرپختونخوا کودیے فنڈز کا آڈٹ کروانا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 17

قصر یمامہ میں ان شخصیات کا استقبال کیا جو انھیں رمضان مبارک کی تہنیت پیش کرنے کے سلسلے میں آئی تھیں۔میڈیارپورٹس کے مطابق ان میں مملکت کے مفتی اعظم، علمائے کرام، شہزادے، متعدد وزرا اور شہریوں کے وفود شامل تھے۔استقبال کے آغاز پرتمام حاضرین نے خاموشی کے ساتھ تلاوت قرآن کریم سماعت فرمائی۔اس کے بعد مبارک باد کے لیے آنے والوں نے ولی عہد سے مصافحہ کیا اوراپنی جانب سے رمضان کی تہنیت پیش کی۔حاضرین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام لوگوں کے روزے، قیام اورنیک اعمال قبول فرمائے اورخادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی قیادت میں اس گراں قدروطن کے امن واستحکام کو دوام بخشے۔

بقیہ بقیہ جات 18

۔اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے شہری علی محمد کے والد کی درخواست پر سماعت کی۔عدالت کو بتایا گیا کہ پولیس کی مبینہ غیرقانونی حراست میں رکھے جانے والے علی محمد کامجسٹریٹ کے سامنے بیان ریکارڈ کروادیا گیا ہے۔وکیل شیر افضل مروت نے علی محمد کا164 کابیان اسلام آباد ہائیکورٹ میں پڑھ کرسنایا،ڈی ایس پی لیگل نے کہا کہ علی محمد کے سیکشن 164 کے بیان کی کاپی تاحال ہمیں نہیں مل سکی۔جسٹس محسن اختر کیانی نے ریمارکس دیے کہ آئی جی صاحب کو بتائیں یہ کاپی موصول ہونے پر پولیس آفیشلز کے خلاف مقدمہ درج کریں، پولیس ایف آئی آر درج کرکے ایس پی سی ٹی ڈی سمیت تمام آفیشلز کو گرفتار کرینگے۔ڈی ایس پی لیگل نے استدعا کی کہ اس معاملے پرہم جے آئی ٹی بنادیتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 19

رپورٹس کے مطابق ملاقات میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے کینیڈا کوبطور 51ویں ریاست ضم کرنے کی دھمکی زیر بحث آئے گی۔ٹروڈو نے بتایا کہ وہ شاہ چارلس کے ساتھ کینیڈا کے عوام کی نسبت سے اہم موضوعات پر بات چیت کریں گے۔ٹروڈو کا کہنا تھا کہ کینیڈین باشندوں کے لیے اس وقت بطور ریاست ہماری خودمختاری اورآزادی سے زیادہ اہم کوئی چیز نظر نہیں آرہی۔

بقیہ بقیہ جات 20

نے خریداری کی، لاہورڈویژن میں 3لاکھ 11ہزار سے زائد افراد نے سہولت سٹالز سے مختلف اشیاء کی خریداری کی۔انہوں نے کہا کہ گوجرانولہ ڈویژن میں 1لاکھ 61ہزار، گجرات اور راولپنڈی 42 ہزار500، سرگودھا میں 18ہزار سے زائد افراد نے اشیائے خوردونوش خریدیں، ملتان، ساہیوال، بہاولپور، ڈی جی خان اورفیصل آباد میں 82ہزار سے زائد افراد نے سہولت سٹالز سے خریداری کی، تمام اضلاع میں عوام نے 2لاکھ 97ہزار کلوگرام سے زائد فروٹس اور سبزیوں کی خریداری کی۔ معاون خصوصی برائے پرائس کنٹرول سلمیٰ بٹ کے مطابق 18700 کلو چکن، 14ہزار 215 کلوگرام کھجور، 23ہزار کلو سے زائد بیسن کی خریداری کی گئی ۔انہوں نے کہا کہ چینی کے سٹالز کی شکایات بارے فوری ازالہ کیلئے متعلقہ ڈپٹی کمشنرز کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں، پیر کے روز سٹالز پر چینی فراہم کردی گئی ہے

بقیہ بقیہ جات 21

کی ویڈیو سامنے آگئی ہے۔تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے بلدیہ 3 نمبر، پٹنی محلے میں اسکول کے 2 بچوں کولوٹ لیا گیا، یہ واردات جمعہ کو ہوئی تھی، جس کی سی سی ٹی وی فوٹیج پولیس کوموصول ہوئی ہے۔فوٹیج میں دیکھا جاسکتا ہے کہ 2 کم عمر موٹر سائیکل سوار لٹیرے آئے ،اوراردگرد کا جائزہ لیا۔

بقیہ بقیہ جات 22

ایف سی) کی معاونت سے پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان دوطرفہ تجارتی تعلقات کے فروغ کے لیے اہم پیشرفت ہوئی۔ پاکستان اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے مابین مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے اور دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔یو اے ای کی جانب سے بینکاری، کان کنی، ریلویز اور انفراسٹرکچر سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے لیے دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 23

3 رینجرز کی موت کے کیس میں ملزم ہاشم عباسی کی ضمانت50ہزارروپوں کے مچلکے کے عوض منظور کرتے ہوئے کہا کہ بادی النظر میں ملزم ہاشم عباسی کے خلاف مزیدانکوائری کا کیس ہے۔شریک ملزمان کی ضمانت پر عدالتی ابزرویشن کا کوئی اثر نہیں ہوگا۔عدالت کی ابزرویشن عبوری نوعیت کی ہے اور یہ صرف اس کیس کی حد تک ہے۔عدالت کا کہنا تھا کہ ملزم کے وکیل کا موقف ہے کہ ملزم کوغلط طریقے سے اس کیس میں ملوث کیا گیا ہے۔وکیل کے مطابق ملزم کا کوئی کرمنل ریکارڈ موجود نہیں یہ من گھڑت کیس ہے۔ پراسیکیوٹر نے ضمانت کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ملزم گھناؤنے جرم میں ملوث ہے۔پراسیکیوٹر کے مطابق ملزم کے عمل سے تین رینجرز اہلکاروں کی موت ہوئی۔عدالت کے مطابق پراسیکیوٹر کا کہنا ہے کہ ملزم کے خلاف کافی مواد موجود ہے اور ملزم کو شناخت پریڈ میں گواہ نے صحیح شناخت کیا۔ریکارڈ کے مطابق ملزم ایف آئی آر میں نامزد نہیں۔ بادی النظر میں ملزم کا کیس مزید انکوائری میں آتا ہے۔ملزم کے حوالے سے کیس باقاعدہ شواہد کے جائزہ کے بعد ہی واضح ہوگا۔عدالت نے کہا کہ پراسیکیوشن عدالت کومطمئن کرنے میں ناکامی رہی کہ ملزم ضمانت کی شرائط پرعمل نہیں کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 24

پنوں اس وقت ججز کی سنیارٹی لسٹ میں 20ویں نمبر پر ہیں۔جسٹس انوارالحق پنوں 62سال کی عمر پوری ہونے پر 27مارچ کو ریٹائر ہوں گے۔سیشن جج عبد الرشید عابد بھی 27مارچ کو ریٹائر ہو جائیں گے۔وہ اس وقت سیشن ججز کی سنیارٹی لسٹ میں پہلے نمبر پر ہیں۔سیشن جج عبدالرشید عابد اس وقت ممبر پنجاب سروس ٹریبونل لاہور تعینات ہیں، سیشن جج عبدالرشید عابد 60سال کی عمر پوری ہونے پر 27 مارچ کو ریٹائر ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 25

سیاحوں کی گاڑیاں پھنس گئیں۔ایس ڈی ایم اے نیلم کے مطابق ریسکیو 1122کی ٹیموں نے تمام سیاحوں کو بحفاظت منتقل کردیا ہے۔محکمہ شاہرات کے مطابق جاگراں ویلی کٹن روڈ سے برف ہٹادی گئی اور روڈ کو بحال کر دیا گیا۔دوسری جانب مظفر آباد، وادی نیلم، باغ اور علکیال سمیت آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں میں رات سے وقفے وقفے سے بارش اور برف باری کا سلسلہ جاری ہے۔ادھر ملتان، شیخوپورہ، گوجرہ، حافظ آباداور کوٹ ادوسمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں بارش کے بعد سردی میں اضافہ ہوگیا

بقیہ بقیہ جات 26

کے اوقات 9 سے 2 بجے تک ہوں گے۔اسٹیٹ بینک کے مطابق رمضان المبارک میں جمعہ کو بینک 9 سے 30:12 تک پبلک ڈیلنگ کریں گے۔دوسری جانب پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے رمضان میں دفتری اوقات پیر تا جمعرات 9 سے 3 بجے تک ہوں گے۔اعلامیے کے مطابق پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رمضان کے کاروباری اوقات 17:9 سے 30:1 تک ہوں گے۔رمضان المبارک میں اسٹاک ایکسچینج میں جمعے کو دفتری اوقات 9 سے 2 بجے تک ہوں گے۔اعلامیے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ رمضان المبارک میں جمعے کو اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری اوقات 17:9 سے 30:12 تک ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 27

کے فریم ورک کو اپنالیا ہے اوراسے غزہ میں جنگ بندی معاہدے کے دوسرے مرحلے کے حوالے سے مزید بات چیت کا راستہ قرار دیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق نیتن یاہو نے ہفتہ وار حکومتی میٹنگ کے آغاز میں کہا کہ اسرائیل صدرٹرمپ کے ایلچی سٹیو وٹکوف کے فریم ورک کو رمضان اور عیدالفصح میں عارضی جنگ بندی کے لیے اپنا رہا ہے۔نیتن یاہو نے مزید کہا کہ وٹکوف کی تجویز کے تحت فریم ورک کے پہلے دن نصف قیدیوں کوایک مرحلے میں رہا کر دیا جائے گا۔فریم ورک کے اختتام تک اگرکوئی معاہدہ ہوجاتا ہے تو باقی قیدیوں کوایک ہی مرحلے میں رہا کردیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ وٹکوف نے اس تجویز کو دوسرے مرحلے کے لیے مذاکرات کے لیے راہداری قرار دیا ہے۔اسرائیل اس طرح کے مذاکرات میں شرکت کے لیے تیار ہے۔نیتن یاہو نے کہا کہ کوئی مزید مفت کھانا نہیں ۔ انہوں نے مزید کہا کہ پٹی میں لائی جانے والی امدادکو حماس نے کنٹرول کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

مریم نواز صرف اخبارات میں اپنی تصاویر شائع کروانے کو کارکردگی سمجھتی ہیں۔خیبر پختونخوا حکومت نے اپنی ایک سالہ کارکردگی کو کتابی شکل میں شائع کیا، جس میں ایک سال کے دوران 25 مختلف شعبوں کے 25، 25 نمایاں منصوبوں کا ذکر کیا گیا ہے۔بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ ایک سال میں علی امین گنڈاپور کی قیادت میں خیبرپختونخوا حکومت نے عوامی فلاح و بہبود کے625 منصوبے شروع کیے۔مریم نواز اپنی ذاتی تشہیر سے نکل کر علی امین کی طرح عوامی فلاح کا سوچیں۔انہوں نے کہا کہ فارم 45 اور فارم 47 کے وزیراعلیٰ میں یہی فرق ہوتا ہے۔علی امین گنڈاپور حقیقی معنوں میں عوام کی خدمت کررہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 29

میں سندھ کے 7لوکل کونسلز میں ضمنی بلدیاتی انتخابات کا شیڈول جاری کردیا گیا ہے، اس سلسلے میں مورخہ 5 مارچ 2025 کو اطلاع عام شائع کیا جائے گا تا ہم 5 تا 6مارچ تک کاغذات نامزدگی وصول وجمع کروائے جاسکیں گے، جبکہ 8 سے 10مارچ تک کاغذات کی جانچ پڑتال کی جائے گی، 11 سے 12مارچ تک ریٹرننگ افسر کے فیصلوں کے خلاف اعتراضات جمع کروائے جاسکیں گے، 16مارچ 2025 کو امیدواروں کی حتمی فہرست شائع کی جائے گی۔سندھ کے 7مختلف کونسلز جن میں ضلع سکھر کی ٹاؤن میونسپل کمیٹی جی شاہ کے چیئرمین، ضلع خیرپور کے ٹاؤن کمیٹی بوزدار کے وائس چیئرمین اور ٹاؤن کمیٹی احمد پور کے چیئرمین کے لیئے انتخاب ہوگا، جبکہ نوشہروفیروز میونسپل کمیٹی کے وائس چیئرمین، ضلع سانگھڑ کے ٹاؤن کمیٹی جام نوازعلی کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کی نشست کے لیئے انتخاب ہوگا۔ٹیاری ٹاؤن کمیٹی کے وائس چیئرمین، ضلع کونسل ٹنڈوالہیار کے چیئرمین، ضلع ٹنڈو محمد خان کی ٹاؤن کمیٹی بلڑی شاہ کریم کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کی نشست کے لیئے انتخابات 17مارچ 2025 کومنعقد ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 30

عدالت اسلام آباد کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے پی ٹی آئی کارکنوں کی ضمانت بعد ازگرفتاری کی درخواستوں پر فیصلہ سنایا، پی ٹی آئی کارکنان کی جانب سے سردار مصروف ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔عدالت نے پی ٹی آئی کے 56 کارکنوں کی درخواست ضمانت منظور کرلی۔واضح رہے کہ پی ٹی آئی کارکنان کیخلاف 26 نومبر احتجاج پر تھانہ ترنول اور کوہسار میں مقدمات درج کیے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 31

پھلوں کے دام بے لگام ہوگئے۔مارکیٹ میں منافع خوروں نے حکومتی ریٹ لسٹ کو ہوا میں اڑا دیا، مارکیٹوں میں سبزیاں اور پھل من چاہے نرخوں پر فروخت کیے جارہے ہیں۔سرکاری ریٹ لسٹ میں پیاز کے نرخ بدستور 80 روپے کلو برقرار ہیں جبکہ مارکیٹ میں پیاز100 روپے کلوفروخت ہورہا ہے، ٹماٹر50 روپے کے بجائے مارکیٹ میں 70روپے، آلو 55 روپے کے برعکس 70 روپے، لہسن 620 روپے کے بجائے750 جبکہ ادرک370 روپے کے بجائے 450 روپے کلو تک فروخت ہو رہا ہے۔مارکیٹ میں بند گوبھی اور پھول گوبھی40 روپے، پالک اورساگ، موسمی سبزیوں میں شلجم 40، مولی30 اور گاجر40 روپے کلو میں بیچی جارہی ہے۔مارکیٹ میں سیب300 سے 400 روپے کلو میں فروخت ہو رہے ہیں، کیلا220 سے350 روپے فی درجن تک دستیاب ہے، امرود250 روپے کلو ہیں جبکہ کنو اور مالٹا 200 سے 400روپے درجن اور خربوزہ150 سے 250 روپے کلو تک فروخت کیا جارہا ہے۔دوسری جانب برائلر گوشت کے نرخ بدستور595 روپے کلو برقرار ہیں جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت286 روپے فی درجن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

ظریف اپنے عہدے سے مستعفی ہوگئے۔ایرانی خبر رساں ایجنسی کے مطابق دو باخبر ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ ظریف کا استعفا 2مارچ کواقتصادی و مالی امور کے وزیر عبدالناصر ہمتی سے پوچھ گچھ کے بعد آیا۔بعض ذرائع کئی ہفتوں سے یہ بات کررہے تھے کہ ظریف پر مستعفی ہونے پرمجبور ہوجانے کا دباؤ بڑھ رہا تھا۔ان میں ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف شامل ہیں جنھوں نے ظریف کی برطرفی کے بجائے استعفے کی تجویز دی۔

بقیہ بقیہ جات 33

کشمیراور گلگت بلتستان سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں بارش اور پہاڑوں پر برف کے باعث موسم ایک بار پھر مزید سرد ہوگیا۔محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ ،زیارت، چمن، مستونگ اور پشین میں گرج چمک کے ساتھ بارش اور پہاڑوں پر مزید برفباری کا امکان ہے۔قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، ہرنائی ،ژوب اور شیرانی میں بھی بادل گرج چمک کے ساتھ بارش ہوئی۔محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ میں کم سے کم درجہ حرارت 2اور قلات میں 3 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 8،ژوب ایک اور چمن میں منفی3 ریکارڈ کیا گیا۔سبی میں کم سے کم درجہ حرارت 13، تربت میں16، نوکنڈی میں 7، گوادر میں 17اور جیوانی میں 19 ڈگری ریکارڈ ہوا۔کان مہترزئی میں صبح سویرے ہلکی برفباری سے موسم مزیدسرد ہوگیا۔محکمہ موسمیات کے مطابق پنجاب کے مختلف شہروں شیخوپورہ، اوکاڑہ، ملتان، حافظ آباد، ہری پور، حسن ابدال، جھنگ، کندیاں، چنیوٹ میں بھی بارش ہوئی۔ادھر پشاورسمیت خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں بارش کانیا سلسلہ شروع ہوچکا ہے، دیر کے شہری علاقوں میں بارش اور بالائی علاقوں میں برف باری کانیا سلسلہ شروع ہواہے جس سے سردی کی شدت مزید بڑھ گئی۔ وادی کمراٹ، لواری ٹنل، شاہی بن شاہی، کلپانی، لرم عشیری درہ اور دیگر بالائی علاقوں پر برف باری کا سلسلہ جاری ہے، جس کی وجہ سے کئی سڑکیں بند ہوگئی ہیں جبکہ بارش اور برفباری کے بعد بجلی غائب ہونے سے شہریوں کومشکلات کا سامنا کرنا پڑا ۔محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں درجہ حرارت 10 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا جبکہ ہوا میں نمی کا تناسب 90فیصد ہے ادھر مالم جبہ اور رسالپور میں27،27 ملی میٹر، کالام میں25، دیرپایں میں19 اور مردان میں10 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی، کالام میں 13 انچ اور مالم جبہ میں9انچ برف باری بھی ہوئی ہے۔محکمہ موسمیات نے آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق پیر چناسی، مکڑا اور گنجا پہاڑ پر برفباری سے نظارے حسین ہوگئے، برف باری کے باعث سردی کی شدت بھی بڑھ گئی ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق گلگت بلتستان، کشمیر، مری، گلیات اور خطہ پوٹھوہار میں مزید بارش اور برفباری کاسلسلہ وقفے وقفے سے جاری رہنے کاامکان ہے، جس سے مری، گلیات، ناران، کاغان اور آزاد کشمیر میں رابطہ سڑکیں بند رہنے کا خدشہ ہے۔پی ڈی ایم اے نے برف باری، طوفان اورسیلاب کے دوران مسافروں اورسیاحوں کوغیرضروری سفر سے گریز کرنے کی ہدایت کی ہے۔آزاد کشمیر کی وادی نیلم کی تحصیل اٹھ مقام کی جاگراں ویلی میں شدید برف باری کے باعث سیاحوں کی گاڑیاں پھنس گئیں، ایس ڈی ایم اے نیلم کے مطابق ریسکیو1122 کی ٹیموں نے تمام سیاحوں کو بحفاظت منتقل کر دیا ہے۔محکمہ شاہرات کے مطابق جاگراں ویلی کٹن روڈ سے برف ہٹادی گئی اور روڈ کو بحال کر دیا گیادوسری جانب مظفر آباد، وادی نیلم، باغ اورعلکیال سمیت آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں میں رات سے وقفے وقفے سے بارش اور برف باری کا سلسلہ جاری رہا۔محکمہ موسمیات کے مطابق شہرقائد میں گزشتہ کچھ روز سے رات میں خنکی بڑھنے سے ٹھنڈ میں اضافہ ہوگیا ہے، اگلے 3 دن کے حوالے سے محکمہ موسمیات کی پیش گوئی بھی سامنے آگئی۔محکمہ موسمیات ارلی وارننگ سینٹر کی پیش گوئی کے بعد شہر قائد میں اگلے 3 روز کے دوران موسم معتدل رہنے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 3روز کے دوران کم سے کم پارہ 17 سے19 اور زیادہ سے زیادہ 30 تا32 ڈگری ریکارڈ ہوسکتا ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں سمندری ہواؤں کے علاوہ شمال مشرق اور مغربی سمت کی ہوائیں بھی چل سکتی ہیں ادھر مری اور گلیات میں بارش اور برفباری متوقع ہے۔ بارش کے پیش نظر ایم ڈی واسا نے نکاسی اب کیلئے الرٹ جاری کردیا، تمام آپریشنل اسٹاف کو نکاسی آب کیلئے فیلڈ میں رہنے کی ہدایات جاری کردی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

چیف جسٹس کی عدالت میں لگی ہوئی ہے، دوستوں اور وکلاء سے ملاقات نہ کروانے کی درخواست راجہ انعام امین منہاس کی عدالت میں تھی، نومبر کے بعد سے دوستوں کی ملاقات نہیں کروائی جارہی۔ان کا کہنا تھا کہ کبھی ملاقات نہیں کرواتے کبھی پولیس ایکشن ہوجاتا ہے، جیل اتھارٹیز کے اس رویے پرعدالت سے رجوع کیا گیا، درخواست پرجج صاحب نے کہاعدالت اس پر آرڈر پاس کرے گی، فیصلہ محفوظ کرلیا گیا۔ فیصل چوہدری نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے متعدد خطوط کے بعد اب ایک آرٹیکل بھی آچکا ہے، سیاسی اتحاد کے حوالے سے ہماری ٹیم کام کررہی ہے، ہماری بات چیت شروع ہوئی تووزیراعظم مولانا سے ملنے پہنچ گئے، ہماری اپوزیشن جماعتوں کی کانفرنس روکی گئی، جب ہماری سیاسی جماعتوں سے بات شروع ہوئی تو لمبی تاریخ ڈلوائی اور ملاقات پرپابندی لگادی گئی۔ان کا کہنا تھا کہ ملک کوآگے لے جانے کے لیے صاف شفاف الیکشن کا انعقادضروری ہے، بانی پی ٹی آئی کی سربراہی میں اپوزیشن اتحاد کھڑا ہوگا، سیاسی اتحاد میں ہمیشہ چند چیزوں پر اتفاق ہوتا ہے، اس حوالے سے ہم بھی کوشش کررہے ہیں، ملک میں آئین جمہوریت آزادعدلیہ کی جدوجہد جاری رہے گی۔بانی پی ٹی آئی کے وکیل نے کہا کہ ملک میں اس وقت ایک ان سینسر مارشل ہے، تمام سیاسی جماعتیں پارلیمنٹ کے اندراور باہر اس کے خلاف جدوجہد کریں گی۔

بقیہ بقیہ جات 35

انسان اپنی معاشرتی روایات اور اقدار کا خیال رکھ سکے۔اخلاقی تعلیم کی وجہ سے صالح اور نیک معاشرہ کی تشکیل ہوتی ہے ایسے عناصر بھی موجود ہے جو اپنے مفادات کوتعلیم پر ترجیح دیتے ہیں، وہ انجمن تاجران سے خصوصی گفتگوکررہے تھے اس موقع پر چوہدری عاصم رندھاوا کوآرڈینیٹر این اے۔111 چوہدری علی طارق چیمہ کوآرڈینیٹر پی پی ,132 مسلم لیگ ن کے کارکنان چوہدری محمد انیس، عابدجٹ، علی واہلہ ،فہد پنوں سمیت شہریوں کی بھاری تعداد موجود تھی۔

بقیہ بقیہ جات 36

وے انٹرچینجز اور سروس ایریا میں بینرز آویزاں کیے گئے ہیں، روڈ سیفٹی آگاہی یونٹ عوام کوبریفنگ دینے کیلئے آگاہی سیشنز کا انعقاد کررہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

ہے جس میں سرائیکی وسیب میں بسنے والے افراد بھرپور شرکت کریں گے، اس پروگرام میں کسی بھی سیاسی جماعت کا جھنڈا نہیں ہوگا بلکہ خالصتاً سرائیکی اجرک کے فروغ کے لئے پروگرام کیے جاتے ہیں، اس پروگرام میں سرائیکی جھومر اور سرائیکی اجرک کے علاوہ سرائیکی ریت پر گفتگو اور پروگرام ہوتے ہیں۔سرائیکی اجرک صدیوں پہلے کا قدیمی پہناوا ہے اس کا آئیڈیا سندھی اجرک سے لیا گیا۔نیلا رنگ سرائیکی خطے کی اکثر عمارتوں اور مزارات میں نظر آتا ہے اس لیے اسے روحانیت کا رنگ بھی کہا جاتا ہے اسی بنیاد پر سرائیکی اجرک کو ملتانی کاشی گری کے گہرے نیلے اور فیروزی رنگوں سے پرنٹ کرواکے متعارف کروایا گیا۔اجرک عربی زبان کے لفظ ازرک سے لیا گیا جس کے معنی نیلے رنگ کے ہیں اس لئے نیلے رنگ کی سرائیکی اجرک بھی خطے کی ثقافت میں ڈھل چکی ہے اور اس کی مقبولیت میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

ایکٹ کے حوالے سے جاری ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ جنسی جرائم سے متعلقہ درج مقدمات کو میرٹ پر ریکسو کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ریپ اور زیادتی کے کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے تا کہ مظلوم کوانصاف مل سکے۔اجلاس میں سمارٹ پولیس اسٹیشنز کی تعمیر سمیت جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کو بریفنگ دی گئی کہ جوہر ٹاؤن، شفیق آباد، وحدت کالونی، نشتر کالونی اور سمن آباد سمارٹ پولیس اسٹیشنز کی تعمیر کا کام مکمل کرلیا گیا ہے۔اجلاس کو بتایا گیا کہ قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ، سندر، کوٹ لکھپت، نواں کوٹ، اسلام پورہ، باٹاپور، ہربنس پورہ، لاری اڈا، گجومتہ اور شالیمار سمارٹ پولیس اسٹیشنز تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔جبکہ نواب ٹاؤن، شاہدرہ ٹاؤن، شادمان، شادباغ، شیراکوٹ، سانندہ اور غالب مارکیٹ کا تعمیراتی کام رواں ماہ کے آخر تک مکمل کرلیا جائے گا۔سی سی پی او لاہور نے کہا کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ محکمہ پولیس کے ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام آدمی تک پہنچنے چاہئیں۔ اجلاس میں ڈی آئی جی (ایڈمن)عمران کشور، ڈی آئی جی(انوسٹی گیشن) ذیشان رضا، ڈی آئی جی (آپریشنز) فیصل کامران، ایس ایس پی (انوسٹی گیشن) محمد نوید اور ایس ایس پی (آپریشنز) تصور اقبال نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 39

نے بتایا کہ اسی دوران ایس ایچ اوشاہدتاج موجود تھے، اوران کی موجودگی میں اسے گالیاں دی گئیں۔حوریہ نے شور مچایا اور ویڈیو بنانے کی کوشش کی تواس کا فون چھین لیا گیا۔پولیس نے خاتون کو دھمکی دی کہ اگر وہ نہیں اتری تولیڈیز پولیس کے ذریعے اسے گرفتار کرلیا جائے گا۔پولیس حکام کے مطابق خاتون گاڑی میں سگریٹ نوشی کررہی تھی اوراس کے گاڑی کے ٹنٹڈ گلاس کی وجہ سے اسے روکا گیا تھا۔ایس ایچ اوشاہدتاج نے واقعے کی تفصیلات دیتے ہوئے کہا کہ اس وقت وہ موقع پر موجودنہیں تھے اور خاتون نے پولیس اہلکاروں سے بدتمیزی کی اور بعد میں ویڈیو بنائی۔ایس ایچ او نے مزید کہا کہ خاتون کی جانب سے بے بنیادالزامات لگائے جارہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 40

اندراج کے علاوہ بھاری جرمانوں سے بھی گریز نہیں کیاجائیگا نیز18 سال سے کم عمرنوجوان ڈرائیو کرنے سے اجتناب کریں ورنہ ان کے ساتھ بھی آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا۔ چیف ٹریفک آفیسرسٹی ٹریفک پولیس فیصل آباد فرحان اسلم نے بتایا کہ شاہراہوں پر ہونیوالے زیادہ تر حادثات کی وجہ کم عمری سمیت بغیر لائسنس ڈرائیونگ بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون کے مطابق18 سال سے کم عمرافراد ڈرائیونگ کے اہل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دوران چیکنگ ڈرائیونگ لائسنس کی پڑتال بھی کی جارہی ہے اس لئے تمام افراد گاڑی چلاتے وقت اپنے لائسنس ہمراہ رکھیں۔انہوں نے والدین سے بھی اپیل کی کہ وہ معصوم شہریوں کو حادثات سے بچانے کیلئے اپنے کم عمر بچوں کو ڈرائیونگ سے دور رکھیں۔

بقیہ بقیہ جات 41

9 سے 2 بجے تک ہوں گے۔اعلامیے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ رمضان المبارک میں جمعے کواسٹاک ایکسچینج میں کاروباری اوقات 17:9 سے 30:12 تک ہوں گے۔دوسری جانب اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے رمضان المبارک میں بینکنگ کے اوقات کار جاری کر دیے۔رمضان المبارک میں بینکوں کے پیرتا جمعرات پبلک ڈیلنگ کے اوقات 9 سے 2 بجے تک ہوں گے۔اسٹیٹ بینک کے مطابق رمضان المبارک میں جمعے کوبینک9 سے3012 تک پبلک ڈیلنگ کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 42

، پابندی 30اپریل تک لگائی گئی ہے۔ضلع کیماڑی کے اسسٹنٹ کمشنر نے رپورٹ دی تھی کہ بعض قبضہ مافیا کیماڑی سب ڈویژن کی ساحلی پٹی پرملبہ ڈال رہے ہیں اور مینگروو کے جنگلات کاٹ رہے ہیں۔اس عمل سے ماحولیاتی گندگی میں اضافہ اور ساحلی پٹی کوشدید نقصان پہنچ رہا ہے۔اسسٹنٹ کمشنر نے ملبہ اور کچرا پھینکنے اور مینگروز کے درخت کاٹنے کے حوالے سے دفعہ ایک سو چوالیس نفاذ کرنے کی درخواست کی تھی۔پولیس کو دفعہ 144 کے تحت عناصر کے خلاف کارروائی کرنے اور ایف آئی آر درج کرنے کے اختیارات بھی دے دیئے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 43

ملکوں سے نکالے گئے سال 2024میں ڈیپورٹیز کی تعداد 17094 تھی۔پاکستانیوں کی مختلف ملکوں سے سمندری راستے سے کشتیوں میں یورپ اسمگلنگ میں حادثات کی وجہ سے پاکستان میں کافی سختی کی گئی ہے یہ اعدادوشمار صرف کراچی ایئرپورٹ کے ہیں جبکہ لاہور، اسلام آباد، سیالکوٹ، ملتان، فیصل آباد، کوئٹہ ایئرپورٹ سے بھی شہریوں کوآف لوڈ کیا جارہا ہے۔کئی ملکوں سے بےدخل کیے گئے پاکستانی ان شہروں میں بھی پہنچائے جارہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 44

29رمضان المبارک یعنی اتوار 30مارچ 2025 کی شام غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر جوروبیت ہلال کے لیے کم از کم 18 گھنٹوں سے زائد ہونی چاہیے وہ پاکستان کے تمام علاقوں میں 26 گھنٹوں سے بھی زائد ہوچکی ہوگی دوسری جانب غروب شمس اور غروب قمر کے درمیان فرق کوکم از کم 40منٹ ہونا چاہیے جوکہ پاکستان کے مختلف شہروں میں ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 45

بورڈ کے تحت میٹرک کے سالانہ امتحان میں 2لاکھ 31ہزار پرائیویٹ امیدوار ہوں گے، ریگولر امیدواروں کی تعداد 3لاکھ 38ہزار ہوگی۔رواں سال امتحان کیلئے948 امتحانی مراکز بنائے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 46

پرزور دیتے ہوئے کہا کہ انہیں عدم برداشت کوبرقرار رکھنے کے بجائے ملک کی ترقی کے لیے مل کرکام کرنا چاہیانہوں نے مسلمانوں میں رواداری اور مہذب زبان کوفروغ دینے کی اہمیت پر بھی زور دیا اور کہا کہ آنے والی نسلوں کے روشن مستقبل کے لیے یہ بہت ضروری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 47

ہلاک افغان دہشت گرد کی شناخت منظر عام پر آ گئی ہے، 28 فروری 2025ء کوسکیورٹی فورسز کی جانب سے غلام خان کلے میں 14 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا گیا، ان ہلاک دہشت گردوں میں افغان دہشت گردبھی شامل تھے۔ہلاک افغان دہشت گرد کی شناخت مجیب الرحمان عرف منصور ولد مرزا خان کے نام سے ہوئی، جو ندارگاؤں، ضلع چک،صوبہ میدان وردک،افغانستان کا رہائشی تھا،

بقیہ بقیہ جات 48

کے ساتھ رجوع کرنے کا بہترین وقت ہے رمضان کا مہینہ اللہ کی خاص رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے، جو ہمیں تقویٰ، صبر اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس مقدس مہینے میں اپنی عبادات میں اضافہ کریں، اپنے گناہوں کی معافی طلب کریں اور فطرہ و صدقہ دینے کے ذریعے مستحقین کی مدد کریں۔انہوں نے کہا کہ رمضان کامہینہ ہمارے دلوں کوپاک کرنے اور ہماری روحانی ترقی کے لیے بہترین موقع فراہم کرتا ہے،اور ہمیں اس سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے۔صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے عوام کواس بات کی ترغیب دی کہ وہ رمضان کے دوران اپنے دلوں میں محبت، ہمدردی اور ایثار کو فروغ دیں تاکہ معاشرتی ہم آہنگی قائم ہوسکے اورملک میں بھائی چارہ بڑھ سکے۔انہوں نے کہا کہ اس مہینے میں ہمیں اپنے عیبوں کوپہچان کران کی اصلاح کرنے اور دوسروں کی مدد کرنے کے لیے اپنی کوششیں بڑھانی چاہئیں تاکہ ہم سب اس ماہ کی برکتوں کا زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھاسکیں۔انہوں نے کہا کہ نبی آخرالزمان حضرت محمد مصطفیٰﷺ نے ماہ رمضان کی جو بشارتیں اور برکتیں بیان فرمائیں انہیں ہمیشہ سامنے رکھتے ہوئے ہمیں اس بابرکت مہینے سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کرنا چاہیے مسلمان جب تک دین حق کی تعلیمات پرعمل پیرانہیں ہوتے اس وقت تک اپنی کھوئی ہوئی عظمت رفتہ بحال نہیں کرسکتے جس کیلئے ضروری ہے کہ ہم اپنے اعمال کی اصلاح کریں

بقیہ بقیہ جات 49

کے لیے بھجوادیا گیا۔صفائی کے ناقص انتظامات پرسحری پوائنٹس کے خلاف ایکشن لیا گیا، ناقص سٹوریج، گندے فریزر، زنگ آلود برتن اور کیڑے مکوڑوں کی بھرمار پائی گئی۔فنگس لگے فریزر میں ایکسپائرڈ گوشت، گلی سڑی سبزیاں موجود پائی گئیں۔رمضان میں پنجاب بھر میں ٹیمیں 3 شفٹوں میں فیلڈ میں موجود رہیں گی، ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے کہا ماہ مبارک میں معیاری اشیاء کی فراہمی کیلئے مسلسل چیکنگ کی جارہی ہے۔جعلسازمافیا کے خاتمے کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کا ساتھ دیں،شکایت کی صورت میں 1223پراطلاع دیں۔

بقیہ بقیہ جات 50

کسی بھی حادثے یا بیماری کی وجہ سے سماعت سے محروم ہوجانے والے 160 بچوں کوہیرنگ ایڈ کیلئے 01 کروڑ 83 ہزار روپے سے زائد رقم دی جا چکی ہے اورسرجری کے بعد بچوں کوسپیچ تھیراپی کے ذریعے قوت گویائی کی بحالی کے لئے لاکھوں روپے کی سکالرشپس بھی دی جارہی ہیں۔کوکلیئر امپلانٹ سرجری سے سپیشل بچے نارمل انداز میں سننے جبکہ سپیچ تھیراپی کے بعد بولنے کے قابل ہوجاتے ہیں۔آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ پولیس ملازمین کے سماعت سے محروم بچوں کی بحالی کیلئے بھرپور اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 51

2لاکھ 30ہزار806 پرائیویٹ جبکہ 3لاکھ 38ہزار 48 ریگولر طلبہ وطالبات شامل ہے تمام امتحانی مراکز میں امتحانی عمل کوشفاف بنانے کے لیے سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے گئے ہیں۔جوامتحانی مراکز کے اندر اورداخلی و خارجی راستوں کی نگرانی کریں گے۔ سینٹر میں کسی قسم کی ڈیوائس، موبائل یاامتحان کے متعلق کوئی مواد کی اجازت نہ ہوگی خلاف ورزی کرنے والے امیدوار کا پرچہ کینسل ایف آئی آرکا اندراج بھی ہوگا 6امتحانات کے لیے نااہل قرار دیاجائے گا امیدواران کوسینٹر میں تقریباً آدھا گھنٹہ پہلے رول نمبر سلپ کے ساتھ پہنچنا ہوگا تاخیر/کوتاہی کی صورت میں امیدوار کو سنٹر میں نہیں بیٹھنے دیاجائے گا مقررہ وقت کے بعد پہنچنے والے امیدواران کو بھی سنٹر میں داخلے کی اجازت نہ ہوگی۔صاف شفاف اور پرامن ماحول میں امتحانات کا انعقاد ہرصورت میں یقینی بنایا جائے گا۔بوٹی مافیا کے خاتمے کے لیے ہرممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے تاکہ حق دار طلبہ کوان کا حق مل سکے۔

بقیہ بقیہ جات 52

صحت خواجہ سلمان رفیق نے اظہارخیال کرتے ہوئے کہا کہ پہلے سمیسٹر کے تمام طلباء وطالبات کوانسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں خوش آمدید کہتے ہیں۔وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کے ویژن کے مطابق اس ادارے کوکامیاب دیکھنا چاہتے ہیں۔حکومت پنجاب نے نظام صحت کی بہتری کیلئے نمایاں اقدامات اٹھائے ہیں۔لاہور میں ایشیاء کے سب سے بڑانوازشریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسرٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کا کریڈٹ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کوجاتا ہے۔لاہوراور سرگودھا میں نوازشریف انسٹی ٹیوٹس آف کارڈیالوجی کا کریڈٹ بھی مریم نوازشریف کو ہی جاتا ہے۔مختلف بیماریوں کے تدارک کیلئے آئی پی ایچ سے ریسرچ کے حوالہ سے گذشتہ 15 برسوں سے وابستہ ہوں۔اس ادارے میں بین الاقوامی فیکلٹی کا آنا انتہائی خوش آئند ہے۔برطانیہ سے بچوں کی کارڈیک سرجری کرنے آئے سرجنز سے پنجاب کے نظام صحت کی تعریف سن کرخوشی محسوس ہوئی۔آئی پی ایچ جیسے ادارے پورے پنجاب میں بنانا چاہتے ہیں۔خطرناک بیماریوں کی روک تھام اوران کے تدارک کیلئے یہ ادارہ کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ میاں شہباز شریف کی قیادت میں پنجاب کا پہلا ریجنل ہیپ سنٹر مظفرگڑھ میں بنایا گیا تھا۔آخر میں صوبائی وزیرصحت خواجہ سلمان رفیق نے مہمانوں کے درمیان یادگاری شیلڈز اور فیکلٹی ممبران کے درمیان لیپ ٹاپس تقسیم کیے۔

بقیہ بقیہ جات 53

متعلقہ افسران نے اس حوالہ سے صوبائی وزیرصحت خواجہ سلمان رفیق کو بریفنگ بھی دی۔ صوبائی وزیرصحت خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کہا کہ صوبہ بھر میں غیرقانونی بلڈ بنکس کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔دوران علاج صاف خون کااستعمال ہر مریض کا بنیادی حق ہے۔شادی سے قبل تھیلیسیمیاء کی کیریر سکریننگ انتہائی اہم ہوچکی ہے۔حکومت پنجاب صوبہ بھر میں تھیلیسیمیاء کی ٹیسٹنگ سہولیات میں اضافہ کررہی ہے۔تھیلیسیمیاء بیماری سے متعلق نصاب میں آگاہی موادکا اندراج انتہائی اہم ہوچکا ہے۔پری ونشن اور سکریننگ سے تھیلیسیمیاء کی بیماری پر قابو پایا جاسکتا ہے۔سرکاری ہسپتالوں میں بلڈ بینکس کی صفائی ستھرائی کویقینی بنایا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 54

ہوئے۔ڈی پی او ڈیرہ غازی خان سید علی کی قیادت میں پولیس ٹیموں نے بھرپور جوابی کارروائی کی۔ پولیس کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں خوارجی دہشت گرد پہاڑوں میں فرار ہوگئے۔اسی دوران 15 سے 20 خوارجی دہشت گروں کے ایک اور گروپ نے تھانہ وہوا کی سرحدی چوکی لکھانی پر چاروں اطراف سے اچانک حملہ کردیا۔خوارجی دہشت گردوں نے راکٹ لانچرز، ہینڈ گرنیڈ اور دیگر بھاری اسلحہ کااستعمال کیا جبکہ ڈی جی خان پولیس نے تھرمل امیج کیمروں کی مدد سے خوارجی دہشت گردوں کی نشاندہی کے بعد بروقت مشین اور مارٹر گنز سے فائرنگ کرکے فوری جوابی کارروائی کی۔پولیس کی بھرپور جوابی کارروائی نے خوارجی دہشت گردوں کوپسپائی اورفرار ہونے پرمجبور کر دیا۔موثر جوابی کارروائی کے نتیجہ میں دہشت گردوں کو بھاری جانی نقصان پہنچنے کی اطلاعات ہیں۔ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ دہشت گردوں کے خلاف آپریشن کی کمانڈ آرپی اوڈی جی خان کیپٹن (ر) سجادحسن خان نے کی۔ڈی پی او ڈیرہ غازی خان سید علی کی زیرکمانڈ ایلیٹ فورس اور کیوآر ایف کی بیک اپ ٹیمیں فوری موقع پرپہنچیں۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ خیبرپختونخوابارڈر پر پولیس ٹیمیں اور تمام چیک پوسٹس پہلے سے ہائی الرٹ ہونے کے باعث حملہ ناکام بنایا گیا۔آئی جی پنجاب نے دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے والے جوانوں کوشاباش دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب پولیس قبل ازیں خوارجی دہشت گردوں کے 18 حملے ناکام بنا چکی ہے۔خوارجی دہشت گردوں نے اسی سال31 جنوری کوتھانہ وہوا کی جھنگی پولیس چیک پوسٹ پرناکام حملہ کیا تھا۔آئی جی پنجاب نے کہا کہ دہشت گردوں کوکسی بھی صورت پنجاب میں داخل ہونے نہیں دیا جائے گا۔آرپی اوڈیرہ غازی خان کیپٹن (ر) سجادحسن خان نے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے پنجاب خیبرپختونخوابارڈر پرسرحدی چوکیوں کوجدید ترین اسلحہ فراہم کیا گیا ہے۔سرحدی چوکیوں کو مضبوط ترین کر کے بلٹ پروف ڈیمکلز اور بکتر بند گاڑیاں بھی فراہم کی گئی ہیں۔آرپی اوڈی جی خان نے مزید کہا کہ پنجاب خیبر پختونخوا کے سرحدی علاقوں میں پولیس کا دیگر اداروں کے ہمراہ سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

ہے جو پانچ بچوں کا باپ اورچھلی گلی میں ہی رہائش پذیر تھا۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوری طور پر علاقے کی ناکہ بندی کردی تھی اس دوران سپرہائی وے جمالی گوٹھ میں پولیس نے ڈاکوں کے گرد گھیرا تنگ کیا اس موقع پرملزمان نے پولیس پرفائرنگ شروع کردی، جوابی فائرنگ میں ایک ملزم زخمی بھی ہوگیا۔پولیس حکام کے مطابق دونوں ملزمان کوگرفتار کرلیا گیا ہے جن کے قبضے سے چھینا گیا موبائل فون اورنقدی برآمد کرلی گئی ہے جبکہ گرفتار ملزمان نے جرم کا اعتراف بھی کرلیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

سنوارنے کے لیے جتنے بھی جتن کرنا پڑے وہ کریں گے انہوں نے کہا کہ سبزی منڈی پر سیاست کرنے والے ریت کی دیوار کی طرح گر جائیں گے سبزی منڈی کو جدید بنائیں گے تجاوزات سے پاک شہر بسائیں گے جب سے برجیس طاہرالیکشن ہارا ہے اسے خوابوں میں باجوہ دکھائی دے رہاہے برجیس طاہر کے پاس صرف تانگے کی سواریاں ہیں جبکہ ہمارے ہاں عوام کی چہل پہل ہے انہوں نے کہا کہ سانگلہ ہل کی ترقی کے مخالفین یہ نہیں چاہتے کہ ہماراشہر جاذب نظر ہو طارق محمود باجوہ نے تحت موسم سرما کے دوران بھی ساری ساری رات اپنی نگرانی میں مین بازار کی تزئین و آرائش کروائی وہ سانگلہ ہل کو مین بازار کی طرح پنجاب کاماڈل سٹی بنانا چاہتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 57

چاہیے۔کوئی بھی پارٹی 4مارچ کو قائدین، صدوراور سربراہان کی طرف سے منظوری سے پہلے پلان کی تفصیلات میں حصہ نہیں لے سکتی جن عرب ملکوں نے امریکی صدرٹرمپ کے غزہ پرکنٹرول حاصل کرنے اور فلسطینیوں کو دوسرے علاقوں میں آباد کرنے کے ٹرمپ کے منصوبے کو مسترد کر دیا تھا وہ غزہ کے باشندوں کو بے گھر کیے بغیراس کی تعمیر نو کے لیے ایک جوابی منصوبہ تیار کرنے پرکام کررہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 58

کے لیے سحری کے تیار کردہ کھانے کوٹیسٹ کیا۔انہوں نے قیدیوں سے ملاقات بھی کی اوران کی فلاح و بہبود کے حوالے سے تفصیلات حاصل کیں۔علی حسن زرداری نے قیدیوں کے لیے افطاری اورسحری میں خصوصی توجہ دینے کی ہدایات جاری کیں۔وزیر نے جیل کے اسپتال کابھی معائنہ کیا اورقیدی مریضوں کی عیادت کی۔اس دوران انہوں نے علاج ومعالجے کی سہولتوں کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔

بقیہ بقیہ جات 59

ایڈووکیٹ، اورڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظورالحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ رمضان میں غریبوں اوریتیموں کاخاص خیال رکھنا چاہیے،سفید پوش جو کسی سے مدد نہیں مانگ سکتے، ان کی مدد کرنا ہماری اخلاقی ذمہ داری ہے،صاحب ثروت افراد اپنے آس پاس نظر دوڑائیں اورضرورت مندوں کی بھرپور مددکریں۔

بقیہ بقیہ جات 60

گیا۔خط میں بتایا گیا کہ مرکزی ملزم شاہ زین مری، غلام قادر، تاج گل اور محمد علی بلوچستان کے شہر کوہلو فرار ہوگئے ہیں۔ڈی آئی جی ساؤتھ کے لکھے گئے خط میں ملزم شاہ زین مری کا رابطہ نمبر بھی دیا گیا ہے، خط میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ ملزمان کی گرفتاری میں بلوچستان پولیس سے مدد لی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 61

حراست میں لیکرتفتیش شروع کردی۔پولیس حکام کا کہنا تھا کہ معاملے کی تحقیقات کر کے قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 62

خطاب کرتے ہوئے حاجی میاں شفیق الرحمن ونگر مرکزی انجمن تاجران سانگلہ ہل کے سرپرست اعلیٰ حاجی میاں شاہد نعیم صابری غلام حسن بھولا پہلوان ودیگر نے کہا کہ قیام پاکستان سے لے کر اب تک دوکانداروں کوکبھی کسی نے پریشان نہیں کیا وہ اپنے بال بچوں کا پیٹ پال رہے ہیں اور میونسپلٹی و مارکیٹ کمیٹی کو باقاعدگی سے کرایہ ادا کر رہے ہیں لیکن اب ان کی دوکانیں اور منڈی کی مسجد کو شہید کرنے کے لئے اب ان پر پریشر ڈالا جارہاہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

معاہدے کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے ایکس پلیٹ فارم پر ایک پوسٹ میں لکھا کہ اسرائیل کا غزہ کے لیے امداد معطل کرنے کا فیصلہ پریشان کن ہے۔بین الاقوامی قانون واضح ہے: ہمیں زندگیاں بچانے والی امداد کی فراہمی جاری رکھنی چاہیے۔انہوں نے جنگ بندی کے نفاذ کے آغاز کا حوالہ دیتے ہوئے گذشتہ 42دنوں میں ہونے والی پیش رفت پر پیچھے نہ ہٹنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جنگ بندی کو برقرار رہنا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 64

ہیں کہ ایم کیوایم کا وجود ختم ہوگیا ہے، لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے۔انہوں نے تنظیم نو کی ضرورت پرزور دیتے ہوئے کہا کہ پارٹی میں نئے لوگوں کو شامل کرنا چاہیے تاکہ مزید مضبوطی حاصل ہو۔انہوں نے کہا کہ کراچی کی معاشی سرگرمیاں پورے ملک کو متاثر کرتی ہیں، اگر کراچی چلتا ہے تو اسلام آباد اور راولپنڈی بھی چلتا ہے۔انہوں نے حالیہ کنٹینرز جلنے کے واقعات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ اس کا الزام بھی ہم پر لگا دیا گیا

بقیہ بقیہ جات 65

نہیں کریں گے۔اس کے بعد میں نے اعلان کیا کہ ہم امریکہ سے مذاکرات نہیں کریں گے۔سفارت کاری پر اپنے یقین کا اعادہ کرتے ہوئے پیزشکیان نے واضح کیا کہ ان کی انتظامیہ امریکہ کے حوالے سے خامنہ ای کے موقف پر آخر تک عمل کرے گی۔ ایران میں راہنمائے اعلیٰ کو ریاستی امور بشمول خارجہ پالیسی اور جوہری پروگرام پر حتمی فیصلے کا اختیار حاصل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 66

شروع ہوگیا ہے۔فروٹ، گوشت، سبزیاں، مشروبات اور دیگر روزمرہ کی اشیا کی قیمتوں میں 100 سے 200 فیصد تک اضافہ کر دیا گیا ہے۔بدقسمتی سے ہر سال اس مقدس مہینے میں ناجائز منافع خوری عروج پر پہنچ جاتی ہے۔آٹا، چینی، دالیں، پھل، بڑا گوشت، چھوٹا گوشت، اور سبزیوں سمیت دیگر روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، جبکہ متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں

بقیہ بقیہ جات 67

پرکام کیا اور پھر مڑ کر نہیں دیکھا۔انہوں نے مسلسل42 سال تک لوگوں کے دلوں پر راج کیا۔امان اللہ خان کا شمار پاکستان کے بہترین مزاحیہ اداکاروں میں ہوتا تھا ان کو اعزاز حاصل رہا کہ انہوں نے لگا تار860 دن لائیو تھیٹر پر پرفارمنس دی۔ جب کہ حکومت پاکستان نے انہیں پرائیڈ آف پرفارمنس کے اعزاز سے بھی نوازا۔امان اللہ خان 6مارچ2020ء کو اپنے مداحوں کواداس کر گئے۔

بقیہ بقیہ جات 68

جس کے بعد پولیس نے فوری طور پر بچی کی تلاش شروع کر دی۔ پولیس کی موثر کارروائی کے نتیجے میں بچی کو چند گھنٹوں میں بازیاب کرلیا گیا اوراس کے بعد بچی کواس کی والدہ اور سگے بھائی عمر فاروق کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 69

شریف کی ہدایت پر ضلع ننکانہ کی تینوں تحصیلوں میں سستے رمضان سہولت بازار اور 12 سیل پوائنٹس مکمل طور پر فعال ہیں ، سستے رمضان بازاروں میں عوام الناس کے لیے اشیائے ضروریہ رعایتی نرخوں پر وافر مقدار میں موجود ہیں۔اس موقع پرڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کے تینوں رمضان بازاروں اور 12 سیل پوائنٹس پرچینی 130 روپے فی کلوگرام فراہم کی جارہی ہے۔رمضان سہولت بازاروں میں چکن 20 سے 22 روپے بیف و مٹن مارکیٹ سے 50 روپے فی کلوگرام تک سستا فراہم کیا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 70

ریکارڈ کی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ 1937 کے بعد سے اب تک کسی بھی امریکی صدرنے اپنی مدت کے آغاز میں اتنی بڑی تعداد میں ایگزیکٹو آرڈرز پردستخط نہیں کیے۔ یہ ڈونلڈ ٹرمپ کی پہلی مدت (2017-2021) کے مقابلے میں ایک بڑی تیزی کا بھی بتا رہا ہے۔اپنی پہلی مدت صدارت میں اسی مدت کے دوران انہوں نے صرف 15 ایگزیکٹو آرڈرز پر دستخط کیے تھے۔اس میں آزاد تجارت کے کچھ اصول، نسلی اقلیتوں کے تحفظ کے لیے قانون سازی کے ساتھ ساتھ وفاقی خدمات کو کم کرنا یاختم کرنا بھی شامل ہے۔

بعدالت جناب تحصیلدارصاحب
دیپالپور/ADLRصاحب دیپالپور

عنوان:انتقال وراثت حلیمہ بی بی (متوفیہ)دختر جمال دین ساکن موضع جھگیاں ہاموں تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع جھگیاں ہاموں تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔حلیمہ بی بی (متوفیہ) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکی ہے۔جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔خوشی محمد برادر حقیقی متوفیہ حلیمہ بی بی ساکنان موضع جھگیاں ہاموں تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔لہٰذا ہرخاص وعام کومطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت حلیمہ بی بی (متوفیہ) کے بابت کسی شخص یاادارے کوکوئی اعتراض ہوتو وہ زیر دستخطی کے اندر 7یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظوروتصدیق کردیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

میٹرک سالانہ امتحانات 2025 کے انتظامات مکمل، امتحانی مراکز کی حدود میں دفعہ 144 نافذ

پہلے کی نسبت 52 نئے امتحانی مراکز شامل ہیں پہلے کی نسبت میٹرک کا امتحان دینے والے 20 ہزار نئے امیدواران میں اضافہ ہوا ہے

صاف شفاف اور پر امن ماحول میں امتحانات کا انعقاد ہر صورت میں یقینی بنایا جائیگا، بوٹی مافیا کے خاتمے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائینگے

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کے ویژن کے مطابق چیئرمین ٹاسک فورس کمیٹی برائے بورڈز مزمل محمود، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈاکٹر فرخ نوید، کمشنر لاہور ڈویژن/ چیئرمین بورڈ زید بن مقصود کی ہدایات پر میٹرک سالانہ امتحان 2025 کو شفاف بنانے کے لیے سیکرٹری لاہور بورڈ رضوان نذیر اور کنٹرولر امتحانات محمد زاہد میاں متحرک، 2025 کے میٹرک سالانہ امتحان کے لیے پہلی بار آٹومیشن سسٹم کے تحت امتحانی عملہ تعینات ہوا جس میں سپرنٹنڈنٹ، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اور نگران عملہ شامل ہیں پہلے کی نسبت 52 نئے امتحانی مراکز شامل ہیں پہلے کی نسبت میٹرک کا امتحان دینے والے 20 ہزار نئے امیدواران میں اضافہ ہوا ہے مجموعی طور پر 5 لاکھ 68 ہزار 854 طلبہ و طالبات سائنس اور جنرل گروپ پرائیویٹ اور ریگولر امتحانات دیں گے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

حکومت پنجاب نے نظام صحت کی بہتری کیلئے نمایاں اقدامات اٹھائے ہیں: سلمان رفیق

وزیراعلیٰ کے ویژن کے مطابق اس ادارے کو کامیاب دیکھنا چاہتے ہیں، میاں شہباز شریف کی قیادت میں پنجاب کا پہلا ریہیب سنٹر مظفر گڑھ میں بنایا گیا تھا

لاہور میں ایشیاء کے سب سے بڑا نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کا کریڈٹ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو جاتا ہے، صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے آج انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں بی ایس آنرز میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی کے پہلے سمیسٹر کے طلباء و طالبات کی تقریب حلف برداری میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری رشدہ لودھی، ڈین آئی پی ایچ پروفیسر سائرہ افضل، پروفیسر مجید چوہدری، پروفیسر شکیلہ زمان، عالمی ادارہ صحت سے ڈاکٹر زبیر، فیکلٹی ممبران اور حلف اٹھانے والے طلباء و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، پارلیمانی سیکرٹری رشدہ لودھی اور پروفیسر مجید چوہدری نے بی ایس ہونرز میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی کے پہلے سمیسٹر کے طلباء و طالبات سے خدمت انسانیت کا حلف لیا۔ ڈین آئی پی ایچ پروفیسر سائرہ افضل نے حلف سے قبل ادارے کی نمایاں کامیابیوں پر مبنی پریزنٹیشن بھی دی۔ صوبائی وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)



ڈیرہ غازی خان میں آر پی او کیپٹن (ر) سجاد حسن خان اور ڈی پی او سید علی خوارجی دہشت گردوں کیخلاف آپریشن کی کمانڈ کر رہے ہیں

پنجاب پولیس کی بڑی کامیابی، خوارجی دہشت گردوں کے مختلف حملے ناکام بنادیئے

خیبر پختونخوا بارڈر پر پولیس ٹیمیں اور تمام چیک پوسٹس پہلے سے ہائی الرٹ ہونے کے باعث حملہ ناکام بنایا گیا، آئی جی پنجاب

حکومت پنجاب کی جانب سے پنجاب خیبر پختونخوا بارڈر پر سرحدی چوکیوں کو جدید ترین اسلحہ فراہم کیا گیا ہے، آر پی او ڈیرہ غازی خان

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس ڈیرہ غازی خان نے بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے خوارجی دہشت گردوں کے مختلف مقامات پر 02 حملے ناکام بنادیئے اور حملہ آور دہشت گرد پسپا ہو کر فرار ہوگئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ سرحدی علاقے مڑھا میں خوارجی دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر سرچ آپریشن کیا گیا۔ پنجاب پولیس ڈی جی خان، بی ٹی ڈی، رینجرز کا پنجاب اور خیبر پختونخوا کے سرحدی علاقہ مڑھا میں دہشت گردوں کے ساتھ شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ خوارجی دہشتگرد بھاری اسلحہ کے ساتھ پولیس ٹیموں پر حملہ آور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

غزہ کی تعمیر نو کا منصوبہ عرب سربراہی اجلاس میں پیش کیا جائے گا، مصر

غیر معمولی سربراہی اجلاس میں اس منصوبے کو پیش کیے جانے کا انتظار کیا جا رہا ہے، وزیر خارجہ

قاہرہ (این این آئی) مصری وزیر خارجہ بدر عبد العاطی نے کہا ہے کہ غزہ کی پٹی کی تعمیر نو کے لیے مجوزہ مصری عرب منصوبہ مکمل ہوگیا ہے لیکن اسے ابھی تک کسی نے نہیں دیکھا ہے، منگل کو قاہرہ میں ہونے والے اپنے غیر معمولی سربراہی اجلاس میں عرب ممالک کے رہنماؤں کے سامنے اس منصوبے کو پیش کیے جانے کا انتظار کیا جا رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عبد العاطی نے یورپی یونین کے کمشنر برائے بحیرہ روم کے امور ڈوبراوکا سویکا کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں مزید کہا کہ سربراہی اجلاس کو کسی بھی غیر ملکی فریق کے سامنے پیش کرنے سے پہلے اس منصوبے کی منظوری دینی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

کراچی، ڈاکوؤں نے دکاندار کو سینے پر گولیاں مار کر قتل کردیا

کراچی (این این آئی) کراچی میں ڈکیتی میں مزاحمت پر مسلح افراد نے دکاندار کو جان سے مار دیا، پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے دو ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق چاکیواڑہ تھانے کی حدود میں فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے جس میں ایک دکاندار کو ڈکیتی میں مزاحمت کرنے پر دکان کے اندر ہی قتل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت 55 سالہ خان محمد کے نام سے ہوئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

رمضان کی پہلی سحری، ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا فیلڈ آپریشن، سحری پوائنٹس کی چیکنگ

معروف ریسٹورنٹ پر فروخت ہونے والے پانی کا سیمپل لیبارٹری ٹیسٹ کے لیے بھجوا دیا گیا، ڈی جی فوڈ اتھارٹی

ماہِ مبارک میں معیاری اشیاء کی فراہمی کے لیے مسلسل چیکنگ کی جا رہی ہے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی



لاہور (خبر نگار) رمضان کی پہلی سحری کے موقع پر ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا فیلڈ آپریشن جاری ہے، علی الصبح سحری پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی، تفصیلات کے مطابق ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے فوڈ سیفٹی ٹیموں کے ہمراہ لکشمی میں کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 18 سحری پوائنٹس کی چیکنگ کی اور 8 پوائنٹس کو 1 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے بتایا معروف ریسٹورنٹ پر فروخت ہونے والے پانی کا سیمپل لیبارٹری ٹیسٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

عمران خان کی سربراہی میں اپوزیشن اتحاد کھڑا ہوگا، فیصل چوہدری

سیاسی اتحاد میں ہمیشہ چند چیزوں پر اتفاق ہوتا ہے، بانی پی ٹی آئی کے متعدد خطوط کے بعد اب ایک آرٹیکل بھی آچکا ہے، وکیل عمران خان

کبھی ملاقات نہیں کرواتے کبھی پولیس ایکشن ہو جاتا ہے، جیل اتھارٹیز کے اس رویے پر عدالت سے رجوع کیا گیا: گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی سربراہی میں اپوزیشن اتحاد کھڑا ہوگا، سیاسی اتحاد میں ہمیشہ چند چیزوں پر اتفاق ہوتا ہے، اس حوالے سے ہم بھی کوشش کر رہے ہیں، ملک میں آئین جمہوریت آزاد عدلیہ کی جدوجہد جاری رہے گی۔ راولپنڈی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل چوہدری نے کہا کہ بانی پی ٹی اور اہلیہ سے ملاقات نہ کروانے سے متعلق درخواست (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

CAPITAL CITY POLICE
LAHORE

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ محکمانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ریپ، زیادتی کے کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے' بلال صدیق کمیانہ

سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈکوارٹرز میں اہم اجلاس

لاہور (این این آئی) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈکوارٹرز میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں محکمہ پولیس کے لئے متعارف کروائی گئی اصلاحات کی روشنی میں محکمانہ کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ سی سی پی او لاہور نے دیرینہ دشمنیوں کے خاتمے کے لئے قانونی اقدامات کی ہدایت جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ تفتیشی افسران اینٹی ریپ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

سرائیکی وسیب سمیت ملک بھر میں سرائیکی اجرک کا دن 6 مارچ کو جوش و خروش سے منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) سرائیکی وسیب سمیت ملک بھر میں سرائیکی اجرک کا دن 6 مارچ کو جوش و خروش سے منایا جائے گا۔ اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ سرائیکی وسیب میں کلچر کے فروغ کے لئے مختلف اوقات، میں مختلف پروگرامز ترتیب دیے جاتے ہیں سرائیکی اجرک ڈے بھی وسیب کے کلچر کے فروغ کیلئے انہی پروگرام کا حصہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

کراچی، پولیس خواتین کی تمیز بھول گئی، دو گھنٹے تک خاتون کو سڑک پر ہراساں کیا گیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے درخشاں میں پولیس کی جانب سے خاتون کو ہراساں کرنے کا واقعہ سامنے آیا ہے جس میں ایس ایچ او شاہد تاج پر عہدے کا غلط استعمال کرنے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ خاتون حوریہ نے دعویٰ کیا کہ وہ 10 بجے کے قریب کلفٹن سے اپنی گاڑی میں گھر جا رہی تھی کہ پولیس نے اس کی گاڑی کو روکا اور پولیس کی گاڑی کو اس کے سامنے لگا دیا۔ حوریہ کے مطابق ایک شخص جو بلیک شلوار قمیض میں ملبوس تھا، گاڑی کے اندر گھس آیا اور بدتمیزی کرنے لگا۔ خاتون (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

والدین کم عمر بچوں کو ڈرائیونگ نہ کرنے دیں، سٹی ٹریفک پولیس فیصل آباد

ریوالونگ لائٹس والی گاڑیوں اور کم عمر ڈرائیورز کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا گیا

مکوآنہ (این این آئی) حکومتی ہدایات کی روشنی میں غیر قانونی سبز نمبر پلیٹس، ریوالونگ لائٹس والی گاڑیوں اور کم عمر ڈرائیورز کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ تمام ٹرانسپورٹ و گاڑی مالکان اور شہریوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی پرائیویٹ گاڑیوں پر لگائی گئی سبز نمبر پلیٹیں اور ریوالونگ لائٹس فوری طور پر اتار دیں بصورت دیگر ان کے خلاف کارروائی کی جائیگی اور مقدمات کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

کمشنر کراچی نے دو ماہ کے لیے پولیس کو دفعہ 144 کے تحت ایف آئی آر درج کرنے کے اختیارات دے دیئے

کراچی (این این آئی) کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے دو ماہ کے لیے بڑی پابندی لگا دی اور پولیس کو دفعہ 144 کے تحت ایف آئی آر درج کرنے کے اختیارات دے دیئے۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے ضلع کیماڑی میں ملبہ پھینکنے اور مینگروز کے درخت کاٹنے پر پابندی لگا دی۔ پابندی کا اطلاق دو ماہ کے لیے ہوگا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

رمضان المبارک میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے اوقاتِ کار

رمضان میں دفتری اوقات پیر تا جمعرات 9 سے 3 بجے تک ہوں گے' اعلامیہ جاری

کراچی (این این آئی) رمضان المبارک میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے دفتری اور کاروباری اوقاتِ کار جاری کر دیے گئے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے رمضان میں دفتری اوقات پیر تا جمعرات 9 سے 3 بجے تک ہوں گے۔ اعلامیے کے مطابق پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رمضان کے کاروباری اوقات 9:17 سے 1:30 تک ہوں گے۔ رمضان المبارک میں اسٹاک ایکسچینج میں جمعے کو دفتری اوقات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

SR. V. PRESIDENT
PRESIDENT
VICE PRESIDENT

لاہور: صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد دیگر کے ہمراہ ڈائریکٹر جنرل ویلیوایشن سید حامد علی کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

صوبہ بھر میں غیر قانونی بلڈ بنکس کیخلاف سخت ایکشن لیا جائیگا: خواجہ سلمان رفیق

صوبائی وزیر صحت کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی میں اہم اجلاس منعقد

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر محمد وسیم، ڈپٹی سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر عبدالرحمٰن، ڈی جی تھیلیسیمیاء پری وینشن پروگرام ڈاکٹر یاسمین احسان اور سربراہ انسٹی ٹیوٹ آف بلڈ ٹرانسفیوژن سروسز پروفیسر شبنم بشیر نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس کے دوران پنجاب تھیلیسیمیاء پری وینشن پروگرام اور انسٹی ٹیوٹ آف بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی کے تحت بلڈ بینکس کی لائسنسنگ کا جائزہ لیا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

سیاسی جماعتوں کے درمیان اتحاد وقت کی ضرورت ہے

سیاسی جماعتوں کا بنیادی مقصد قوم کی خدمت ہونا چاہیے، شذرا منصب علی خان

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نئی وزیر مملکت اور رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر شذرا منصب علی خان کھرل نے قوم کو رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے موقع پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں کے درمیان اتحاد کی ضرورت ہے۔ نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں کے درمیان اتحاد کی ضرورت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

رمضان المبارک تمام مہینوں کا سردار ہے، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

اس ماہ مبارکہ میں ہمیں اپنے گناہوں کی مغفرت کیلئے کوششیں کر کے اللہ تعالیٰ کا مقبول بندہ بننا ہوگا

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے سینئر رہنما صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے کہا ہے کہ رمضان المبارک تمام مہینوں کا سردار ہے اسی ماہ مبارکہ میں مسلمانوں کو قرآن کریم جیسی لازوال تعلیمات پر مبنی کتاب نصیب ہوئی رمضان المبارک کے بے شمار فضائل ہیں اس ماہ مبارکہ میں ہمیں اپنے گناہوں کی مغفرت کیلئے کوششیں کر کے اللہ تعالیٰ کا مقبول بندہ بننا ہوگا تاکہ دنیا و آخرت کی برکتوں اور نعمتوں کا حقدار بنا جاسکے، انہوں نے امت مسلمہ کو رمضان المبارک کی آمد پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ رمضان کا مہینہ عبادات، ریاضت اور اللہ کی بارگاہ میں خشوع و خضوع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

کوئٹہ: بی این پی کے زیر اہتمام پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

سانگلہ ہل کی ترقی کے مخالفین کو منہ توڑ جواب دیں گے، چودھری عمران بوبک

چودھری طارق محمود باجوہ جہد مسلسل کا نام ہے، سیاسی کھیل میں اب انہیں ہرایا نہیں جاسکتا، میڈیا سے گفتگو

ننکانہ صاحب (این این آئی) بلدیہ سانگلہ ہل کے سابق کونسلر چودھری عمران بوبک نے رشید جلاندرن پارک سانگلہ ہل میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی کھیل کے میدان میں چودھری طارق محمود باجوہ کو اب کوئی شکست نہیں دے سکتا انہوں نے جس انداز سے اپنی سیاست کا آغاز کیا ہے وہ ہر کسی کے بس کی بات نہیں جو شخص بھی ان کے قریب آتا ہے وہ ان کا گرویدہ ہو جاتا ہے جس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ وہ اپنے ساتھیوں سے جنون کی حد تک مخلص ہیں انہیں اپنے علاقے کو نکھارنے اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

تعلیم کسی بھی قوم یا معاشرے کے لئے ترقی کی ضامن ہے، چوہدری برجیس طاہر

اخلاقی تعلیم کی وجہ سے صالح اور نیک معاشرہ کی تشکیل ہوتی ہے، گفتگو

ننکانہ صاحب (این این آئی) تعلیم و تربیت کے بغیر امن کا خواب ناقابل تسخیر ہے، تعلیم یافتہ اور ان پڑھ کی تنقید میں واضح فرق ہوتا ہے۔ سابق گورنر و وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت بلتستان چوہدری برجیس طاہر نے کہا کہ تعلیم کے بغیر انسان ترقی نہیں کر سکتا۔ انسانی ترقی کا خواب تعلیم و تربیت کے بغیر ادھورا ہے۔ تعلیم یافتہ اور غیر تعلیم یافتہ شخص کی گفتگو میں ہی واضح فرق ہوتا ہے۔ تعلیم سب کے لئے ضروری ہے انسان اور حیوان میں فرق تعلیم ہی کی بدولت ہے، تعلیم کسی بھی قوم یا معاشرے کیلئے ترقی کی ضامن ہے یہی تعلیم قوموں کی ترقی اور زوال کی وجہ بنتی ہے تعلیم حاصل کرنے کا مطلب صرف سکول، کالج یونیورسٹی سے کوئی ڈگری لینا نہیں، ڈگری تو جعلی بھی ہوتی ہے، تعلیم ہمیں تمیز اور تہذیب سکھاتی ہے تاکہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

موٹروے پولیس کا اوور سپیڈنگ گاڑیوں کیخلاف مہم کا آغاز، مقدمہ درج ہوگا

120 سے زائد پر جرمانہ، 150 کلومیٹر سے زائد کی صورت میں ایف آئی آر کا اندراج ہوگا، عثمان شبیر

ننکانہ صاحب (این این آئی) موٹروے پولیس نے اوور سپیڈنگ گاڑیوں کے خلاف مہم کا آغاز کر دیا، 120 سے زائد پر جرمانہ، رفتار 150 کلومیٹر سے زائد کی صورت میں گاڑی بند اور ڈرائیور پر ایف آئی آر کا اندراج ہوگا، ترجمان موٹروے M4 محمد عثمان شبیر نے میڈیا کو بتایا کہ اوور سپیڈنگ کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، موٹروے پر کار کی حد رفتار 120 جبکہ بسوں اور دوسری PSV گاڑیوں کی حد رفتار 110 کلومیٹر ہے، خلاف ورزی پر سخت کارروائی عمل میں لائی جائیگی، زائد رفتار کیخلاف مہم کا مقصد حادثات کو کم کرنا اور قیمتی انسانی جانوں کی حفاظت کرنا ہے، اس سلسلے میں موٹر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

رائے ونڈ: رفاہی تنظیم کی جانب سے مستحق خواتین میں راشن تقسیم کیا جا رہا ہے

کراچی ایئرپورٹ سے 2 ماہ میں 2339 مسافر آف لوڈ

یومیہ 39 افراد آف لوڈ ہوئے، ڈی پورٹ پاکستانی کی یومیہ اوسط 57 تک جا پہنچی، امیگریشن ذرائع

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ سے سال 2025 کے پہلے 2 ماہ جنوری اور فروری میں مختلف وجوہات کی بنا پر پروازوں سے آف لوڈ مسافروں کی تعداد 2339 ہوگئی جبکہ ان 59 دنوں میں مختلف ملکوں سے 3363 پاکستانی ڈی پورٹ کر کے کراچی پہنچائے گئے۔ امیگریشن ذرائع کے مطابق حالیہ 2 ماہ میں اوسطاً 39 مسافر یومیہ آف لوڈ کیے گئے جبکہ ان دنوں میں مختلف ملکوں سے اوسط کے حساب یومیہ 57 پاکستانی بے دخل کیے گئے۔ یہ دونوں تناسب ماضی کے حساب سے بہت زیادہ ہے۔ ذرائع کے مطابق سال 2023 میں 3991 پاکستانی کراچی ایئرپورٹ سے آف لوڈ کیے گئے۔ 2024 میں یہ تعداد 5016 تھی۔ اسی طرح 2023 میں 15503 پاکستانی مختلف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

عیدالفطر پیر 31 مارچ کو منائی جائیگی، رویت ہلال ریسرچ کونسل

اتوار 30 مارچ کی شام چاند کی رویت بآسانی ہو جائے گی، خالد اعجاز مفتی

کراچی (این این آئی) روزوں کے بعد عید الفطر پیر 31 مارچ 2025 کو منائی جائے گی اتوار 30 مارچ 2025 کی شام پاکستان کے جس علاقے میں بھی مطلع صاف ہوا وہاں چاند کی رویت بآسانی ہو جائے گی رویت ہلال ریسرچ کونسل کے سیکرٹری جنرل خالد اعجاز مفتی کے مطابق نیا چاند 29 مارچ 2025 کو پاکستان وقت کے مطابق دوپہر تین بج کے 58 منٹ پر پیدا ہوگا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

لاہور: میٹرک کے سالانہ امتحانات کا (آج) سے آغاز

پہلے روز دونوں شفٹوں میں مجموعی طور پر 5 مضامین کے امتحانات ہوں گے

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کے تعلیمی بورڈز کے تحت میٹرک کے سالانہ امتحانات کا آغاز آج (منگل) سے ہوگا۔ لاہور بورڈ میں پہلے روز دونوں شفٹوں میں مجموعی طور پر 5 مضامین کے امتحانات ہوں گے، مارننگ شفٹ میں عربی، جغرافیہ مضامین کا امتحان ہوگا۔ دوسری شفٹ میں آرٹ اینڈ ماڈل ڈرائنگ، ووڈ ورکنگ اور تاریخ مضامین کے امتحانات ہوں گے لاہور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں بی ایس ہونرز میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی کے پہلے سمیسٹر کے طلباء طالبات سے خدمت انسانیت کا حلف لے رہے ہیں

پنجاب پولیس اپنے ملازمین کے قوت سماعت سے محروم بچوں کی بحالی کیلئے مصروف عمل

آئی جی پنجاب نے اب تک 33 بچوں کی کوکلیئر امپلانٹ سرجری کیلئے 05 کروڑ 84 لاکھ 40 ہزار روپے فنڈز جاری کیے، ترجمان

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) قوت سماعت کا عالمی دن، انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین کے قوت سماعت سے محروم بچوں کی بحالی کیلئے مصروف عمل ہیں اور قوت سماعت کی بحالی کے لئے کوکلیئر امپلانٹ سرجری پر فی بچہ 16 لاکھ روپے سے زائد رقم خرچ کر رہے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ اب تک 33 بچوں کی کوکلیئر امپلانٹ سرجری کیلئے فنڈز جاری کیے گئے ہیں۔ کوکلیئر امپلانٹ سرجری کیلئے اب تک 05 کروڑ 84 لاکھ 40 ہزار روپے پولیس ملازمین کو دیئے جاچکے ہیں۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پولیس ملازمین کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

پنجاب پولیس نے اپنے ملازمین کے قوت سماعت سے محروم بچوں کی کوکلیئر امپلانٹ سرجری کیلئے اب تک 05 کروڑ 84 لاکھ 40 ہزار روپے فنڈ جاری کیے

ڈپٹی کمشنر ننکانہ کا صحافی برادری کے ہمراہ سستے رمضان سہولت بازار کا دورہ

ننکانہ صاحب (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کا صحافی برادری کے ہمراہ سستے رمضان سہولت بازار کا دورہ، ڈی سی نے رمضان بازار میں اشیاء کی کوالٹی، قیمتوں سمیت دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ دوران وزٹ اسسٹنٹ کمشنر وجیہہ ثمرین سمیت دیگر ضلعی افسران بھی ڈی سی کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

کھوئی رٹہ میں رمضان المبارک کے آتے ہی منافع خوروں کی چاندی

چیک اینڈ بیلنس کا کوئی نظام نہیں کھوئی رٹہ کے عوام بے رحم منافع خوروں کے ہاتھوں لٹنے پر مجبور

دھناں (این این آئی) کھوئی رٹہ میں رمضان المبارک کے آتے ہی منافع خوروں کی چاندی اشیائے خورد و نوش کے منہ مانگے دام وصول کرنے لگے تحصیل انتظامیہ صرف میٹنگز اور ریٹ لسٹ جاری کرنے کی حد تک محدود شکایت سیل میں عوام کس سے شکایت کریں موقع پر کارروائی کون کرے گا چیک اینڈ بیلنس کا کوئی نظام نہیں کھوئی رٹہ کے عوام بے رحم منافع خوروں کے ہاتھوں لٹنے پر مجبور کسی مسیحا کے منتظر عوامی حلقوں کا ڈپٹی کمشنر کوٹلی سے منافع خور تاجروں کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ یکم رمضان سے ہی اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے۔

ملک کو درپیش مسائل کا حل سیاست میں ہے، تمام جماعتوں کو سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا، فاروق ستار

ہم اور آفاق احمد کئی چیزوں پر ایک ساتھ بات کر رہے ہیں، اگر کراچی چلتا ہے تو اسلام آباد اور راولپنڈی بھی چلتا ہے

تیل، بجلی اور گیس کی قیمتیں ساتویں آسمان سے بھی اوپر جاچکی ہیں، جس کا براہ راست اثر عام عوام پر پڑ رہا ہے: سینئر رہنما ایم کیو ایم پاکستان

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے سینئر رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش مسائل کا حل سیاست میں ہے، اور تمام جماعتوں کو سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا۔ خصوصی گفتگو میں ملک کی موجودہ معاشی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تیل، بجلی اور گیس کی قیمتیں ساتویں آسمان سے بھی اوپر جاچکی ہیں، جس کا براہ راست اثر عام عوام پر پڑ رہا ہے۔ فاروق ستار نے کہا کہ کچھ لوگ سمجھ رہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

لاہور: ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر اقبال چوہدری نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی وزیر جیل خانہ جات کا سینٹرل جیل کراچی کا سرپرائز وزٹ

صوبائی وزیر نے جیل کے اسپتال کا بھی معائنہ کیا اور قیدی مریضوں کی عیادت کی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر ورکس اینڈ سروسز و جیل خانہ جات سندھ، علی حسن زرداری نے سینٹرل جیل کراچی کا اچانک سرپرائز وزٹ کیا۔ اس دوران انہوں نے بچہ جیل اور ویمن جیل کا بھی معائنہ کیا۔ صوبائی وزیر نے جیل کے کچن کا معائنہ کیا اور قیدیوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

شاہ زین مری کا شہری پر تشدد، فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے آئی جی سندھ کو خط

کراچی (این این آئی) بوٹ بیسن پر شاہ زین مری کی جانب سے سیکیورٹی گارڈز کے ہمراہ شہری پر تشدد کے بعد ملزمان کی گرفتاری کیلئے آئی جی سندھ کو خط لکھ دیا گیا۔ ڈی آئی جی ساؤتھ نے فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے آئی جی سندھ کو خط لکھا ہے، خط میں بوٹ بیسن واقعے اور اس کے نتیجے میں درج مقدمے کا ذکر شامل ہے، آئی جی سندھ سے ملزمان کی گرفتاری کیلئے بلوچستان حکومت سے رابطے کی درخواست کی گئی ہے۔ برکت علی سومرو نے 19 فروری کو شاہ زین مری اور دیگر ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کرایا تھا، خط میں بتایا گیا کہ بوٹ بیسن واقعے کے مقدمے میں نامزد 5 سیکیورٹی گارڈز کو گرفتار کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

رمضان میں غریبوں، یتیموں کا خاص خیال رکھنا چاہیے' جے یو آئی

صاحب ثروت افراد اپنے آس پاس نظر دوڑائیں اور ضرورت مندوں کی بھرپور مدد کریں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

کراچی: گورنر ہاؤس میں گرینڈ افطار کے بعد ہونیوالے لکی ڈرا 120 گز پلاٹ کیلئے خوش نصیب کا نام پکارا جا رہا ہے

لاہور' خاتون کے ہاتھوں سوتن قتل، لاش بوری میں بند کر کے چھت پر چھپا دی

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے لیاقت آباد میں خاتون نے سوتن کو قتل کر کے اس کی لاش بوری میں بند کر کے چھت پر چھپا دی۔ رپورٹ کے مطابق پولیس نے بتایا کہ ملزمہ سعدیہ نے سوتن کے ساتھ جھگڑے کے دوران سر پر بیلن مار دیا، مقتولہ کی لاش بوری میں بند کر کے چھت پر چھپا دی۔ پولیس کے مطابق 5 دن بعد تعفن پھیلا تو مقامی افراد نے پولیس کو اطلاع کی، ملزمہ سعدیہ کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

پاکستان میں افغانستان سے دراندازی جاری، ایک اور افغان دہشتگرد کی شناخت

ہلاک افغان دہشت گرد کی شناخت مجیب الرحمان عرف منصور ولد مرزا خان کے نام سے ہوئی، میدان وردک کا رہائشی ہے

افغانستان کی سرزمین دہشت گردوں کیلئے جنت بن چکی ہے، جہاں سے یہ اپنی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں افغانستان سے دراندازی کا سلسلہ تواتر سے جاری ہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں افغان دہشت گردوں کے ملوث ہونے میں بتدریج اضافہ سامنے آ رہا ہے، افغانستان کی سرزمین دہشت گردوں کیلئے جنت بن چکی ہے، جہاں سے یہ اپنی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ایک اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

نارووال: پینٹر سپورٹس جمنیزیم کی بیرونی دیوار پر خوبصورت پینٹنگز بنا رہا ہے

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور